www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | منگل 23 جمادی الثانی 1447ھ 16 دسمبر 2025ء | صفحات 08 | شمارہ 162

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL:081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

پنجگور میں ڈاکوؤں نے 3 بینک لوٹ لئے، فائرنگ کا تبادلہ، 2 افراد شہید، 3 پولیس اہلکار زخمی

وزیراعلیٰ بلوچستان کی واقعہ کی شدید مذمت

مسلح افراد کی تعداد ایک درجن سے زیادہ تھی جو گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں پر آئے، 15 کروڑ سے زائد رقم لوٹ کر فرار، دونوں طرف سے شدید فائرنگ، پولیس اہلکار سمیت دو افراد شہید ہوئے

پنجگور، چتکان اور دیگر علاقوں میں سرچ آپریشن جاری، کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی، شہداء میں سی ٹی ڈی اہلکار رودا نعیم، شہری امان اللہ، زخمیوں میں اہلکار شاکر، ندیم اور شعیب شامل

ریاست پوری قوت، عزم اور یکسوئی کے ساتھ ملک دشمن اور قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے گی، حکومت عوام کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنائے گی، میر سرفراز بگٹی

شہداء و بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا قوم ان کے خون کی مقروض ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان کی بروقت کارروائی پر سیکورٹی اہلکاروں کو شاباش، شہداء کیلئے دعا

کوئٹہ، پنجگور (سٹی رپورٹر، این این آئی) پنجگور چتکان بازار میں ڈکیتی کی خونی واردات مسلح افراد تین جڑواں بنکوں سے کروڑوں روپے لوٹ کر لے گئے بنکوں کی طرف سے پولیس کو دی گئی رپورٹ کے مطابق میزان بنک سے 8 کروڑ 65 لاکھ، حبیب بنک سے دو کروڑ 72 لاکھ روپے، ایم سی بی سے 48216447 روپے شامل ہیں واردات کے دوران مسلح افراد کے ساتھ مقابلے میں ایک پولیس اہلکار سمیت دو افراد شہید ہوگئے مسلح افراد اور پولیس سیکورٹی فورسز کے درمیان مقابلہ ایک گھنٹے تک جاری رہا مقابلے کے........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پنجگور میں بینکوں اور املاک پر ہونے والے مسلح حملوں کے واقعات پر سی ٹی ڈی اور پولیس کے بروقت، پیشہ ورانہ اور جرات مندانہ ریسپانس کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ سیکورٹی فورسز کی فوری اور موثر کارروائی نے ممکنہ طور پر کہیں بڑے جانی و مالی نقصان کو روک لیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ سی ٹی ڈی اور پولیس کے جوانوں نے غیر معمولی بہادری، جانفشانی اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جو پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے۔ انہوں نے کارروائی........ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کی ورزش کی وائرل تصویر اصلی ہے، علیمہ

بانی پی ٹی آئی 2 چیزیں کبھی نہیں چھوڑتے ایک اللہ اور دوسری ورزش

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان نے گزشتہ دنوں سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی عمران خان کی تصویر کو اصلی قرار دے دیا انسداد دہشت گردی کی عدالت راولپنڈی میں پیشی کے بعد میڈیا ٹاک کرتے ہوئے علیمہ خان کا کہنا تھا جو بھی جج انصاف، آئین اور........ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

شرح سود میں کمی سے چھوٹے و درمیانے کاروبار کو فروغ ملے گا، وزیراعظم

ملک میں معاشی استحکام ہے اور پاکستان ترقی کی سمت میں گامزن ہے معاشی استحکام کیلئے کاروباری برادری اور عوام نے قربانیاں دیں

وزیر خزانہ اورنگزیب، وزیر مملکت بلال اظہر سیکرٹری خزانہ اور ان کی ٹیم پاکستان کی معاشی ترقی کیلئے کوششوں پر لائق تحسین ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اسٹیٹ بینک کی جانب سے شرح سود میں 50 بیسس پوائنٹس میں کمی پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے اسے کاروباری برادری اور عام آدمی کی بہتری کا پیش خیمہ قرار دیدیا۔ اپنے بیان میں وزیراعظم نے کہا ہے کہ اللہ کے فضل و کرم سے حکومتی معاشی ٹیم کی محنت رنگ لا رہی ہے، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی اور سیکریٹری........ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

سرائے عالمگیر، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اینکر پرسن رجہ مطلوب طاہر کی نماز جنازہ میں شریک ہیں

دہشتگردی کیخلاف عزم غیر متزلزل، پاکستان دشمنوں کو کامیاب نہیں ہونے دیگا، صدر مملکت

جو ریاست کیخلاف ہتھیار اٹھائیں یا ہمارے بچوں کو نشانہ بنائیں، ان سے کسی قسم کے مذاکرات، مفاہمت اور مصالحت نہیں ہو

ہمارے ملک کو عدم استحکام کا شکار کرنے کی سرگرمیوں میں بھارت کے ملوث ہونے کے واضح اور دستاویزی شواہد موجود ہیں، آصف زرداری

پاکستان اپنے عوام کا پوری قوت سے دفاع کرے گا، اے پی ایس کے شہداء کی یاد ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہے، 11 ویں برسی پر بیان

اسلام آباد (شاکر رحمان) صدر مملکت آصف علی زرداری نے آرمی پبلک اسکول پشاور پر حملے کی 11 ویں برسی کے موقع پر کہا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے، دہشت گردوں اور ان کے حامیوں، مالی مدد کرنے والوں........ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

جھل مگسی، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو وفاقی وزیر میر خالد خان مگسی یادگاری شیلڈ پیش کررہے ہیں

آئی ایم ایف نے پیٹرولیم مصنوعات پر سیلز ٹیکس کی شرط عائد کردی، پاکستان میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری سے ملکی ریفائنریز کو اپ گریڈ کرنے کا منصوبہ کھٹائی میں پڑنے کا خدشہ

ریئل اسٹیٹ، زراعت اور ریٹیل سیکٹر کو ٹیکس نیٹ میں لانے کا فیصلہ

ٹیکس ٹو جی ڈی پی کا ہدف 11 فیصد مقرر

گزشتہ 18 ماہ کے دوران پاکستان ایک جامع معاشی استحکام کے پروگرام پر عمل پیرا رہا ہے، جس کے مثبت اور قابل پیمائش نتائج سامنے آئے ہیں، افراط زر کم ہو کر سنگل ڈیجٹ میں آگیا

اصلاحاتی پروگرام کے آغاز پر پاکستان کا ٹیکس ٹو جی ڈی پی تناسب 8.8 فیصد تھا جو گزشتہ مالی سال کے دوران بڑھ کر 10.3 فیصد ہو گیا اسے 11 فیصد تک لے جانے کا واضح لائحہ عمل موجود ہے

رواں سال تینوں عالمی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں نے پاکستان کی ریٹنگ اور آؤٹ لک کو اپ گریڈ کیا ہے، یہ پیش رفت پاکستان کی معاشی پالیسیوں پر عالمی اعتماد کی عکاس ہے، وفاقی وزیر خزانہ

آئی ایم ایف کا سیلز ٹیکس کا مطالبہ مان لیا جائے تو پیٹرول کی قیمت میں 18 فیصد ٹیکس سے ساڑھے 47 روپے اور ڈیزل کے نرخ میں 50 روپے فی لیٹر سے زائد اضافہ کرنا پڑ سکتا ہے، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ٹیکس ٹو جی ڈی پی کی شرح........ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری سے ملکی ریفائنریز کو اپ گریڈ کرنے کا منصوبہ........ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

ایف آئی اے نے 30 مفرور انسانی اسمگلروں کے ریڈ وارنٹ جاری کردیئے

اسمگلرز دبئی، لیبیا، مصر اور قطر میں نیٹ ورک چلا رہے تھے، ریڈ وارنٹ ایف آئی اے کے کہنے پر جاری کیے

اسمگلنگ روکنے کیلئے ایف آئی اے نے 3 ممالک میں لنک دفاتر بنادیے، مسقط، تہران اور ایتھنز میں لنک دفاتر قائم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) مفرور انسانی اسمگلروں کیخلاف ایف آئی اے نے بڑا فیصلہ کرتے ہوئے انٹرپول کے ذریعے پاکستان کے 30 انسانی اسمگلرز کے ریڈ وارنٹ جاری کروا دیے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حکام نے کہا کہ ریڈ وارنٹ ایف آئی اے........ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

پی آئی اے کی نجکاری کیخلاف 23 دسمبر کو ملک بھر میں احتجاج کا اعلان

نجکاری کے حوالے سے پارلیمنٹ سے کوئی اجازت حاصل نہیں کی گئی، چوہدری

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پیپلز پارٹی لیبر ڈویژن نے 23 دسمبر کو ملک بھر میں پی آئی اے کی نجکاری کے خلاف احتجاج کا اعلان کر دیا، تفصیلات کے مطابق پیپلز........ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

قرآن پر ہاتھ رکھ کر کہتا ہوں میری ڈگری اصلی ہے، جسٹس جہانگیری

چیف جسٹس کے بینچ میں بیٹھنے پر اعتراض، کیس دوسرے بینچ کو منتقل کرنے کا مطالبہ

عدالت کی جسٹس طارق جہانگیری کو پٹیشن اور تمام متعلقہ دستاویزات فراہم کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس طارق جہانگیری نے ڈگری تنازع کیس میں چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ سرفراز ڈوگر کے بینچ پر عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کیس دوسرے بینچ کو منتقل کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ پیر کو جسٹس طارق جہانگیری کے ڈگری سے متعلق تنازع کے کیس کی سماعت چیف جسٹس سرفراز ڈوگر........ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی آئی خان میں فورسز کا آپریشن، 7 خوارج ہلاک، جوان شہید

کلاچی میں بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج کی موجودگی کی اطلاع پر آپریشن کیا گیا، نائیک یاسر خان نے جام شہادت نوش کیا

مارے گئے دہشتگردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد، ہلاک خوارج متعدد دہشت گردانہ سرگرمیوں میں ملوث تھے

سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی انسداد دہشت گردی مہم پوری قوت سے جاری رہے گی، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سیکورٹی فورسز کی جانب سے ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے کلاچی میں خفیہ اطلاعات پر کیے گئے آپریشن میں 7 خوارج مارے گئے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق کلاچی میں بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج کی موجودگی کی اطلاع........ بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

اسٹیٹ بینک نے مانیٹری پالیسی کا اعلان کردیا، شرح سود میں کمی

زری پالیسی کمیٹی نے اپنے اجلاس میں پالیسی ریٹ 50 بی پی ایس کم کرنے کا فیصلہ کیا جس کا اطلاق 16 دسمبر سے ہوگا

اقتصادی سرگرمیوں میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے جس کا سبب بلند تعداد کے اہم اظہاریوں میں زبردست بہتری ہے، اسٹیٹ بینک

کراچی (بیورو رپورٹ) اسٹیٹ بینک نے مانیٹری پالیسی کا اعلان کرتے ہوئے شرح سود میں کمی کردی۔ زری پالیسی کمیٹی نے اپنے اجلاس میں پالیسی ریٹ 50 بی پی ایس کم کرنے کا فیصلہ کیا جس کا اطلاق 16 دسمبر 2025 سے ہوگا۔ کمیٹی نے محسوس کیا کہ مہنگائی جولائی تا نومبر مالی سال 26 کے دوران ہدف........ بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

جرمنی کا افغان پناہ گزین پروگرام فوری ختم کرنے کا اعلان

640 افغان پناہ گزینوں کو ملک میں داخلے کی اجازت دینے سے انکار کر دیا

برلن (م ڈ) جرمنی کی حکومت نے افغان پناہ گزین پروگرام فوری ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق جرمنی نے فیصلہ افغان مہاجرین کے جرائم........ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا میر چنگیز جمالی کیساتھ ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج (منگل) کو سہ پہر تین بجے ہوگا اجلاس میں رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن گوادر میں پانی کے بحران کے مستقل حل کیلئے اقدامات اٹھانے، جمعیت علماء اسلام...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

ایف بی آر کا ٹیکس نیٹ میں اضافے کے لیے مثبت اقدام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایف بی آر کا ٹیکس نیٹ میں اضافے کے لیے مثبت اقدام، سیلز ٹیکس میں غیر رجسٹرڈ تاجروں کے ساتھ کاروبار کے لیے ان کی شناخت ظاہر کرنا ضروری ہوگا۔ ایف بی آر کے مطابق انوائس کے..... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان سے سونے و تانبے کی کارگو سروس کیلئے معاہدہ

پورٹ قاسم اتھارٹی اور ریکوڈک مائننگ کمپنی سہولیات کی فراہمی پر متفق

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان انٹرنیشنل بلک ٹرمینل (پی آئی بی ٹی) نے اپنے کاروباری دائرہ کار میں نمایاں توسیع کرتے ہوئے پورٹ قاسم اتھارٹی اور ریکوڈک........ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

سڈنی بیچ فائرنگ؛ ٹرمپ سمیت عالمی رہنما مسلم ہیرو کی بہادری سے متاثر

احمد الاحمد نے حملہ آور سے بندوق چھین کر کئی انسانی جانوں کو بچایا، امریکی صدر

سڈنی (م ڈ) آسٹریلیا کے سڈنی کے مشہور ساحل بونڈی بیچ پر یہودی تہوار کے دوران ہونے والی ہولناک فائرنگ کے واقعے میں جہاں 16 لوگ ہلاک اور متعد...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

پریمیئر نیو ساؤتھ ویلز احمد الاحمد کی عیادت کرنے اسپتال پہنچ گئے

احمد ایک حقیقی زندگی کا ہیرو ہے، جس نے بے شمار جانیں بچائیں، کرس منز

سڈنی (م ڈ) آسٹریلیا کی ریاست نیو ساؤتھ ویلز کے پریمیئر کرس منز احمد الاحمد کی عیادت کے لیے اسپتال پہنچ گئے...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

بنگلہ دیش میں ریاست مخالف سرگرمیوں کے الزام میں صحافی گرفتار

ڈھاکا (م ڈ) بنگلا دیش میں ریاست مخالف سرگرمیوں کے الزام میں سینئر صحافی انیس عالمگیر کو گرفتار کرلیا گیا۔ خبر رساں ایجنسی کے مطابق بنگلا دیشی پولیس نے پیر کو بتایا کہ انہوں نے سینئر صحافی انیس عالمگیر کو مبینہ طور پر ریاست مخالف سرگرمیوں کے الزام میں گرفتار کیا ہے۔ صحافی پر سابق وزیراعظم..... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کی سرائے عالمگیر میں سینئر صحافی رجہ مطلوب نماز جنازہ میں شرکت

خدمات پر خراج تحسین، مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا

رجہ مطلوب طاہر نے عوامی مسائل کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا، میر سرفراز بگٹی

سرائے عالمگیر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پیر کے روز معروف اینکر پرسن اور سینئر صحافی رجہ مطلوب طاہر کی نماز جنازہ میں شرکت کی اور مرحوم کے اہل خانہ سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے رجہ مطلوب طاہر کی صحافتی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم ایک بااصول، نڈر اور اعلیٰ پیشہ...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران سے مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں

قاضی فائز عیسیٰ کے قتل پر اکسانے کا مقدمہ، پیر ظہیر الحسن شاہ کو 14 سال سزا کا حکم

ملزم پر اشتعال انگیزی، ایک کروڑ کے انعام کا اعلان، کارکنوں کو سابق چیف جسٹس کے قتل پر اکسانے کے الزامات تھے

15 گواہان نے شہادت ریکارڈ کروائی، عدالت نے سزا کا فیصلہ سنانے کے بعد پیر ظہیر الحسن شاہ کو جیل منتقل کرنے کا حکم دیا

لاہور (م ڈ) انسداد دہشت گردی عدالت نے سابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے قتل پر اکسانے کے مقدمے میں پیر ظہیر الحسن شاہ کو چودہ سال چھ ماہ قید کی سزا کا حکم سنا دیا۔ نیوز کے مطابق دوران ٹرائل مقدمہ کے 15 گواہان نے شہادت ریکارڈ کروائی، عدالت نے سزا کا فیصلہ سنانے کے بعد پیر ظہیر الحسن شاہ کو جیل منتقل کرنے کا حکم دیا۔ پیر ظہیر الحسن شاہ کے خلاف تھانہ قلعہ گجر سنگھ میں مقدمہ درج ہوا........ بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

پولٹری ایسوسی ایشن پر 2.5 کروڑ کا جرمانہ عائد

مرغی کی قیمتیں بڑھانے کیلئے کارٹیل بنانے کا الزام ثابت

لاہور (م ڈ) پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن پر قیمتیں بڑھانے کے لیے کارٹیل بنا کر کا الزام ثابت ہوگیا۔ مسابقتی کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) کی جانب........ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کے ورکرز مایوس ہو چکے، احتجاج کی کال پر بھی نہیں نکلتے، عطاء تارڑ

عمران خان کا ناشتہ غریب کے چار دن کے کھانے کے برابر ہے، جیل میں ٹریڈمل دستیاب ہے، وہ ڈیڑھ گھنٹہ سائیکلنگ کرتے ہیں

نواز شریف جیل میں تھے تو ان کے وکلا نے کبھی سیاسی بات نہیں کی، وہ صرف کیسز پر توجہ دیتے تھے، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کا کہنا ہے کہ عمران خان کا ناشتہ غریب کے چار دن کے کھانے کے برابر ہے۔ پروگرام آج شاہزیب خانزادہ کیساتھ میں گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ جیل میں بانی پی ٹی آئی کو ٹریڈمل دستیاب ہے، وہ ڈیڑھ گھنٹہ سائیکلنگ کرتے........ بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

علیمہ خان کی ضمانت بحال، وارنٹ گرفتاری منسوخ

عدالت نے فرد جرم کی کارروائی کو چیلنج کرنے کی درخواست بھی خارج کردی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت نے 26 نومبر احتجاج کیس میں علیمہ خان کی درخواست ضمانت........ بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

پتنگ بازی کیلئے نئے قانون کی منظوری دے دی گئی

غیر قانونی مانجھا استعمال کرنے پر سات سال قید، بھاری جرمانہ عائد ہوگا

لاہور (م ڈ) پنجاب کابینہ نے پتنگ بازی کے لیے .... بنائے گئے........ بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کی آج اڈیالہ جیل پہنچنے کی کال، پرتشدد احتجاج کی اجازت نہیں دینگے، حکومت پنجاب

عمران خان سے ملاقات ہونے تک وہیں موجود رہا جائے، تحریک انصاف کا ارکان اسمبلی، رہنماؤں اور کارکنوں کو پیغام

سزائیں تو ہوں گی لیکن ساتھ ہی نقصان بھی بھرنا ہوگا، پولیس آرڈر (دوسری ترمیم) ایکٹ 2025، پنجاب اسمبلی میں پیش

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) عمران خان سے ملاقات کے معاملے میں تحریک انصاف پنجاب نے (آج) منگل کو اڈیالہ جیل کے باہر پہنچنے کی کال دے دی۔ رپورٹ کے مطابق پی ٹی آئی پنجاب کے تمام ارکان قومی اسمبلی، رکن پنجاب اسمبلی ٹکٹ ہولڈرز اور تنظیمی عہدے داران کو (آج) منگل کو دو بجے اڈیالہ........ بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

برطانوی خفیہ ادارے کی سربراہ کا افسران کو کوڈنگ سیکھنے پر زور

اب جنگیں سائبر حملوں، تخریب کاری کی صورت میں موجود ہیں، بلیز میٹروِلی

لندن (م ڈ) برطانوی خفیہ ادارے کی نئی سربراہ بلیز میٹروِلی نے اپنے پہلے خطاب میں اپنے عملے اور افسران کو........ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی قومی مالیاتی کمیشن سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

صوبائی خودمختاری وزیراعلیٰ کے خودمختار ہونے کا نام نہیں، مصطفیٰ کمال

دشمن بھی مجھ پر مال بنانے کا الزام نہیں لگا سکتا، وزارت کو جوتے کی نوک پر رکھتا ہوں

ملک کو معاشی بحران سے آئی ایم ایف نہیں کراچی نکال سکتا ہے، وفاقی وزیر صحت

کراچی (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ میں وزارت کو جوتے کی نوک پر رکھتا ہوں، دشمن بھی مجھ پر مال بنانے کا الزام نہیں لگا سکتا........ بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

سڈنی ساحل حملے میں ملوث ساجد اکرم کے بھارتی ہونے کا انکشاف

اسرائیلی و بھارتی میڈیا اور سوشل میڈیا اکاؤنٹس نے واقعے کو پاکستان کے ساتھ جوڑنے کی کوشش کی

ساجد اکرم 10 سال سے آسٹریلیا کے ایک گن کلب کا ممبر ہے، 6 لائسنس شدہ ہتھیار بھی برآمد ہوئے

اسلام آباد (م ڈ) بھارت اور اسرائیل کی آسٹریلیا میں ہونے والے دہشتگردی کے واقعے کو پاکستان سے جوڑنے کا گمراہ کن پروپیگنڈا بری طرح خلاف ہوگیا اور دہشتگرد........ بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

عثمان حیدر نے بیوی اور بیٹی کو قتل کرکے خود لاشیں ٹھکانے لگائیں

ملزم نے قتل میں سرکاری گاڑی اور پرائیوٹ پستول استعمال کیا، ڈی آئی جی انویسٹی گیشن

لاہور (م ڈ) ڈی ایس پی عثمان حیدر کی بیوی اور بیٹی کے قتل کیس میں مزید انکشافات سامنے آگئے۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ڈی آئی جی انویسٹی گیشن ذیشان رضا نے بتایا کہ بیوی اور بیٹی کے قتل کی اب تک کی تفتیش میں ڈی ایس پی عثمان حیدر...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

اوگرا نے ایل این جی کی قیمت میں کمی کردی، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اوگرا نے دسمبر کیلئے ایل این جی کی قیمت میں کمی کردی۔ جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ایل این جی کی قیمتوں میں 5.90 فیصد تک کی کمی کی گئی ہے۔ اعلامیے کے مطابق سوئی سدرن کے سسٹم پر ایل...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

الیکشن کمیشن نے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کو طلب کرلیا

ضمنی الیکشن میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر ذاتی حیثیت میں طلب

این اے 18 انتخابی بے ضابطگی کیس کی سماعت 24 دسمبر کو ہوگی، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن نے انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی کو طلب کرلیا۔ اطلاعات کے مطابق الیکشن کمیشن نے وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی کو 24 دسمبر کو طلب کیا ہے اس کیس کی سماعت الیکشن کمیشن نے........ بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین این آئی آر سی جسٹس (ر) شوکت عزیز صدیقی عہدے سے مستعفی

صدر مملکت کو سیکرٹری وزارت اوورسیز پاکستانیز کے ذریعے معاہدہ ختم کرنے کا نوٹس بھجوا دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین نیشنل انڈسٹریل ریلیشنز کمیشن (این آئی آر سی) شوکت عزیز صدیقی نے استعفیٰ دے دیا۔ ذرائع کے مطابق شوکت عزیز صدیقی ذاتی وجوہات کی بناء پر چیئرمین نیشنل انڈسٹریل ریلیشنز کمیشن کے عہدے سے مستعفی........ بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں ریلوے سروس ایک روز کیلئے معطل کردی گئی

کوئٹہ سے چمن جانے والی چمن پسنجر ٹرین بھی نہیں چلے گی، حکام

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں ریلوے سروس ایک روز کے لیے معطل کردی گئی۔ ریلوے حکام کے مطابق ناگزیر وجوہات کی بناء پر آج منگل کو کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس، اور کوئٹہ سے کراچی جانے والی بولان میل نہیں چلائی جائیں گی...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان شدید قدرتی آفات کی لپیٹ میں ہے، عبدالرحمٰن کھیتران

صوبے میں بنیادی ضروریات کی شدید قلت، حکومت کی کوشش ہے کہ محدود وسائل میں کم از کم عوام کو پینے کا پانی فراہم کیا جائے، صوبائی وزیر پی ایچ ای

زیر زمین پانی کی سطح خطرناک حد تک نیچے چلی گئی جس کے باعث ڈیمز بھی تقریباً خشک ہو چکے ہیں نجی ٹی وی چینل سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمان کھیتران نے کہا ہے کہ بلوچستان اس وقت شدید قدرتی آفات کی لپیٹ میں ہے، جہاں عوام کو پینے کے صاف پانی سمیت بنیادی ضروریات کی شدید قلت کا سامنا ہے محدود وسائل کے باوجود........ بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرول کے نرخ برقرار، ڈیزل کی قیمت میں 14 روپے فی لیٹر کمی کا اعلان

14 روپے فی لیٹر کمی کے بعد ڈیزل کی نئی قیمت 265 روپے 65 پیسے مقرر کی گئی ہے، نوٹیفکیشن

ڈیزل کی قیمت میں کمی 15 روز کیلئے کی گئی، پیٹرول کی قیمت 263 روپے 45 پیسے پر برقرار

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) وفاقی حکومت نے آئندہ 15 روز کے لیے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا اعلان کردیا۔ وفاقی وزارت توانائی کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ڈیزل کی قیمت میں 14 روپے فی لیٹر کمی کردی گئی ہے۔ 14 روپے فی لیٹر........ بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

این اے 251، سپریم کورٹ نے حکم امتناع جاری کردیا

الیکشن ٹریبونل نے فارم 45 مسنگ ہونے کے باعث دوبارہ پولنگ کا حکم دیا

خوشحال کاکڑ نے فیصلے کو چیلنج کرکے کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کرنے کی استدعا کی تھی

کوئٹہ، اسلام آباد (یو این اے) سپریم کورٹ آف پاکستان نے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 251 کے 22 پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ پولنگ کے الیکشن ٹریبونل کے فیصلے کے خلاف حکم امتناع جاری کردیا۔ کیس کی سماعت جسٹس شاہد اختر افغان اور جسٹس شہزاد احمد خان........ بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

مولانا عبدالغفور حیدری کی گاڑی کا چالان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جے یو آئی کے سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری کی گاڑی کا بھی چالان ہوگیا۔ اسلام آباد ٹریفک پولیس نے بلا امتیاز کارروائی کرتے ہوئے جے یو آئی کے سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری کی گاڑی کو کالے شیشوں پر........ بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

بجلی کے سمارٹ میٹرز کی قیمتوں میں 40 فیصد کمی

ملکی سطح پر 150 ارب روپے کی بچت ہوگی، اویس احمد خان لغاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ پاور ڈویژن کی مسلسل کوششوں اور بروقت اور موثر اقدامات کی بدولت شفافیت........ بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اگلے ماہ پاکستان سعودی فورم کی تیاری کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کوئٹہ سمیت نواحی علاقوں میں صفائی کی صورتحال ابتر ہو چکی ہے، نوٹس لیا جائے، علاقہ مکین

سریاب ٹاؤن ہزار گنجی کے نواحی علاقے کلی لعل آباد میں صفائی کی ابتر صورتحال بارے شکایات پر انتظامیہ ٹس سے مس نہیں ہو رہی

جگہ جگہ لگے گندگی کے ڈھیروں نے مکینوں کا جینا محال کر دیا ہے، لعل محمد، عمران خان، اظہار احمد کی مشرق سروے ٹیم سے بات چیت

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ سمیت نواحی علاقوں میں صفائی کی ابتر صورتحال، صفا پروجیکٹ کی جانب سے وہاں کوئی صفائی نہیں کرائی جاتی ہے، جس کی وجہ سے اہلیان علاقہ میں سخت تشویش پائی جاتی ہے۔

تحقیق کو علاقائی و قومی ضرورتوں سے ہم آہنگ کیا جائے، ڈاکٹر ظہور احمد بازئی

پی ایچ ڈی تحقیقی نتائج، رپورٹس متعلقہ محکموں سے شیئر کی جائیں تاکہ ان سے استفادہ کیا جا سکے

ایڈوانسڈ اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ کے 192 واں اجلاس میں 35 ایم فل، 21 پی ایچ ڈی اور ریسرچ و ڈگری کیسز کی منظوری دی گئی

کوئٹہ (پ ر) جامعہ بلوچستان میں ایڈوانسڈ اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ (AS&RB) کا 192 واں اہم اجلاس وائس چانسلر جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں پرو وائس چانسلر ڈاکٹر غلام رزاق شاہوانی، رجسٹرار محمد طارق جوگیزئی، چیئرمین ... اجلاس کے دوران اعلیٰ تعلیم اور تحقیق سے متعلق اہم امور پر تفصیلی غور کیا گیا، جن میں 35 ایم فل، 21 پی ایچ ڈی اور متعدد ایم ایس ریسرچ و ڈگری کیسز سمیت دیگر تحقیقی دستاویزات کی منظوری شامل تھی۔ ... محکموں اور فیلڈز کے ساتھ شیئر کی جائیں تاکہ تحقیق کے نتائج کو عملی سطح پر مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جا سکے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر سردارزادہ فیصل جمالی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی جامعہ کے ایڈوانسڈ اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ کے 92 واں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بیوٹمز میں انٹری پر پابندی لگانے کی مذمت کرتے ہیں، مرتضیٰ خان

انتظامیہ فیسز میں کمی کے جائز مطالبات ماننے کے بجائے طلبا کو دھمکیاں دے رہی ہے، عبدالنعیم رند

ڈاکٹر رضوانہ ترین اور ڈاکٹر فوزیہ حبیب کا نوٹیفکیشن جاری کیا جائے، پیڈیاٹرکس ایسوسی ایشن

انسٹیٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ سروسز کی لیڈیز ڈاکٹرز کو نوٹیفکیشن میں شامل نہ کرنا قابل مذمت ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیڈیاٹرکس ایسوسی ایشن بلوچستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت، صوبائی وزیر صحت اور سیکرٹری صحت کی جانب سے بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ سروسز کوئٹہ کے پروفیسرز سے لیکر تمام عملے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے ... (BICHQ) ...

چیف انجینئر حاجی اسحاق مینگل کی کارکردگی لائق ستائش ہے، محمد حسین

کوئٹہ (آن لائن) سابق کونسلر محمد حسین نے کہا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے چیف انجینئر حاجی اسحاق مینگل عوام دوست اور کوئٹہ کے مفاد میں اپنا مؤثر کردار ادا کر رہے ہیں ...

کوئٹہ، آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (CBA) کے مرکزی جوائنٹ صدر و صوبائی چیئرمین محمد رمضان اچکزئی سے بلوچستان لیبر فیڈریشن کے رہنما عابد بٹ اور یونین عہدیداران و کارکنان ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی محتسب کے حکم پر کیسکو نے درخواست گزار جمیل احمد کو ڈیمانڈ نوٹ کی رقم کا چیک واپس کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار جمیل احمد کو کیسکو کی جانب سے 168024 روپے کا چیک دلوا دیا گیا۔ درخواست گزار جمیل احمد نے بتایا کہ انہوں نے سن 2006 میں اپنے ٹیوب ویل کے لیے نئے کنکشن (بجلی میٹر) کے لیے 168,024 روپے کا ڈیمانڈ نوٹ جمع کیا، عرصہ گزر گیا لیکن کنکشن نہ لگ سکا ... 168024 روپے واپس کر دیے گئے۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بلوچستان کے مسئلے کو گفت و شنید سے حل کیا جائے، نیشنل پارٹی

قمبرانی، سریاب، شاہو، عالموکلی اسماعیل سے نوجوانوں کی جبری گمشدگیاں بند کی جائیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی جاری پولیو مہم کے پہلے روز کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ اور سی ای او قاسم لاشاری حب میں آئل ریفائنری منصوبے سے متعلق جرمن کمپنی کے نمائندوں کے ساتھ ورچوئل اجلاس میں شریک ہیں

ترقیاتی کاموں کیلئے مختلف علاقوں میں آج بجلی بند رہے گی، کیسکو

صارفین سے بجلی بندش پر زحمت کیلئے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل ہے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کیلئے کھمبوں کی تنصیب اور لائنوں کی شفٹنگ کیے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 16 دسمبر (بروز منگل) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv ... 17 دسمبر 132Kv ... معذرت اور تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔

اپواء گرلز سکول کی ہونہار طالبہ کا اعزاز

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) اپواء گرلز ہائی سکول سیٹلائٹ ٹاؤن کی کلاس ون کی ہونہار طالبہ باتورہ حمیداللہ دختر حمیداللہ خان نے سالانہ امتحانات میں پہلی پوزیشن حاصل کی ... باتورہ حمیداللہ گزشتہ سال بھی پوزیشن ہولڈر تھیں اور امسال بھی انہوں نے پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔

اوستہ محمد، حاجی مشعل خان تنیو رضائے الٰہی سے وفات پا گئے

چمن قلعہ عبداللہ کے عوام عدم تحفظ کا شکار ہیں، عبدالستار شاہ چشتی

نورزئی قوم کے سربراہ کے گھر پر فائرنگ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے، سیکرٹری اطلاعات

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک رہنے کی توقع ہے، محکمہ موسمیات

پشین، خضدار، کیچ، خاران، پنجگور، قلات، سوراب، زیارت، چاغی میں ابر آلود رہے گا

جسٹس ریٹائرڈ ظہور احمد شاہوانی، نعمت اللہ اچکزئی، نصیب اللہ کاکڑ، اسحاق ناصر، صہیب اللہ ناصر، سلیم اختر، ظہیر احمد شاہوانی، سعید خان کاکڑ، ریاض احمد ایڈووکیٹ و دیگر کوئٹہ بار کے الیکشن کے سلسلے میں وکلاء ڈیموکریٹک پینل کی جانب سے دیئے گئے استقبالیہ سے خطاب کر رہے ہیں

محکمہ صحت میں اے آئی حاضری نظام کا پہلا مرحلہ مکمل

تمام ڈی ایچ کیوز میڈیکل کالجز کے ملازمین کی رجسٹریشن مکمل کر لی گئی ہے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں محکمہ صحت کے اے آئی حاضری نظام کا پہلا مرحلہ مکمل ہو گیا ہے۔ ... مجموعی طور پر 36 ہزار میں سے 13 ہزار ملازمین کی رجسٹریشن مکمل ہو چکی ہے ... باقی 23 ہزار ملازمین کی رجسٹریشن کا عمل جاری ہے اور تمام ملازمین کی رجسٹریشن 31 دسمبر تک مکمل کرنے کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔

صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ سے سابق ناظم سجادی سردار احسان خان دمڑ ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان پولیس میں تقرر و تبادلے

کوئٹہ (آن لائن) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ڈی ایس پی ہیڈکوارٹرز نصیرآباد گلاب خان کو ڈی ایس پی ٹریفک نصیرآباد اور ڈی ایس پی سیکورٹی گوادر شاہ محمد کو ڈی ایس پی ہیڈکوارٹرز نصیرآباد تعینات کر دیا گیا۔

جماعت اسلامی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام آج پریس کلب میں "بدل دو نظام" کنونشن منعقد ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام آج 16 دسمبر بروز منگل سہ پہر 3:30 بجے پریس کلب کوئٹہ میں "بدل دو نظام" کنونشن منعقد ہوگا ... کنونشن سے امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، عبدالنعیم رند سمیت صوبائی و ضلعی قائدین خطاب کریں گے۔ جماعت اسلامی کے کارکنان، احباب، ذمہ داران سے کنونشن میں بروقت شرکت کی استدعا کی گئی ہے۔

ٹریفک پولیس نے سورج گنج بازار سے تجاوزات ختم کرا دیں

ڈبل پارکنگ کی شکایات موصول ہونے پر تجاوزات کے خلاف کارروائی کی گئی

کوئٹہ، محکمہ جنگلات و جنگلی حیات بلوچستان کے زیر اہتمام پانچ روزہ رینج لینڈ مینجمنٹ تربیتی ورکشاپ اختتام پذیر ہو گئی

محکمہ جنگلات کے زیر اہتمام رینج لینڈ مینجمنٹ تربیتی پروگرام اختتام پذیر

ماہرین نے پائیدار رینج لینڈ انتظام مقامی معیشت ماحولیاتی تحفظ کیلئے ناگزیر قرار دیا ہے

تربیتی پروگرام میں سیکرٹری جنگلات عبدالفتح بھنگر، افسران اور قبائلی عمائدین نے شرکت کی

کوئٹہ (پ ر) محکمہ جنگلات و جنگلی حیات بلوچستان کے زیر اہتمام پانچ روزہ رینج لینڈ مینجمنٹ تربیتی پروگرام کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا۔ تربیتی پروگرام کی صدارت سیکرٹری جنگلات عبدالفتح بھنگر نے کی ... اس موقع پر ایف اے او بلوچستان کے صوبائی کوآرڈینیٹر ولید مہدی نے تربیت کے اہم نکات اور حاصل شدہ نتائج سے آگاہ کیا۔

پشتونخوا میپ کے رہنماؤں کا عبدالمالک استاد کی وفات پر اظہار تعزیت

پشتونخوا میپ کا ڈسٹرکٹ چیئرمین داؤد شیرانی سے اظہار تعزیت

حاجی محمد آصف مہمند کے جواں سالہ پوتے گلاب خان مہمند انتقال کر گئے

جمعیت برداشت اور اخلاقی اقدار کی علمبردار جماعت ہے، ترجمان

ژوب تا مغلکوٹ میگا پراجیکٹ کیلئے 11 ارب روپے کی منظوری عوامی خدمت کا ثبوت ہے

کوئٹہ، انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا، مذہبی اسکالر مولانا انوار الحق حقانی، سید عبدالقیوم آغا و دیگر سرکلر روڈ پر مقامی دکان کا افتتاح کر رہے ہیں

شہر کو ترقیاتی کاموں کے نام پر کھنڈرات میں تبدیل کر دیا گیا ہے، لالہ یوسف خلجی

ترقیاتی کاموں اور سڑکوں کو کشادہ کرنے کیلئے سڑکیں کھود کر چھوڑ دی گئی ہیں، سربراہ بلوچستان امن جرگہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر کو ترقیاتی کاموں کے نام پر کھنڈرات میں تبدیل کر دیا گیا ہے ...

Test / Interview Schedule for recruitment under Kumak Fund

Reference to advertisement PRQ No. 1199/10-9-2025, the lists of shortlisted candidates have been displayed at the office of the Director General Social Welfare, Brewery Road, Quetta. All the shortlisted applicants are advised to appear for the test/Interview on the given date and time. The test and interview for various posts/positions under KUMAK Fund is scheduled as follow.

S.#	Name of Post (s)	Test Date & Time	Interview Date & Time	Venue
1.	Account Assistant	Thursday 1st January, 2026 At 10.00 A.M.	Thursday 1st January, 2026 at 12.00 P.M.	Office of the Director General Social Welfare Department, Brewery Road near Fatima Jinnah Chest Hospital, Quetta.
2.	Finance Manager	Friday 2nd January, 2026 At 10.00 A.M.	Friday 2nd January, 2026 At 12.00 P.M.	
3.	Procurement Officer	Saturday 3rd January, 2026 At 10.00 A.M.	Saturday 3rd January, 2026 At 12.00 P.M.	
4.	Data Entry Operator	Monday 5th January, 2026 At 10.00 A.M.	Monday 5th January, 2026 At 12.00 P.M.	
5.	MIS Officer	Tuesday 6th January, 2026 At 10.00 A.M.	Tuesday 6th January, 2026 At 12.00 P.M.	
6.	Monitoring & Evaluation Officer	Wednesday 7th January, 2026 At 10.00 A.M.	Wednesday 7th January, 2026 At 12.00 P.M.	
7.	Media & Communication Officer	Thursday 8th January, 2026 At 10.00 A.M.	Thursday 8th January, 2026 At 12.00 P.M.	
8.	Driver	Friday 9th January, 2026 At 10.00 A.M.	Friday 9th January, 2026 At 12.00 P.M.	
9.	Office Boy	-	Saturday 10th January, 2026 At 10.00 A.M.	
10.	Naib Qasid	-	Saturday 10th January, 2026 At 1:00 P.M.	

Important Note:
1. The Shortlisted candidates must bring their original academic documents, CV, Local/Domicile certificate, CNIC and experience certificates **along with one set of photocopies** on the day of test/ Interview.
2. Candidates applied for posts from serial No. 1 to 7, must bring a clipboard and pen on test day.
3. The use of cellphones is strictly prohibited. Any applicant found using a cell phone will be disqualified.
4. Persons with disabilities (PWD) candidates are required to bring the original disability certificate issued by the competent authority.
5. No TA/DA shall be admissible for appearing in the test/Interview.

Program Director
The Balochistan Persons with Disabilities Support Fund (KUMAK)
Social Welfare Department

PRQ No.2813/15-12-2025

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب سینئر سول جج III کوئٹہ

مثل نمبر 13/2008، آئندہ تاریخ پیشی 24-12-25 عبدالستار ولد حاجی عبدالغفار سکنہ کاسی روڈ کوئٹہ (مدعی) بنام محمد عارف ولد حاجی رستم شاہ وغیرہ (مدعا علیہ) عنوان: اشتہار بنام مدعا علیہ/مدعا علیان (10) آسیہ بیگم (11) راضیہ بیگم (12) روبینہ بیگم C/o رستم شاہ نال کاسی روڈ کوئٹہ۔

ہرگاہ یہ کہ مندرجہ بالا عنوان بالا مقدمہ عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جسکی آئندہ تاریخ سماعت مورخہ 24-12-2025 کو مقرر ہو چکی ہے۔ یہ کہ مندرجہ عنوان بالا مقدمہ مدعا علیہ/مدعا علیان (10)(11)(12) دیدہ دانستہ طور پر گریزاں اور حاضر نہ ہیں۔ لہٰذا اشتہار ہذا بنام مذکورہ بالا مدعا علیہم مدعا علیان (10)(11)(12) جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مندرجہ بالا مدعا علیہ/مدعا علیان آئندہ تاریخ سماعت کو بمقام کوئٹہ اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہذا نہیں ہوگا تو اس نسبت سے ان کے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ آج بمورخہ 11-12-2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سینئر سول جج III کوئٹہ۔ ماڈرن

کوئٹہ، مقامی سکول کی سالانہ رزلٹ تقریب کے مہمان خصوصی اقراء سکولز ایسوسی ایشن ضلع کوئٹہ کے صدر محمد شاکر خان کاکڑ، حمید خان بڑیچ و دیگر طلبا و طالبات میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں

ٹرانسپورٹرز کے تحفظات کا ازالہ کرکے مسائل حل کیے جائیں، سردار محمد یعقوب ناصر

حکومت ٹرانسپورٹرز کے تحفظات کو سنجیدگی سے سنے اور مذاکرات کے ذریعے مسائل کا جلد حل نکالا جائے، رکن قومی اسمبلی

اس عوامی مسئلے کی بابت متعلقہ مجاز فورم پر بات کرکے حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کرینگے، وفاقی وزیر تجارت کی یقین دہانی

لورالائی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما رکن قومی اسمبلی سردار محمد یعقوب خان ناصر نے وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان علیانی سے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ملک کی مجموعی موجودہ صورتحال اور ٹرانسپورٹ کے احتجاج کے حوالے سے تفصیلی بات چیت کی اس موقع پر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا کہ گزشتہ کئی روز سے ٹرک یونین کی جانب سے ملک گیر احتجاج جاری ہے جس کے باعث تجارتی سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں جبکہ اشیائے ضروریہ کی ترسیل میں بھی شدید مشکلات پیش آ رہی ہیں انہوں نے بات پر زور دیا کہ حکومت ٹرانسپورٹرز کے تحفظات کو سنجیدگی سے سنے اور مذاکرات کے ذریعے مسئلے کا جلد حل نکالا جائے تاکہ عوام اور معیشت کو مزید نقصان سے بچایا جا سکے وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے انکو یقین دہانی کرائی کہ وہ اس عوامی مسئلے پر مجاز فورم پر بات کرکے یہ مسئلہ حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کرینگے۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی آر ایچ سیز کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سلطان گولڈن کی کامیابی سے پاکستان کا نام روشن ہوا، یوسف رضا گیلانی

پاکستانی نوجوان مختلف شعبہ جات میں عالمی سطح پر صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں، چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے پاکستان کے نامور اسنٹنٹ میں سلطان گولڈن کو تیز ترین ریورس کار جمپ کا عالمی ریکارڈ بنانے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے چیئرمین سینٹ نے اپنے تہنیتی پیغام میں کہا کہ سلطان گولڈن کی یہ غیر معمولی کامیابی نہ صرف ان کی ذاتی محنت، پیشہ ورانہ مہارت اور جرات مندی کا منہ بولتا ثبوت ہے بلکہ اس سے عالمی سطح پر پاکستان کا نام بھی روشن ہوا ہے سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستانی نوجوان مختلف شعبہ جات میں عالمی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں جو پوری قوم کیلئے باعث فخر ہے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ایسی کامیابیاں ملک کے نوجوانوں کیلئے حوصلہ افزاء ثابت ہوں گی اور انہیں مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کریں گی چیئرمین سینٹ نے سلطان گولڈن کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ وہ آئندہ بھی اسی عزم، حوصلے اور لگن کے ساتھ مزید کامیابیاں حاصل کریں اور پاکستان کا نام دنیا بھر میں مزید بلند کریں۔

پاکستان میں 3 لاکھ افراد ایچ آئی وی کیساتھ زندگی گزار رہے ہیں، ڈاکٹر عبدالولی

ہمارا مشن خدمات میں توسیع نہیں بلکہ مریض دوست اور بدنامی سے پاک بنانا ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (شاکر رحمان) کامن مینجمنٹ یونٹ برائے ایڈز، ٹی بی و ملیریا، نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینیشن کے زیر اہتمام UNFPA اور UNAIDS ACT انٹرنیشنل اور روش (Roche) کے اشتراک سے ایڈز کے عالمی دن 2025 کے موقع پر ایک قومی تقریب کا انعقاد کیا۔ رکاوٹوں پر قابو پانا، ایڈز کے ردعمل میں تبدیلی رواں سال کا موضوع تھا اس تقریب میں سرکاری حکام سمیت ترقیاتی شراکت داروں، نوجوان نمائندگان اور کمیونٹی رہنماؤں نے شرکت کی، جہاں ایچ آئی وی کیلئے مضبوط ردعمل اور کمیونٹی کی قیادت پر مبنی حل کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا یونائیٹڈ نیشن پاپولیشن فنڈ UNFPA کے نمائندے ڈاکٹر اوائے شابانہ نے افتتاحی تقریب سے خطاب کیا اور قومی ایچ آئی وی اہداف کے حصول میں شراکت داری کی اہمیت پر زور دیا۔ اس کے بعد ڈی جی ہیلتھ (MONHSR&C) و پبلک ہیلتھ کوآرڈینیٹر (CMU) ڈاکٹر عبدالولی نے کہا کہ پاکستان میں اندازاً 3 لاکھ 50 ہزار افراد ایچ آئی وی کے ساتھ زندگی گزار رہے ہیں، تاہم متاثرہ افراد میں سے تقریباً 80 فیصد افراد ایسے ہیں جنہیں اپنی بیماری کا علم نہیں بچوں میں ایچ آئی وی کے کیسز میں تشویشناک اضافہ دیکھا گیا ہے، جہاں 10 سے 14 سال کی عمر کے بچوں میں نئے کیسز 2010 میں 530 سے کر 2023 میں 1,800 ہو گئے انہوں نے کہا کہ اس سال کا موضوع ہمیں یاد دلاتا ہے کہ اگرچہ چیلنجز ناگزیر ہیں لیکن جدت، لچک اور موافقت کے ذریعے رکاوٹوں کو مواقع میں بدلا جا سکتا ہے آج کا دن نہ صرف ہماری اب تک کی کاوشوں پر نظر ثانی کا موقع ہے بلکہ انتظام و انصرام اور حکمت عملی پر بھی توجہ دینے کا لمحہ ہے جو مشکلات کے دوران بھی ایچ آئی وی کے عمل کو فعال رکھتے ہیں کارنیگی میلین یونیورسٹی (CMU) کے ٹیکنیکل کوآرڈینیٹر نے پاکستان میں ایچ آئی وی کے ردعمل کا مفصل جائزہ پیش کیا، جس میں پیش رفت، مشکلات اور اسٹریٹجک ترجیحات کو اجاگر کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ایک دہائی میں ایچ آئی وی کے ساتھ زندگی گزارنے والے افراد کو اینٹی ریٹرو وائرل تراپی (ART) فراہم کرنے کی تعداد آٹھ گنا بڑھی 2013 میں تقریباً 6,500 سے ہو کر 2024 میں 55,500 تک بڑھ گئی ہے

پولیو وائرس کا خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، ڈاکٹر مرشد دشتی

گوادر (خ ن) ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی نے انسداد پولیو کی قومی ٹیکہ جات مہم (NID) کے پہلے روز مہم کی مانیٹرنگ کی۔ اس موقع پر انہوں نے یونین کونسل چب کلمتی کا دورہ کیا، جہاں فیلڈ میں موجود انسداد پولیو مہم ٹیموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈاکٹر مرشد دشتی نے ٹیموں سے ملاقات کے دوران انسداد پولیو مہم کے ایس او پیز، حفاظتی اقدامات اور گھر گھر بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کے عمل پر تبادلہ خیال کیا انہوں نے عملے کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران معیار، نظم و ضبط اور بچوں کی مکمل کوریج کو یقینی بنایا جائے انہوں نے کہا کہ پولیو وائرس کا مکمل خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور فیلڈ ٹیموں کی محنت اس قومی مقصد کے حصول میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے آخر میں انہوں نے ٹیموں کی کارکردگی کو سراہا اور مہم کو کامیاب بنانے کیلئے مزید محنت اور لگن سے کام کرنے پر زور دیا۔

غازیوں و شہداء کی قربانیاں قوم کیلئے مشعل راہ ہیں، افغان قومی موومنٹ

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے مرکزی چیئرمین احمد خان نے گزشتہ روز افغان ہاؤس غازی قلعہ میں وفد سے گفتگو کرتے ہوئے احمد خان نے کہا ہے کہ سامراجی اور استعماری سوچ کی حامل قوتوں نے پشتون افغان کی بقاء کو نقصان پہنچانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی اسکے ساتھ ساتھ پشتونوں کی خود مختیاری، تشخص اور بقاء کی آزادی کی جھوٹی واویلا میں مصروف بعض مفاد پرست عناصر نے قوم کو مزید اندھیروں کی طرف دھکیل دیا جن قوموں کی قیادت اغیار کی دوستی اور ان کے ناروا فیصلوں پر قومی اہداف پس پشت ڈال کر مفاد پرستی کی بیماری لاحق ہوئی ہے جو قومیں سامراجی و استعماری قوتوں کے سامنے سجدہ ریز ہو جائیں وہ نسل در نسل غلامی کی بے رحم زنجیروں میں صدیوں تک جکڑے رہتی ہیں انہوں نے کہا کہ ہمارے اکابرین کی سنہری اور تاریخی فتوحات سے بھری تاریخ قوم کیلئے غلامی سے آزادی کے حصول کیلئے جدوجہد کی ایک زندہ مثال ہے اگر قوم نے تاریخ سے روگردانی کی تو تاریخ ہمارے پیروں میں غلامی کی زنجیر بن رہے گی قائد تحریک نے کہا کہ قوم اور مذہب پرستوں کو قومی اہداف اور مفاد پرستی میں سے ایک راستے پر چلنا ہوگا قوم نے ساتھ دیا تو قومی تشخص قوم کی بقاء اور آزاد خود مختیار ملی وحدت کا حصول اے کیو ایم کے پلیٹ فارم سے ممکن بنائیں گے اکابرین میرو ائس خان نیکہ، احمد شاہ بابا اور شہید غازی عبداللہ خان کی سوچ و فلسفہ میں ہی پشتون افغان قوم کی بقاء و ترقی کا راز پوشیدہ ہے۔

جمعیت علماء اسلام یونٹ ہزار گنجی کے مولانا محمد طاہر توحیدی، مولانا ارشد حسنی، ڈاکٹر ظفر اللہ و دیگر بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں کے سلسلے میں یونٹ کی مجلس عاملہ اور شوری کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

صوبائی حکومت شعبہ تعلیم کی بہتری کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ

صوبے میں طلباء و طالبات کو تعلیم کی فراہمی حکومتی ترجیحات میں شامل ہے جس کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

ایک سال کے دوران صوبے میں سینکڑوں بند اسکولوں کو دوبارہ فعال کیا گیا ہے، تعلیم کے فروغ کیلئے نجی تعلیمی اداروں کا اہم کردار ہے

کوئٹہ (آن لائن) ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ مجیب الرحمن قمبرانی نے کہا ہے کہ صوبے میں طلباء و طالبات کو تعلیم کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے جس کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ ایک سال کے دوران صوبے میں سینکڑوں بند اسکولوں کو دوبارہ فعال کیا گیا ہے، بلوچستان میں تعلیم کے فروغ کیلئے تعمیر نو پبلک اسکول اور دیگر نجی تعلیمی اداروں کا اہم کردار ہے جس سے انکار ممکن نہیں ہے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو تعمیر نو پبلک اسکولوں کے سالانہ امتحانات میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء میں شیلڈ اور انعامات تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی تقریب سے نسیم لہڑی، حافظ طاہر نے بھی خطاب کیا۔ ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ مجیب الرحمن قمبرانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت نے صوبے تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا ہے اور اب تک صوبے میں سینکڑوں غیر فعال اسکولوں کو فعال کرکے اساتذہ کو ڈیوٹی کا پابند بنایا گیا ہے جہاں بچے اور بچیاں تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی یہ کوشش ہے کہ تعلیمی اداروں سے باہر طلباء کو تعلیمی اداروں میں داخل کرایا جائے تاکہ وہ تعلیم حاصل کر کے ملک و قوم کی خدمت کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں تعلیم کے فروغ کیلئے تعمیر نو پبلک اسکول اور دیگر نجی تعلیمی اداروں کی خدمات ناقابل فراموش ہیں جس سے کسی بھی طرح انکار ممکن نہیں ہے۔ انہوں نے مرحوم پروفیسر فضل حق میر کی تعلیم کے فروغ کیلئے خدمات اور قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہی کی کوششوں کے باعث تعمیر نو پبلک اسکول نے ترقی کی نئی بلندیوں کو چھوا اور اس تعلیمی ادارے سے تعلیم حاصل کرنے والے طلباء آج ملک اور بلوچستان میں اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں۔ انہوں نے اسکول کے گورننگ بورڈ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ نسیم لہڑی اور حافظ طاہر ادارے کو ایک مثالی اور معیاری تعلیمی ادارہ بنانے کیلئے کوشاں ہیں جس پر وہ خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ نے تعمیر نو پبلک اسکول کو ایک معتبر تعلیمی ادارہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس ادارے نے ملک کو بیوروکریٹس، سیاستدان، انجینئرز اور دیگر نمایاں شخصیات فراہم کی ہیں جو آج مختلف شعبہ ہائے زندگی میں خدمات انجام دے رہی ہیں۔ انہوں نے تعمیر نو پبلک اسکول کی انتظامیہ کو ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ تقریب کے اختتام مجیب الرحمن قمبرانی نے پوزیشن حاصل کرنے والے بچوں میں انعامات اور تعریفی اسناد تقسیم کیں اور امتحانات میں بہترین نتائج حاصل کرنے والے طلباء اور اساتذہ کیلئے خصوصی انعام کا بھی اعلان کیا۔ تقریب کے دوران طلبہ نے حب الوطنی، تعلیم کی اہمیت، ہمدردی، شکرگزاری اور مختلف سماجی موضوعات کو مؤثر انداز میں شاندار ٹیبلو اور اسکیٹس کی صورت میں اجاگر کیا ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ نے طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں اور بامقصد پیغامات کو سراہا

کوئٹہ، اسلامیہ ہائی اسکول (چھوٹا علی گڑھ) سالانہ رزلٹ کے موقع پر پرنسپل حفیظ اللہ پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء میں شیلڈ تقسیم کر رہے ہیں

بحریہ یونیورسٹی لاہور کیمپس میں چوتھے کانووکیشن کا انعقاد

بلدیاتی انتخابات میں کسی کی حمایت نہیں کر رہے، جوانان پاکستان نظریاتی

بلوچستان کی منتخب مخلوط حکومت صوبے کے عوام کی خیر خواہ نہیں ہے، یہ حکومت اب تک اپنے صوبائی وزیر داخلہ کی تقرری نہیں کر سکی ہے

حکومت شدید سردی میں گیس کی فراہمی یقینی نہیں بنا سکی اور گرمیوں میں عوام کو بجلی کی لوڈشیڈنگ سے نجات نہیں دلا سکی، ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) جوانان پاکستان نظریاتی بلوچستان کے صدر ڈاکٹر احسان اللہ خان کاکڑ ڈپٹی سیکرٹری جنرل حافظ حسین احمد عامر راجپوت نذیر خان ساحل عمران بگٹی میر شبیر وز خان رئیسانی کوئٹہ ڈویژن کے رہنماؤں سماجی کارکنوں اور صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہم کوئٹہ میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے دوران کسی بھی جماعت سے تعاون کرنیکا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے منتخب مخلوط حکومت بلوچستان کے عوام کی خیر خواہ نہیں ہے یہ حکومت صوبائی وزیر داخلہ کی تقرری نہ کر سکا سردیوں گیس کی لوڈشیڈنگ اور گرمیوں بجلی کی لوڈشیڈنگ سے نجات نہیں دلا سکا ایک جانب حکومت کہتے ہیں کہ بجلی وافر مقدار میں موجود ہیں بلوچستان کے گیس اور بجلی کی دوسروں صوبوں کو سپلائی کرتے ہیں تو اس حکومت سے عوام کیا توقعات رکھے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ایف سی اور پولیس فورس کو جدید گاڑیاں اور اسلحہ فراہم کرے بلوچستان کے بہادر سپوت اور پاک فوج کے جوانوں کے جو قربانیاں دی ہیں اس دھرتی کے لئے وہ ناقابل فراموش ہے مگر افسوس کہ پولیس فورس ٹریفک محکمہ اور سی ٹی ڈی کو اس طرح کے گاڑیاں اور اسلحہ نہیں دیا جیسے کہ دوسرے صوبوں کے پاس ہے اگر دہشت گردی سے متاثرہ صوبہ بھی بلوچستان ہے بلوچستان ایف سی اور پولیس فورس کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے انکو مراعات اور تنخواہ پنجاب کے برابر کیا جائے بلوچستان کے وہ کاندار حضرات اتنے من مانی کرتے ہیں کہ وہ پرائس لسٹ کو خاطر میں نہیں لاتے انکی پشت پناہی انجمن تاجران کرتے ہیں اور اس کمر توڑ مہنگائی میں انجمن تاجران برابر شریک ہیں عوام کو کوئی سہولت دینے پر تیار نہیں ہے ہماری تنظیم سیاسی ہے مگر غیر انتخابی ہے کیونکہ ہم اپنے رہبر معظم اور بانی وقائد جنرل حمید گل کے نقش قدم پر چلتے ہوئے پاکستان کی ترقی میں ہراول دستے کا کردار ادا کرینگے اس موقع پر تمام صوبائی قائدین نے کہا کہ ہم اپنے پاک فوج اور انٹیلی جنس اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہے 9 مئی کے تمام کرداروں کو کڑی سے کڑی سزا دی جائے اور تمام سیاسی پارٹیوں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ سب سے پہلے پاکستان بعد میں سیاست کرے کیونکہ پاکستان کی افادیت سب سے پہلے ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پولیسنگ کے پہلوؤں میں عوامی اعتماد کو اولین ترجیح دی جائے، آئی جی اسلام آباد

افسران شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی، شکایات پر فوری ریسپانس یقینی بنائیں، زوم میٹنگ سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ضلع بھر کے تمام افسران سے زوم میٹنگ کی۔ میٹنگ میں انسداد جرائم و منشیات، غیر قانونی اسلحہ سے پاک اسلام آباد مہم، معیاری تفتیش، گشت و چیکنگ کے نظام کے ساتھ ساتھ ٹریفک مینجمنٹ کو مزید موثر بنانے سے متعلق اہم ہدایات جاری کیں تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے اسلام آباد پولیس کے سینئر پولیس افسران کے ساتھ اہم زوم میٹنگ کی، آئی جی اسلام آباد نے انسداد جرائم و منشیات، غیر قانونی اسلحہ سے پاک اسلام آباد مہم، معیاری تفتیش، گشت و چیکنگ کے نظام کے ساتھ ساتھ ٹریفک مینجمنٹ کو مزید موثر بنانے سے متعلق اہم ہدایات جاری کیں، میٹنگ کے دوران دارالحکومت میں جاری آپریشنز، موثر پٹرولنگ کے اقدامات، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کارروائیوں اور شہریوں کیلئے پولیس خدمات میں بہتری کے پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ بھی لیا گیا، سینئر پولیس افسران نے آئی جی اسلام آباد کو مختلف علاقوں میں سکیورٹی کے مسائل، جرائم کی نوعیت اور ان کے حل کیلئے جاری اقدامات پر تفصیلی بریفنگ بھی دی، آئی جی اسلام آباد نے تمام افسران کو ہدایت کی کہ پولیسنگ کے تمام پہلوؤں میں عوامی اعتماد بحال رکھنے کو اولین ترجیح دی جائے، انہوں نے کہا کہ تمام افسران قانون کے یکساں نفاذ، میرٹ پر کارروائی اور پیشہ ورانہ تربیت کے عمل کو ترجیح دیں، آئی جی اسلام آباد نے تمام افسران کو شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی، شکایات پر فوری ریسپانس اور قانون کی مساوی عملداری کو یقینی بنانے کی ہدایات بھی جاری کیں، انہوں نے کہا کہ تمام افسران اپنے ماتحت عملے کی نگرانی موثر انداز میں کریں اور عوامی شکایات کے حل کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل رکھیں، تمام افسران تھانہ جات کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے، ایف آئی آرز کے بروقت اندراج، تفتیش کے عمل میں شفافیت اور شکایات کے فوری ازالے کو پولیسنگ کا لازمی جزو بنائیں۔

ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر ڈیرہ مراد جمالی کا تبادلہ

گلاب خان شیخ کی جگہ نثار احمد بلو ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر تعینات

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر ڈیرہ مراد جمالی گلاب خان شیخ کا تبادلہ کر دیا گیا ان کی جگہ نثار احمد بلو نے ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر ڈیرہ مراد جمالی تعینات ہو گئے۔

پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور بجے کمار لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

شرح سود میں معمولی کمی اونٹ کے منہ میں زیرے کے برابر ہے، سید امان شاہ

اس کمی سے صنعت و تجارت سمیت کسی شعبہ کو کوئی ریلیف نہیں ملے گا، صوبائی کنونیئر اے پی پی

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی کنونیئر بلوچستان اور معروف تاجر رہنما سید امان شاہ نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے شرح سود میں معمولی کمی پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ معاشی حالات میں یہ کمی اونٹ کے منہ میں زیرے کے برابر ہے اور اس سے صنعت و تجارت کو کوئی خاطر خواہ ریلیف نہیں ملے گا۔ سید امان شاہ کا کہنا تھا کہ بلند شرح سود نے پہلے ہی کاروباری سرگرمیوں کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے، صنعتی پیداوار میں کمی آئی ہے اور نئی سرمایہ کاری تقریباً رک چکی ہے۔ ایسی صورتحال میں معمولی کمی سے نہ تو کاروباری طبقے کا اعتماد بحال ہوگا اور نہ ہی معیشت کی رفتار میں کوئی واضح بہتری آئے گی۔ سید امان شاہ نے مزید کہا کہ مہنگائی میں نسبتاً کمی کے باوجود شرح سود کو غیر معمولی حد تک بلند رکھنا زمینی حقائق کے منافی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اسٹیٹ بینک شرح سود میں نمایاں اور مسلسل کمی کرے تاکہ صنعتکاروں اور تاجروں کو سستے قرضوں کی سہولت میسر آئے، روزگار کے مواقع پیدا ہوں اور برآمدات میں اضافہ ہو سکے۔ سید امان شاہ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ کاروباری طبقے کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک جامع اور کاروبار دوست مالیاتی پالیسی مرتب کرے، کیونکہ مضبوط معیشت ہی ملک کی ترقی اور استحکام کی ضمانت ہے۔

نسٹ لاء کالج کے طلبہ کا پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد کا مطالعاتی دورہ

طلبہ نے سینٹ سیکرٹریٹ کی جانب سے فراہم کردہ تعاون و رہنمائی پر شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) نسٹ لاء کالج کے 49 رکنی طلباء و طالبات پر مشتمل وفد نے فیکلٹی ممبران کے ہمراہ پیر کے روز پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد کا مطالعاتی دورہ کیا۔ پارلیمنٹ ہاؤس آمد پر سینیٹ سیکرٹریٹ کے افسران نے وفد کا خیر مقدم کیا۔ نسٹ لاء کالج کے طلباء و طالبات کے وفد کو سینیٹ میوزیم کا دورہ کرایا گیا جہاں انہیں پاکستان کے پارلیمانی نظام، قانون سازی کے مختلف مراحل اور سینیٹ کے آئینی کردار سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ایوان بالا کی تاریخ پر مبنی ایک دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی۔ طلبہ نے میوزیم میں موجود نامور قومی شخصیات کے مجسموں اور تاریخی تصاویر میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ بعد ازاں وفد نے سینیٹ ہال کا دورہ کیا جہاں انہیں ایوان بالا کے طریقہ کار، پارلیمانی روایات اور قانون سازی کے مختلف اہم مراحل سے بھی آگاہ کیا گیا۔ نسٹ لاء کالج کے طلبہ و طالبات نے اس مطالعاتی دورے کو نہایت مفید اور معلوماتی قرار دیتے ہوئے سینٹ سیکرٹریٹ کی جانب سے فراہم کردہ تعاون اور رہنمائی پر شکریہ ادا کیا۔

صوبائی مشیر کھیل امور نوجوانان مینا مجید بلوچ سے علاقے کے معتبرین ملاقات کر رہے ہیں

ملازمین کے کوائف میں درستگی نہایت اہم ہے، اے ڈی سی کیچ

اس نوعیت کے کیسز قانون و قواعد و ضوابط کے مطابق نمٹائے جائیں گے، تابش علی بلوچ

تربت (پ ر) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ تابش علی بلوچ کی زیر صدارت سرکاری ملازمین کی محکمہ خزانہ کے ریکارڈ میں تاریخ پیدائش کی درستگی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں سرکاری ریکارڈ کی شفافیت، قانونی تقاضوں کی پاسداری اور مستقبل میں پیدا ہونے والی انتظامی و مالی پیچیدگیوں سے بچاؤ پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں ڈی ایس پی تربت، ڈی ایچ او کیچ، ایم ایس تربت، ایکسین ایم ایم ڈی، خزانہ آفیسر تربت سمیت مختلف محکموں کے متعلقہ آفیسران نے شرکت کی شرکاء نے محکمہ خزانہ کے ساتھ مربوط نظام کے تحت تاریخ پیدائش کی تصحیح کے طریقہ کار، درپیش مسائل اور ان کے حل پر اپنی آراء پیش کیں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ تابش علی بلوچ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری ملازمین کے کوائف میں درستگی نہایت اہم ہے کیونکہ تاریخ پیدائش میں غلطی سروس اسٹرکچر، ریٹائرمنٹ، پنشن اور دیگر سرکاری معاملات میں پیچیدگیوں کا سبب بنتی ہے انہوں نے واضح کیا کہ تاریخ پیدائش کی درستگی کے تمام کیسز قانون اور قواعد و ضوابط کے مطابق نمٹائے جائیں گے اور کسی بھی قسم کی کوتاہی یا غیر قانونی عمل کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ وہ محکمہ خزانہ کے ساتھ مکمل تعاون کو یقینی بنائیں، درخواستی کیسز کی بروقت جانچ پڑتال کریں اور شفاف طریقہ کار کے تحت معاملات کو جلد از جلد نمٹایا جائے تاکہ سرکاری ملازمین کو غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ تاریخ پیدائش کی درستگی کے عمل کو مزید موثر، شفاف اور تیز تر بنانے کیلئے باہمی رابطہ مضبوط کیا جائے گا اور مستقبل میں ایسے مسائل کے تدارک کیلئے جامع حکمت عملی اپنائی جائے گی۔

پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کا گڈز ٹرک ہڑتال کی حمایت کا اعلان

ٹرانسپورٹرز کے جائز مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو احتجاج میں شدت آئے گی، ظاہر شاہ کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات اور آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز اتحاد کے مرکزی رہنما ظاہر شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ یونین نے آل پاکستان گڈز ٹرک ایسوسی ایشن کے جائز مطالبات اور ان کے احتجاج کی مکمل حمایت کا اعلان کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹ سے وابستہ افراد ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، مگر بدقسمتی سے انہیں مسلسل نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ یونین کے چیئرمین میر دولت خان لہڑی، صدر حاجی وحید خان کاکڑ اور دیگر عہدیداروں نے مشترکہ اعلامیہ میں کہا ہے کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی، ڈیزل اور پٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، ناجائز ٹیکسز، بھاری جرمانے اور چیک پوسٹوں پر غیر ضروری ہراسانی نے ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ ان حالات میں گڈز ٹرک ایسوسی ایشن کے مطالبات مکمل طور پر جائز اور عوامی مفاد میں ہیں۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ اگر حکومت نے فوری طور پر ٹرانسپورٹرز کے مسائل حل نہ کیے تو احتجاجی دائرہ کار کو پورے ملک میں پھیلایا جا سکتا ہے، جس کی تمام تر ذمہ داری حکومتی اداروں پر عائد ہوگی۔ رہنماؤں نے واضح کیا کہ ٹرانسپورٹ کا پہیہ رکنے کی صورت میں ملکی معیشت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ ٹرانسپورٹرز قیادت نے وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے مطالبہ کیا کہ وہ ہوش کے ناخن لیں، ٹرانسپورٹرز سے فوری مذاکرات کریں اور ان کے مسائل کا عملی اور دیرپا حل نکالیں تاکہ ملک میں تجارتی سرگرمیاں اور عوامی سہولیات متاثر نہ ہوں۔

کوئٹہ، مجیب الرحمن قمبرانی تعمیر نو پبلک اسکول کے سالانہ امتحانات میں پوزیشن حاصل کرنے والے طالب علم کو سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

ڈی ایم جمالی سے 18 روز قبل لاپتہ منظر عام پر آ گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی سے اٹھارہ روز قبل غائب ہونے والا نوجوان منظر عام پر آ گیا پولیس نے پوچھ گچھ کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سے سولہ سالہ نوجوان عبدالصمد ابڑو اٹھارہ روز قبل ڈیرہ مراد جمالی سے پراسرار طور پر لاپتہ ہو گیا تھا لواحقین نے اغواء کا خدشہ ظاہر کرتے ہوئے تھانے میں اطلاعی رپورٹ بھی درج کروائی جبکہ والدین نے اپیل بھی کی کہ وہ انکے لخت جگر کو چھوڑ دیں اتوار کے روز نوجوان اچانک منظر عام پر آ گیا سٹی پولیس ڈیرہ مراد جمالی نے نوجوان سے پوچھ گچھ کی جس کے مطابق نوجوان کا کہنا تھا کہ اسکو کسی نے بھی اغواء نہیں کیا وہ گھر سے ناراض ہو کر کہیں چلا گیا تھا

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

ریلوے محفوظ، معیاری اور جدید سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے، حنیف عباسی

وزیراعظم کی ہدایات پر اور وزیراعلیٰ سندھ کے اشتراک سے سندھ بھر میں ریلوے کے ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کیا جائیگا، وزیر ریلوے

پاکستان ریلوے پنجاب کے ساتھ ساتھ اب سندھ حکومت کے تعاون سے بھی بڑے پیمانے پر ترقیاتی اقدامات کا آغاز کر رہی ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر ریلوے کی زیر صدارت سکھر ریلوے ڈویژن سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ریلوے انفراسٹرکچر، مسافروں کی سہولیات اور سندھ میں جاری و آئندہ ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ وزیراعظم پاکستان کی ہدایات کی روشنی میں وزیر ریلوے نے وزیراعلیٰ سندھ کے اشتراک سے سندھ بھر میں ریلوے کے ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس ضمن میں پاکستان ریلوے پنجاب کے ساتھ ساتھ اب سندھ حکومت کے تعاون سے بھی بڑے پیمانے پر ترقیاتی اقدامات کر رہی ہے۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ کراچی کینٹ ریلوے اسٹیشن کی کامیاب اپ گریڈیشن کے بعد اب روہڑی ریلوے اسٹیشن کی اپ گریڈیشن کی باری ہے۔ روہڑی ریلوے اسٹیشن کی اپ گریڈیشن کے لیے ایک جامع ماسٹر پلان تیار کر لیا گیا ہے جبکہ رواں ماہ اس منصوبے کے لیے ٹینڈر جاری کیا جائے گا۔ روہڑی اپ گریڈیشن سندھ حکومت کے تعاون سے مکمل کی جائے گی، جس کی مجموعی لاگت کا 50 فیصد سندھ حکومت جبکہ 50 فیصد پاکستان ریلوے برداشت کرے گی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ روہڑی ریلوے اسٹیشن کی اپ گریڈیشن آئندہ سال جون تک مکمل کر لی جائے گی۔ وزیر ریلوے نے کہا کہ اپ گریڈیشن کے بعد روہڑی ریلوے اسٹیشن ملک کے جدید ترین اور بہترین ریلوے اسٹیشنز میں شامل ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ روہڑی اسٹیشن پاکستان ریلوے کا ایک اہم جنکشن ہے جہاں روزانہ 20 ہزار سے زائد مسافروں کی آمد و رفت ہوتی ہے، اس لیے سہولیات میں بہتری ناگزیر ہے۔ اجلاس میں سندھ کی عوام کے لیے پاکستان ریلوے کی جانب سے بڑی خوشخبری دیتے ہوئے سکھر ریلوے اسٹیشن کو اس کی اصل تاریخی اور جمالیاتی حالت میں اپ لفٹ کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس کے ساتھ ساتھ سکھر ایکسپریس کے ریکس کی ریفربشمنٹ اور اپ گریڈیشن جلد مکمل کرنے کی ہدایت بھی جاری کی گئی۔ وزیر اعلیٰ سندھ کی جانب سے روہڑی اپ گریڈیشن منصوبے اور دیگر ریلوے ترقیاتی امور میں مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی گئی۔ اجلاس میں غیر محفوظ (Unmanned) ریلوے کراسنگز کو محفوظ (Manned) بنانے کے معاملے پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی، جس پر وزیر اعلیٰ سندھ نے خصوصی توجہ اور عملی اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ وزیر ریلوے نے وزیر اعلیٰ سندھ کے تعاون کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ وفاق اور صوبے کے باہمی اشتراک سے سندھ میں ریلوے کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ اجلاس میں مسافروں کو معیاری اور محفوظ خوراک کی فراہمی کے لیے سندھ فوڈ اتھارٹی کو خط ارسال کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ وزیر ریلوے نے اس موقع پر واضح موقف اختیار کیا کہ فوڈ کوالٹی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ وزیر ریلوے نے کہا کہ پاکستان ریلوے مسافروں کو محفوظ، معیاری اور جدید سہولیات فراہم کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے اور سندھ کے عوام کو ریلوے کے شعبے میں مزید بہتری کے ثمرات جلد ملیں گے۔

گورنر جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر راحیلہ حمید خان درانی ملاقات کر رہی ہیں

بلوچستان کے بغیر مستحکم پاکستان ناممکن ہے، سید صادق آغا

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کہا ہے کہ موجودہ ملکی حالات تقاضا کرتے ہیں کہ تمام سیاسی قوتیں ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر پاکستان کے استحکام اور بقا کے لیے متحد ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان طویل عرصے سے محرومیوں کا شکار ہے اور یہاں کے عوام آج بھی بنیادی سہولیات، روزگار اور تحفظ کے حق سے محروم ہیں، جو لمحہ فکریہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن کا قیام طاقت کے استعمال سے نہیں بلکہ انصاف، سیاسی مکالمے اور عوامی اعتماد کی بحالی سے ممکن ہے۔ صوبے کے نوجوانوں کو تعلیم اور روزگار کے مواقع فراہم کیے بغیر ترقی کا خواب پورا نہیں ہو سکتا۔ سید صادق آغا نے کہا کہ وسائل پر پہلا حق بلوچستان کے عوام کا ہے

بحریہ یونیورسٹی لاہور کیمپس میں چوتھے کانووکیشن کا انعقاد

اسلام آباد (شاکر رحمان) بحریہ یونیورسٹی لاہور کیمپس کے چوتھے کانووکیشن کی تقریب منعقد ہوئی چیف آف دی نیول اسٹاف اور بحریہ یونیورسٹی کے پرو چانسلر ایڈمرل نوید اشرف نے بطور مہمان خصوصی تقریب میں شرکت کی اور فارغ التحصیل طلبہ میں اسناد تقسیم کیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایڈمرل نوید اشرف نے بحریہ یونیورسٹی کی تعلیمی خدمات، جدت کے فروغ اور طلبہ کی کردار سازی کیلئے کاوشوں کو سراہا انہوں نے فارغ التحصیل طلبہ کی محنت، نظم و ضبط اور ثابت قدمی کی تعریف کی اور ان کے اہل خانہ کو بھی مبارکباد پیش کی۔ کانووکیشن کے موقع پر کمپیوٹر سائنس، مینجمنٹ سائنسز اور پروفیشنل سائیکالوجی کے شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے مجموعی طور پر 564 طلبہ کو پی ایچ ڈی، ایم ایس اور بی ایس کی اسناد سے نوازا گیا

گڈانی کے محمد علی شیخ گوٹھ میں بنیادی سہولیات کا فقدان، مکین پریشان

سہولیات فراہم کی جائیں، پی ڈی اے اور چیئرمین میونسپل کمیٹی گڈانی سے اپیل

گڈانی (یو این اے) محمد علی شیخ گوٹھ کے مکین زندگی کی تمام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، جہاں بجلی اور پانی جیسی اہم ضروریات تک میسر نہیں، جس کے باعث عوام شدید مشکلات میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ گوٹھ کے مکینوں کا کہنا ہے کہ حالیہ انتخابات میں انہوں نے نواب آف لسبیلہ جام کمال خان کی حمایت کی اور آج بھی ان کے ساتھ کھڑے ہیں، تاہم افسوس کہ تاحال مسائل کے حل کے لیے کوئی عملی پیش رفت نظر نہیں آ رہی۔ مکینوں نے بتایا کہ بلوچستان ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے گڈانی کے بعض علاقوں میں پانی کی ٹینکیاں تعمیر کی جا رہی ہیں، مگر ان کے گوٹھ کو نظر انداز کیا گیا ہے۔ گوٹھ کے مکینوں نے بی ڈی اے اور چیئرمین میونسپل کمیٹی گڈانی وڈیرہ جان شیر حمید سے مطالبہ کیا ہے کہ پانی، بجلی، صحت، تعلیم اور سڑکوں سمیت بنیادی سہولیات کی فوری فراہمی یقینی بنائی جائے اور گڈانی کے تمام علاقوں میں یکساں ترقیاتی کام کیے جائیں۔

مریضوں کو بروقت طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، پی پی ایچ آئی

عملہ پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ایمانداری اور لگن کے ساتھ انجام دیں، ڈاکٹر مرشد دشتی

گوادر (خ ن) ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی نے بیسک ہیلتھ یونٹ (بی ایچ یو) نگور شریف کا تفصیلی مانیٹرنگ دورہ کیا دورے کے دوران انہوں نے طبی عملے کی حاضری چیک کی اور فراہم کی جانے والی صحت سہولیات کا بغور جائزہ لیا۔ ڈاکٹر مرشد دشتی نے او پی ڈی رجسٹر، ای پی آئی سائنس، حفاظتی ٹیکہ جات کے ریکارڈ اور دیگر متعلقہ دستاویزات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے اس بات کو یقینی بنایا کہ مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں اور حفاظتی ٹیکہ جات کا عمل مقررہ اصولوں کے مطابق جاری ہے۔ اس موقع پر ڈاکٹر مرشد دشتی نے عملے کو ہدایت دی کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ایمانداری اور لگن کے ساتھ انجام دیں، خصوصاً ماں اور بچے کی صحت اور حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام پر خصوصی توجہ دی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی پی ایچ آئی کا مقصد دور دراز علاقوں میں صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے

ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کو یقینی بنانا اولین ترجیح ہے، زرک مندوخیل

صوبے کی پسماندگی کا خاتمہ تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے بغیر ممکن نہیں، رکن صوبائی اسمبلی

حلقے میں سڑکوں کی تعمیر، صاف پانی کی فراہمی، بجلی کی بہتری، تعلیمی اداروں کی اپ گریڈیشن کیلئے اقدامات جاری ہیں

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما و رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان کی پسماندگی کا خاتمہ تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے بغیر ممکن نہیں۔ اسی وژن کے تحت وہ اپنے حلقے میں سڑکوں کی تعمیر، صاف پانی کی فراہمی، بجلی کی بہتری، تعلیمی اداروں کی اپ گریڈیشن اور صحت کے مراکز کی فعالیت کے لیے مسلسل کوششیں کر رہے ہیں ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانا ان کی اولین ترجیح ہے یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل سے بخوبی آگاہ ہے اور انہیں حل کرنے کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات کر رہی ہے حکومت کی پالیسیوں کا محور عام آدمی کی فلاح و بہبود ہے اور اسی لیے دور دراز علاقوں کو بھی ترقی کے عمل میں شامل کیا جا رہا ہے صحت اور تعلیم کے شعبوں میں اصلاحات سے نہ صرف معیار بہتر ہوگا بلکہ نوجوان نسل کو آگے بڑھنے کے مواقع بھی میسر آئیں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا مستقبل نوجوانوں سے وابستہ ہے اور انہیں مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے نوجوانوں کو تعلیم، ہنر اور روزگار کے مواقع فراہم کر کے ہی صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے انہوں نے اساتذہ، ڈاکٹرز اور دیگر سرکاری ملازمین کے کردار کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ یہ طبقہ معاشرے کی بنیاد ہے اور ان کی عزت و وقار کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اسمبلی کے اندر اور باہر عوامی مفاد کے لیے آواز بلند کرتے رہیں گے اور بلوچستان کو ایک پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ صوبہ بنانے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے انہوں نے عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی کامیابی دراصل عوام کے اعتماد کا نتیجہ ہے اور وہ اس اعتماد پر پورا اترنے کے لیے دن رات محنت جاری رکھیں گے۔ عوامی و سیاسی حلقوں نے بھی ان کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ ان کی قیادت میں حلقے اور صوبے میں ترقی کا عمل مزید تیز ہوگا۔

نصیر آباد بچی سے بھیک منگوانے والا باپ پولیس کی حراست میں

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد میں بچی سے بھیک منگوانے والے والد کو حراست میں لے لیا گیا۔ سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو وائرل ہوئی جس میں ایک معصوم کمسن بچی اپنے والد کے خلاف دہائی دے رہی تھی کہ وہ اسے زبردستی بھیک مانگنے پر مجبور کرتا ہے، مار پیٹ کرتا ہے اور بعض اوقات گھر سے بھی نکال دیتا ہے ویڈیو وائرل ہونے پر ایس ایس پی نصیر آباد غلام سرور بھیو نے فوری نوٹس لیتے ہوئے واقعہ میں ملوث والد کی گرفتاری کے احکامات جاری کیے ایس ڈی پی او سرکل سٹی محمد محسن سونگی کی ہدایات پر ایس ایچ او پولیس تھانہ محمد مراد بھنگر نے ایس ایچ او و دمن پولیس اسٹیشن جائنٹ بی بی کے ہمراہ بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا

صوبوں کے درمیان مساوی حقوق پر یقین رکھتے ہیں، پروفیسر حلیم صادق

بلوچستان کی ترقی کے بغیر پاکستان کی خوشحالی ممکن نہیں، صوبائی جنرل سیکرٹری اے پی پی

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا اور وسائل سے مالا مال صوبہ ہے، مگر بدقسمتی سے یہاں کے عوام آج بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم، صحت، روزگار اور امن و امان جیسے اہم شعبوں میں فوری اور عملی اقدامات کی اشد ضرورت ہے۔ بلوچستان کے نوجوان باصلاحیت ہیں، مگر انہیں مواقع فراہم نہیں کیے جا رہے، جس کی وجہ سے مایوسی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام پاکستان پارٹی ملک میں آئین کی بالادستی، جمہوری روایات اور تمام صوبوں کے درمیان مساوی حقوق پر یقین رکھتی ہے۔ پارٹی سمجھتی ہے کہ وسائل پر پہلا حق مقامی عوام کا ہے اور بلوچستان کے وسائل کو بلوچستان کی ترقی کے لیے استعمال کیا جانا چاہیے۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ پائیدار امن صرف طاقت سے نہیں بلکہ انصاف، مکالمے اور اعتماد سازی سے قائم ہوتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے عوام کی آواز ہر فورم پر بلند کرتی رہے گی اور کسی بھی ناانصافی پر خاموش نہیں رہے گی۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ ایک مضبوط، مستحکم اور خوشحال پاکستان کے لیے ضروری ہے

پارلیمانی سیکرٹری فشریز برکت علی رند سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

جاری پولیو مہم میں کوئی بھی بچہ ویکسینیشن سے محروم نہ رہے، ڈی سی کوئٹہ

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت حالیہ جاری پولیو مہم کے پہلے روز کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، تمام متعلقہ آفیسران اور اسٹاف نے شرکت کی

ضلع بھر میں جاری پولیو مہم سے متعلق بریفنگ دی گئی، تمام مانیٹرز نے مختلف یونین کونسلز سے موصول ہونے والی رپورٹس پیش کیں

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت جاری پولیو مہم کے پہلے روز کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی ایچ او کوئٹہ، ڈپٹی ڈی ایچ او، ڈسٹرکٹ پولیو کوآرڈینیٹر، نیشنل ای او سی کے ممبران، پراونشل ای او سی کے ممبران، این اسٹاف اور مانیٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع بھر میں جاری پولیو مہم سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ تمام مانیٹرز نے مختلف یونین کونسلز سے موصول ہونے والی رپورٹس پیش کیں۔ اجلاس میں ریفیوزل کیسز، این اے، اسٹل این اے، کلسٹرز، این ٹی ہاؤسز اور دیگر اہم امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے پولیو مہم کو مزید موثر بنانے کے لیے متعلقہ افسران اور فیلڈ اسٹاف کو سخت ہدایات جاری کیں اور اس بات پر زور دیا کہ کوئی بھی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے مہم کی کڑی نگرانی، بروقت رپورٹنگ اور والدین کو قائل کرنے کے عمل کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر، پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

منگل 16 دسمبر 2025ء

ملک کو درپیش توانائی کے مسائل کا پائیدار اور مستقل حل نکالنے کی ضرورت!!

وزیراعظم شہباز شریف نے بجلی کی ترسیل کار کمپنیوں (ڈسکوز) اور پیداواری کمپنیوں (جینکوز) کی نجکاری کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بجلی کے نظام کی نجکاری کے ذریعے ملک میں مسابقت پر مبنی بجلی کی مارکیٹ کی تشکیل ہی ملک میں توانائی کے مسائل کا پائیدار حل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اس اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں بجلی کے شعبے میں اصلاحات کے حوالے سے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وفاقی وزراء سینیٹر محمد اورنگزیب، احد خان چیمہ، سردار اویس احمد لغاری، مشیر برائے نجکاری محمد علی، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بالکل بجا کہا ہے ہمیں چاہئے کہ اب توانائی کے مسائل کا پائیدار اور مستقل حل نکالیں ایڈہاک پالیسیوں کی بجائے مستقل پالیسیوں پر کاربند رہنے کی ضرورت ہے توانائی کے بحران کا حل تلاش کرنا ایک سنگین اور ضروری مسئلہ ہے، جو نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا کے کئی ممالک کے لئے ایک چیلنج بنا ہوا ہے۔ پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک میں توانائی کے بحران کا حل تلاش کرنا ایک نہایت پیچیدہ اور اہم مسئلہ ہے۔ توانائی کی کمیابی نہ صرف ملک کی اقتصادی ترقی میں رکاوٹ ڈال رہی ہے بلکہ اس کا اثر عوام کی روزمرہ زندگی پر بھی پڑ رہا ہے۔ حالیہ برسوں میں بجلی کے بحران نے عوام کو سخت مشکلات میں مبتلا کیا ہے۔ اس بحران سے نمٹنے کے لئے حکومت نے مختلف اقدامات اٹھانے کی کوشش کی ہے، تاہم یہ مسائل ابھی تک حل نہیں ہو سکے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اس صورتحال کا تجزیہ کرتے ہوئے توانائی کے بحران کا پائیدار حل نکالنے کی ضرورت پر زور دیا ہے اور مسابقت پر مبنی بجلی کی مارکیٹ کی تشکیل کو اس کا حل قرار دیا ہے۔ بڑھتی ہوئی طلب، محدود پیداوار، توانائی کی ترسیل کے مسائل اور مالی مشکلات وہ عوامل ہیں جو اس بحران کو مزید پیچیدہ بناتے ہیں۔ ایک طرف پاکستان کی بڑھتی ہوئی آبادی اور صنعتی ترقی نے توانائی کی طلب کو بڑھا دیا ہے، تو دوسری طرف ملک میں توانائی کے ذخائر محدود ہیں اور بجلی کی پیداوار کے نظام میں جدیدیت کی کمی ہے۔ اس کے نتیجے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا سامنا عوام کو کرنا پڑتا ہے، جس سے نہ صرف کاروبار متاثر ہوتے ہیں بلکہ عوامی زندگی بھی مفلوج ہو جاتی ہے۔ اس کے علاوہ، بجلی کی ترسیل کے نظام میں بھی کئی مسائل ہیں، جن میں لائن لاسز، خراب انفراسٹرکچر اور غیر موثر انتظامیہ شامل ہیں۔ بجلی کی ترسیل اور تقسیم کے لئے موجودہ نظام کئی دہائیوں پرانا ہے اور اس کی حالت کو جدید تقاضوں کے مطابق بہتر بنانے کی ضرورت ہے وزیراعظم شہباز شریف نے توانائی کے بحران کو حل کرنے کے لئے جو راستہ تجویز کیا ہے وہ اہمیت کا حامل ہے پاکستان میں توانائی کے مسائل کا پائیدار حل مسابقت پر مبنی بجلی کی مارکیٹ کی تشکیل میں ہے۔ وزیراعظم نے بجلی کی ترسیل کار کمپنیوں (ڈسکوز) اور پیداواری کمپنیوں (جینکوز) کی نجکاری کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایت کی ہے تاکہ ملک میں ایک موثر اور مسابقتی بجلی کی مارکیٹ قائم کی جا سکے۔ مسابقت پر مبنی بجلی کی مارکیٹ کا مقصد یہ ہے کہ جب مختلف نجی کمپنیوں کے درمیان مسابقت ہوگی تو وہ اپنی خدمات میں بہتری لانے کی کوشش کریں گی تاکہ وہ صارفین کو سستی اور بہتر بجلی فراہم کر سکیں۔ اس سے نہ صرف بجلی کی قیمتوں میں کمی آئے گی بلکہ بجلی کی ترسیل کے نظام میں بھی بہتری آئے گی کیونکہ نجی کمپنیاں اپنے وسائل کو زیادہ موثر انداز میں استعمال کریں گی۔ اس کے علاوہ، مارکیٹ میں مسابقت کی وجہ سے توانائی کے بحران کو حل کرنے کے لئے نئے سرمایہ کاروں کو بھی متوجہ کیا جا سکے گا، جو توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کریں گے۔ اگر نجکاری کے سوا کوئی اور چارہ نہیں تو اب وقت آگیا ہے کہ فیصلہ کن اقدامات کئے جائیں حکومت نے توانائی کے شعبے کی اصلاحات کے لئے سنگین فیصلے کرنے کا عزم کیا ہے۔ نجکاری کے ذریعے بجلی کے شعبے میں بہتری لانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ جب نجی شعبہ بجلی کی پیداوار اور ترسیل میں شامل ہوگا تو اس کی کارکردگی میں اضافہ ہوگا کیونکہ نجی کمپنیاں اپنے منافع کو بڑھانے کے لئے بہتر انتظامی طریقے اختیار کریں گی۔ نجکاری کے ذریعے پاکستان کی توانائی کے شعبے کو عالمی معیارات کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اس کا ایک بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ نجی کمپنیاں جدید ترین ٹیکنالوجی اور طریقہ کار استعمال کریں گی، جس سے بجلی کی پیداوار اور ترسیل کے عمل میں بہتری آئے گی۔ اس کے علاوہ، نجی شعبے کی شمولیت سے توانائی کے بحران کو حل کرنے کے لئے سرمایہ کاری بھی بڑھے گی، جو اقتصادی ترقی میں معاون ثابت ہوگی۔ پاکستان میں توانائی کے بحران کا ایک اور اہم پہلو بجلی کی ذخیرہ اندوزی کا مسئلہ ہے۔ جب توانائی کی پیداوار زیادہ ہو اور طلب کم ہو تو توانائی ضائع ہو جاتی ہے۔ اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے وزیراعظم نے بیٹری انرجی سٹوریج سسٹم پر زور دیا ہے۔ بیٹری انرجی سٹوریج سسٹم توانائی کو ذخیرہ کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے، جس سے جب توانائی کی طلب بڑھتی ہے تو ذخیرہ شدہ توانائی کو استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ اس سسٹم کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے متعارف کرایا جا سکتا ہے، جس میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری اور حکومتی حمایت سے اس نظام کو موثر بنایا جا سکتا ہے۔ اس سسٹم کی مدد سے توانائی کی فراہمی میں توازن قائم کیا جا سکتا ہے، خاص طور پر توانائی کے بحران کے دوران جب بجلی کی طلب اور رسد میں فرق ہو۔ بیٹری انرجی سٹوریج سسٹم سے نہ صرف توانائی کی ترسیل میں بہتری آئے گی بلکہ بجلی کی قیمتوں میں کمی بھی ممکن ہوگی، کیونکہ توانائی کے ضیاع کو کم کیا جائے گا اور ذخیرہ شدہ توانائی کو زیادہ موثر انداز میں استعمال کیا جائے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں توانائی کے شعبے میں اٹھائے گئے اقدامات قابل ستائش ہیں۔ ان اقدامات سے یہ واضح ہوتا ہے کہ حکومت توانائی کے بحران کو حل کرنے کے لئے سنجیدہ ہے اور اس میں کوئی کسر نہیں چھوڑنا چاہتی بجلی کے شعبے میں اصلاحات کے لئے کئے گئے فیصلے ایک اہم قدم ہیں اور ان سے ملک میں توانائی کے شعبے میں ایک نیا دور شروع ہو سکتا ہے۔ ان اصلاحات کے ذریعے پاکستان میں توانائی کے شعبے کو عالمی معیار کے مطابق ڈھالا جا سکتا ہے، جس سے نہ صرف توانائی کی فراہمی میں بہتری آئے گی بلکہ اقتصادی ترقی کے نئے راستے بھی کھلیں گے۔ حکومت کی طرف سے اس وقت جو اقدامات کئے جا رہے ہیں، ان سے نہ صرف عوام کو سستی اور بہتر بجلی ملے گی بلکہ ملک کی معیشت میں بھی استحکام آئے گا۔

فیض حمید کی سزا اور میرا صحافتی کیرئیر

فیض حمید کو انہی کے محکمے کی جانب سے سنگین سزا سنائے جانے کے بعد ملک بھر کے بے شمار صحافیوں کو براہ راست ان کے ہاتھوں یا مبینہ طور پر ان کے حکم پر دیے صدمے یاد آنے لگے ہیں۔ مجھ دو ٹکے کے صحافی کو مگر موصوف نے کبھی براہ راست رابطے کے قابل ہی نہ سمجھا۔ ان کی بے اعتنائی نے میرے نام کے ساتھ 'سینئر صحافی' کی لگی تہمت عیاں کر دی۔ ثابت ہو گیا کہ عمر تمام صحافت کی نذر کر دینے کے باوجود میں اس قابل ہی نہ تھا کہ ان جیسی 'خلائی مخلوق' میرے بارے میں مضطرب محسوس کرتی۔

زندگی یوں بھی گزر ہی جاتی مگر 2016ء کے دوران جس ٹیلی وژن چینل نے مجھے بہت چاؤ سے اپنے ہاں ملازم رکھا تھا وہاں عجیب واقعات کا سامنا کرنا پڑا۔ بر وقت بھول جانا میری عادت ہے۔ اس چینل کا نام اسی وجہ سے لکھ نہیں رہا جہاں یہ واقعات پیش آئے۔ انہوں نے مجھے حیران و پریشان اس لیے بھی کیا کیونکہ وہ چینل ایک نہایت تگڑے صحافتی ادارے سے تعلق رکھتا تھا۔ وہاں میسر 'آزادی' دیگر صحافتی اداروں میں کام کرنے والوں کے لیے قابل حسد شمار ہوتی تھی (کم از کم اس کے اخبار کی حد تک)۔ چینل میں چند ہی ہفتے گزرے تو پیغام آیا کہ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے یعنی ضرورت سے زیادہ بے باک ہو جاتا ہوں۔ اس کے علاوہ مجھے اپنا لہجہ بھی 'مہذب' رکھنے پر زور دیا گیا۔ چھٹی جماعت سے ریڈیو پاکستان ...

دو عالمی ریکارڈ توڑنے کی 'کامیاب کوشش' کرنے والے سلطان گولڈن

پاکستان کے صوبہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے سلطان محمد گولڈن نے ریورس ڈرائیو (یعنی پیچھے کی جانب گاڑی چلانا) اور ریورس جمپ کے دو عالمی ریکارڈز توڑنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔ سلطان گولڈن نے 121 فٹ کی ریورس جمپ کی ہے جبکہ انھوں نے 57 سیکنڈز میں ایک میل کا فاصلہ ریورس گاڑی چلاتے ہوئے طے کیا۔ عالمی ریکارڈز توڑنے کی اس تقریب میں پاک ویلز سے منسلک سنیل منج بھی بطور گواہ (وِٹنس) موجود تھے۔ انھوں نے کہا کہ '89 فٹ کی ریورس جمپ کا گنیز ورلڈ ریکارڈ 2014 میں امریکی شخص راب ریڈوک نے قائم کیا تھا، جبکہ سلطان گولڈن نے 121 فٹ کی ریورس جمپ کی ہے۔' انھوں نے کہا کہ گنیز ورلڈ ریکارڈ کی انتظامیہ کے ضوابط اور شرائط ...

ریورس سپیڈ میں مہارت حاصل کی اور آخر کار دو ریکارڈز بنا کر اپنا نام گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں شامل کروانے کا خواب پورا کیا۔ 'وہ اپنی ان کامیابیوں کو پاکستان کی جیت اور اعزاز سمجھتے ہیں۔ اس مہارت میں آپ کا استاد کون ہے؟' اس سوال کے جواب میں سلطان گولڈن نے بی بی سی کو بتایا کہ 'میرا کوئی استاد نہیں ہے بلکہ اپنے بچپن کے شوق کی وجہ سے میں نے خود اس میں مہارت حاصل کی۔' انھوں نے دعویٰ کیا کہ انھوں نے سنہ 1994 سب سے پہلے ریورس کار جمپ میں فیصل آباد میں ریکارڈ بنایا مگر اس وقت حکومت نے اُن کے ریکارڈ کو گنیز بک ورلڈ ریکارڈ کی انتظامیہ کو نہیں بھیجا۔ سلطان گولڈن نے بتایا کہ وہ گذشتہ کئی برسوں سے تبلیغ کے کام میں شمولیت اختیار کر رہے تھے اور اس حوالے سے اُن کے خدشات تھے کہ آیا ان کا شوق جائز ہے یا نہیں۔ وہ بتاتے ہیں کہ اس کے بعد انھوں نے فتویٰ لیا کہ یہ کام جائز ہے اور دوبارہ اپنے شوق کی تکمیل کی ٹھانی۔ سلطان گولڈن کا کہنا ہے کہ امریکی شہری کی جانب 89 فٹ کا لانگ جمپ کے ریکارڈ کو کافی لوگ توڑنے کی کوشش کر رہے تھے۔ یاد رہے کہ سلطان گولڈن نے ریکارڈ توڑنے کی یہ کوشش کسی باقاعدہ ٹریک ...

تیرہ سالہ ناکام حکمرانی: لہولہان خیبر پختونخوا

خیبر پختونخوا میں سال 2025 کے دوران دہشت گردی کے واقعات میں ہونے والے جانی نقصان سے متعلق کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کی انتہائی تشویشناک اور افسوسناک تفصیلات سامنے آئی ہیں۔ خیبر پختونخوا اس وقت ایک سنگین اور کثیرالجہتی بحران سے دوچار ہے۔ یہ صوبہ، جو ایک دہائی سے زائد عرصے سے دہشت گردی، بدامنی اور عدم استحکام کا سامنا کرتا آ رہا ہے، سال 2025 میں ایک بار پھر خون میں نہاتا دکھائی دیتا ہے۔ حالیہ سرکاری رپورٹس کے مطابق رواں سال دہشت گردی کے ایک ہزار 588 واقعات میں سیکڑوں شہریوں اور سیکیورٹی اہلکاروں کی جانیں ضائع ہوئیں، جبکہ درجنوں علاقے مسلسل عدم تحفظ کی کیفیت میں مبتلا رہے۔ یہ صورتحال محض ایک سیکیورٹی ناکامی نہیں بلکہ حکومتی ترجیحات، سیاسی طرز عمل اور انتظامی غفلت پر بھی ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ یہ محض ایک سیکیورٹی رپورٹ نہیں بلکہ صوبے کی مجموعی طرز حکمرانی پر ایک فرد جرم ہے۔ یہ اعداد و شمار اس تلخ حقیقت کی نشاندہی کرتے ہیں کہ دہشت گردی کا ناسور نہ صرف زندہ ہے بلکہ کئی علاقوں میں پہلے سے زیادہ منظم اور مہلک صورت اختیار کر چکا ہے۔ سرکاری رپورٹس کی مجموعی تصویر یہ ظاہر کرتی ہے کہ رواں سال خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے واقعات کی تعداد غیر معمولی رہی، جن میں سب سے زیادہ نشانہ عام شہری اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بنے۔ پولیس، فیڈرل کانسٹیبلری اور دیگر سیکیورٹی فورسز کے اہلکاروں کی شہادتیں اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ فرنٹ لائن پر کھڑا سپاہی آج بھی ناکافی وسائل، محدود انٹیلی جنس سپورٹ اور غیر یقینی حکومتی پشت پناہی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں نبھا رہا ہے۔ شمالی اور جنوبی وزیرستان، بنوں اور ڈیرہ اسماعیل خان بدستور سب سے زیادہ متاثر رہے، جہاں ریاستی موجودگی کمزور جبکہ دہشت گرد نیٹ ورکس مضبوط دکھائی دیتے ہیں۔

یہ امر یاد رکھنا ضروری ہے کہ خیبر پختونخوا کوئی نیا بحران نہیں جھیل رہا۔ 2007 سے 2014 تک صوبہ دہشت گردی کی بدترین لہر سے گزرا، جس کے بعد آپریشن ضرب عضب اور ردالفساد کے نتیجے میں ایک حد تک امن بحال ہوا۔ اس وقت یہ امید پیدا ہوئی تھی کہ صوبائی حکومتیں اس عارضی امن کو مستقل بنانے کے لیے پولیس اصلاحات، مقامی انٹیلی جنس، سرحدی نظم و نسق اور سماجی بحالی کے موثر پروگراموں پر توجہ دیں گی، مگر بدقسمتی سے یہ قیمتی موقع ضائع کر دیا گیا۔ تحریک انصاف گزشتہ تیرہ برس سے خیبر پختونخوا میں اقتدار میں ہے۔ یہ مدت کسی بھی حکومت کے لیے اصلاحات، ادارہ سازی اور نتائج دینے کے لیے کافی سمجھی جاتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ اس طویل دور حکمرانی میں انسداد دہشت گردی کے حوالے سے کون سی پائیدار اور موثر پالیسی تشکیل دی گئی؟ کیا پولیس کو جدید ٹیکنالوجی، فرانزک صلاحیت اور حقیقی سیاسی خودمختاری دی گئی؟ کیا سی ٹی ڈی کو محض ردعمل کے بجائے پیشگی کارروائی کے قابل بنایا گیا؟ بدقسمتی سے ان تمام سوالات کا جواب نفی میں ہے۔

اس ناکامی کی ایک بڑی وجہ صوبائی حکومت کی ترجیحات ہیں۔ گزشتہ چند برسوں میں صوبائی حکمرانی کا مرکز عوامی مسائل کے بجائے احتجاجی سیاست، وفاق کے ساتھ مسلسل محاذ آرائی اور سیاسی بیانیے کی جنگ بنا رہا۔ صوبے کے وسائل، توانائی اور توجہ کا بڑا حصہ ایسے سیاسی معرکوں پر صرف ہوا جن کا عام شہری کے جان و مال کے تحفظ سے کوئی براہ راست تعلق نہیں۔ ایک ایسی جماعت جو خود کو تبدیلی کا علمبردار کہتی رہی، وہ عملی طور پر گورننس کے بنیادی تقاضے پورے کرنے میں مکمل طور پر ناکام رہی، البتہ مخالفین کے خلاف گالم گلوچ، جذباتی تقاریر اور اشتعال انگیز نعروں میں وہ بلا مقابلہ کامیاب رہی۔ دہشت گردی کو صرف بندوق کے زور پر نہیں روکا جا سکتا۔ یہ ایک ہمہ جہت مسئلہ ہے، جس کے سماجی، معاشی اور فکری پہلو بھی ہیں۔ خیبر پختونخوا کے کئی اضلاع میں بے روزگاری، تعلیمی پسماندگی، مقامی تنازعات اور انصاف تک محدود رسائی ایسے عوامل ہیں جو شدت پسندی کے لیے زرخیز زمین فراہم کرتے ہیں۔ صوبائی حکومت اگر سنجیدگی کا مظاہرہ کرتی تو ان علاقوں میں تعلیم، روزگار اور مضبوط مقامی حکومتوں کے ذریعے دہشت گردی کی جڑیں کمزور کی جا سکتی تھیں، مگر بدقسمتی سے یہ شعبے بھی مسلسل نظرانداز ہوتے رہے۔

یہ بھی ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ دہشت گردی کے ہر بڑے واقعے کے بعد حکومتی ردعمل بیانات، مذمتوں اور وقتی اقدامات تک محدود رہا۔ نہ تو کسی بڑے سانحے کے بعد جامع پالیسی ریویو سامنے آیا اور نہ ہی کسی ناکامی کی سیاسی یا انتظامی ذمہ داری قبول کی گئی۔ اس کے برعکس صوبائی حکومت خود احتسابی کے بجائے مرکزی حکومت اور سیکیورٹی اداروں کو مورد الزام ٹھہراتی رہی۔ جب حکمران خود احتسابی سے گریز کریں تو نظام کمزور اور دشمن مضبوط ہو جاتا ہے۔ آج خیبر پختونخوا کے عوام ایک سادہ مگر بنیادی سوال پوچھ رہے ہیں: اگر تیرہ سال کی مسلسل حکمرانی کے باوجود شہری محفوظ نہیں، فوج، پولیس اور فیڈرل کانسٹیبلری کے اہلکار شہید ہو رہے ہیں اور دہشت گرد منظم انداز میں کارروائیاں کر رہے ہیں تو پھر اس حکومت کی کارکردگی کو کس پیمانے پر کامیاب کہا جا سکتا ہے؟ ہر بار حالات کا الزام ماضی، وفاق یا بیرونی عناصر پر ڈال دینا اب عوام کے لیے قابل قبول نہیں رہا۔ اب وقت آ چکا ہے کہ صوبے میں سنجیدہ اور غیر سیاسی بنیادوں پر ایک جامع سیکیورٹی پالیسی تشکیل دی جائے۔ پولیس اور سی ٹی ڈی کو مکمل آپریشنل خودمختاری، جدید ٹیکنالوجی اور مستقل تربیت فراہم کی جائے۔ صوبے بھر میں، خصوصاً متاثرہ اضلاع میں، مقامی انٹیلی جنس نیٹ ورک کو مضبوط بنایا جائے اور بارڈر مینجمنٹ کو موثر اور مربوط کیا جائے۔ سب سے بڑھ کر، حکومتی ارکان کو غیر سنجیدہ اور احتجاجی سیاست سے نکل کر عملی گورننس کی طرف آنا ہوگا۔ خیبر پختونخوا کے عوام امن، ترقی، تعلیم، صحت اور خوشحالی چاہتے ہیں۔ اگر خیبر پختونخوا میں موجودہ طرز حکمرانی جاری رہا تو صوبہ اس بحران کے دائرے سے نکلنے کے لیے صرف فوجی آپریشنز پر انحصار نہیں کر سکے گا بلکہ اس کے لیے دہائیاں درکار ہوں گی۔ عوام مزید تجربات کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ آخر میں سوال صرف یہ نہیں کہ دہشت گردی کیوں بڑھ رہی ہے، بلکہ اصل سوال یہ ہے کہ کیا صوبائی حکومت اپنی سیاسی ترجیحات کو عوام کے جان و مال پر فوقیت دینا بند کرے گی؟

سوشل میڈیا پر ہماری فکری شکست

... ایک دوسرے کے لیے سیکنڈوں میں تیار ہو جاتے ہیں۔ ہمارے لیے انسان کی رائے اہم نہیں رہی بلکہ وہ کس جماعت کا حمایتی ہے، اس سے سارے فیصلے وابستہ ہو چکے ہیں۔

اصل المیہ یہ ہے کہ ہم اپنی سیاسی شناخت کو اپنی سماجی شناخت پر مقدم کرنے لگے ہیں۔ ہمیں سنایا جانا تو پسند ہے مگر ہم سننے کی طاقت کھو بیٹھے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہماری بات وزن رکھے مگر دوسروں کی بات کو ہم خود ہلکا بنا دیتے ہیں۔ یوں لگتا ہے جیسے ہر کوئی اپنی رائے کے ہتھیار سے لیس ہے اور اسے استعمال کرنا ہی جمہوریت سمجھتا ہے۔ یہ صورتحال نہ صرف سیاسی شعور کو بگاڑ رہی ہے بلکہ معاشرے میں بھی ایک عجیب بے ترتیبی کو جنم دے رہی ہے۔ ہماری گفتگو میں اب شور زیادہ اور سوچ کم ہے۔ ہمارا مقصد اب مسئلے کا حل نہیں بلکہ اپنے پسندیدہ بیانیے کو آگے بڑھانا ہے۔ ہم جھوٹ کو اتنی بار سنتے ہیں کہ وہ ہمیں سچ لگنے لگتا ہے اور اس چھوٹے سے چھید کو نہیں دیکھ پاتے جس میں سے ہماری اجتماعی اخلاقیات روز بروز خارج ہوتی جا رہی ہیں۔ سیاست بھی ریاستی مسائل کے حل کا ذریعہ تھی لیکن اب یہ صرف نیوز فیڈ کی اپ ڈیٹس کا حصہ ہے جہاں ٹرینڈ زیادہ طاقتور ہیں اور مکالمہ کمزور۔ جہاں غصہ تیزی سے وائرل ہوتا ہے اور حقیقت کہیں اس کے پیچھے دب جاتی ہے۔ پاکستانی سیاسی جماعتوں نے بھی اس نئے ماحول میں اپنے کردار کو بیشتر مواقع پر ذمہ داری سے نہیں نبھایا۔ منشور، سیاسی روایات اور پالیسی کی بحث آہستہ آہستہ منظر سے غائب ہو گئی اور اس کی جگہ سیاسی بیانیے نے لے لی جو اکثر قیادت کی شخصیت کے گرد گھومتے ہیں نہ کہ عوامی مسائل کے گرد۔ جب جماعتیں اپنے کارکنوں کو نظریہ، برداشت اور مکالمہ نہیں سکھاتیں تو میدان میں وہی سیاسی کارکن اترتے ہیں جو اختلاف کو دشمنی سمجھتے ہیں اور تنقید کو غداری۔ یوں سیاسی انتہاپسندی ایک جماعت یا ایک طبقے تک محدود نہیں رہتی بلکہ پورے معاشرتی ڈھانچے میں جڑ پکڑ لیتی ہے۔

پاکستان میں سوشل میڈیا کے سیاسی استعمال نے ہمیں ایسا معاشرہ بنا دیا ہے جہاں ہم تیزی سے ری ایکٹ کرتے ہیں۔ جہاں ہم سنسنی خیزی کو تجزیے پر، وائرل مواد کو تحقیق پر اور جذبات کو شعور پر ترجیح دیتے ہیں۔ یہی وہ مقام ہے

... لیا ہے۔ یہ وہ عہد ہے جہاں ایک عام شخص، چاہے اسے آئین کی ابتدائی شقوں کا بھی علم نہ ہو، ریاستی ذمہ داریوں کا، جماعتی منشور کا، یا حکومتی ڈھانچے کے بنیادی اصولوں کا کوئی واضح ادراک نہ ہو، اس انداز میں گفتگو کرتا ہے جیسے ریاست کا واحد مشیر اعلیٰ وہی ہو۔ یہ خود اعتمادی نہیں بلکہ ایک ایسے غیر محسوس فریب کا حصہ ہے جو سوشل میڈیا نے ہماری سوچ کو تھما دیا ہے۔ سوشل میڈیا نے ہر شخص کو ایک ایسا اسٹیج دے دیا ہے، جس پر وہ بیک وقت اداکار بھی ہے اور تماشائی بھی۔ اس نے ہر شہری کو یہ گمان بخش دیا ہے کہ اس کی رائے کو ضرور سنا جائے گا، چاہے اس رائے کی بنیاد کمزور ہو یا خالی جذبات پر کھڑی ہو۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ جدید ذرائع گفتگو سے مکالمے کے دروازے کھلتے لیکن ہوا یہ کہ جذبات کی شدت نے دلیل کو خاموش کر دیا۔ ہماری سیاسی گفتگو اب فہم کے بجائے اشتعال پر قائم ہے، جس کا سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ وہ انسان کو سچ کے قریب نہیں بلکہ اس کے مخالف سمت میں لے جاتا ہے۔ جب رائے کی آزادی جذبات کے طوفان میں بہنے لگے تو مکالمہ مر جاتا ہے اور معاشرہ شور کی گرفت میں آ جاتا ہے۔

ماضی میں لوگ بحث میں ایک دوسرے کو قائل کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ اختلاف پایا جاتا تھا مگر دلیل کے ساتھ۔ آج صورتحال مختلف ہے۔ آج ہر شخص اپنے عقائد، اپنی جماعت، اپنے پسندیدہ سیاسی چہرے کو اس قدر حتمی سمجھ بیٹھا ہے کہ وہ خود سے مختلف آواز کو برداشت ہی نہیں کر پاتا۔ ہماری سوچ نے اپنے گرد ایک ایسا دائرہ کھینچ لیا ہے جس میں داخلے کی اجازت صرف ان لوگوں کو ہے جو ہمارے جیسے سوچتے ہیں اور ہمارے جیسے بولتے ہیں۔ اس دائرے کے باہر کوئی بھی قدم رکھے تو اسے غدار قرار دے دیا جاتا ہے اور یہ رد اکثر دلیل نہیں بلکہ تلخی اور جارحیت کی صورت میں سامنے آتا ہے۔ یہ سوشل میڈیا کا سیاسی کلچر ...

مسلمانوں کی دہشت گردی سے نفرت میں اضافہ ہوگا!

پاکستان کے صدر آصف زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف سمیت دنیا بھر کے لیڈروں کی طرف سے سڈنی کی مشہور زمانہ بونڈی بیچ کے قریب فائرنگ کی مذمت کی جا رہی ہے۔ یہ فائرنگ سالانہ تہوار حنوکا منانے والے یہودیوں کے اجتماع پر کی گئی جس میں 12 افراد ہلاک اور دو درجن کے لگ بھگ زخمی ہوئے۔ پولیس نے ایک حملہ آور کی شناخت نوید اکرم نامی شخص کے طور پر کی ہے۔ آسٹریلیا میں مسلمانوں کی دو تنظیموں قومی امام کونسل اور کونسل آف اماموں نیو ساؤ تھ ویلز نے فوری طور سے غیر مشروط پر اس دہشت گرد حملہ کی مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں ان تنظیموں نے کہا ہے کہ اس قسم کے تشدد اور جرم کے لیے معاشرے میں کوئی جگہ نہیں ہے۔ مسلمان تنظیموں نے مرنے والوں کے ساتھ اظہار ہمدردی کرتے ہوئے پوری آسٹریلوی قوم اور خاص طور سے ملک میں آباد مسلمانوں کے درمیان یکجہتی اور اتفاق رائے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ یہ بیان بروقت اور مناسب ہے تاہم صرف ایک بیان دینے سے نہ تو ایک المناک سانحہ کی تلافی ہو سکتی ہے اور نہ ہی اقلیتی گروہوں کے درمیان پیدا ہونے والی غلط فہمی سے نمٹا جا سکتا ہے۔ اس مقصد کے لیے مسلمانوں کی ہمہ قسم تنظیموں کو صرف آسٹریلیا ہی نہیں بلکہ دنیا بھر کے مختلف ممالک میں آباد مسلمانوں کو مل جل کر ایسا لائحہ عمل بنانے کی ضرورت ہے، جس کے تحت انتہا پسندی اور تشدد کو مسترد کیا جائے اور مغربی ممالک میں آباد مسلمان نوجوانوں کو امن اور باہمی احترام کے ساتھ رہنے کی تلقین کی جائے۔

دو ہفتے قبل امریکی دارالحکومت واشنگٹن میں ایک افغان پناہ گزین نے گشت پر متعین نیشنل گارڈز پر حملہ کر کے ایک لڑکی کو ہلاک اور ایک نوجوان کو زخمی کر دیا تھا۔ امریکی صدر ٹرمپ نے اس واقعہ کے بعد نہ صرف افغانستان بلکہ 19 دیگر ممالک سے امیگریشن کو فوری طور سے روکنے اور پہلے سے امریکہ آ جانے والے لاکھوں تارکین وطن و پناہ گزینوں کے اجازت ناموں کی از سر نو پڑتال کرنے کا حکم دیا تھا۔ بعد میں امریکی حکومت ان سختیوں میں اضافے کا اعلان کرتی رہی ہے۔ اس ایک واقعہ نے امریکہ میں مقیم اور امریکہ جانے کے منتظر لاکھوں افغانوں کی مشکلات میں اضافہ کیا ہے۔ ایسے افغان پناہ گزین جو طالبان کے خلاف جنگ میں اتحادی افواج کے لیے کام کرتے رہے تھے اور اب پاکستان سے امریکہ یا دیگر یورپی ممالک جانے کے منتظر تھے، واشنگٹن کے واقعہ کے بعد ان کے لیے امریکہ کے دروازے بند ہو گئے۔ دیگر یورپی ممالک نہ صرف افغان پناہ گزینوں کو قبول کرنے سے گریز کر رہے ہیں بلکہ پہلے سے ان ملکوں میں آ جانے والے پناہ گزینوں کو بھی ملک بدر کرنے کی کوششیں ہو رہی ہیں۔ ایسے بہت سے افغان باشندے پاکستان میں اس امید پر مقیم ہیں کہ انہیں جلد امریکہ یا کسی دوسرے ملک جانے کا موقع مل جائے گا۔ البتہ یہ راستہ بند ہو جانے کے بعد حکومت پاکستان بھی انہیں واپس افغانستان کی طرف دھکیلنے کی کوشش کرے گی۔ صدر ٹرمپ یا دنیا کے دیگر لیڈروں کو اس بات کی پروا نہیں ہوگی کہ طالبان کے خلاف اتحادی فورسز کا ہاتھ بٹانے والے لوگ جب طالبان ہی کے شکنجے میں آئیں گے تو ان کے ساتھ کیا سلوک روا رکھا جائے گا۔

کیوں کہ امریکہ سمیت کوئی بھی ملک ایسے عناصر کو اپنے معاشرے میں لانے کا خطرہ مول نہیں لے سکتا جو اس کے دوسرے شہریوں کے لیے ہلاکت کا باعث بن جائیں۔ اس پس منظر میں یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ اب بونڈی بیچ پر رونما ہونے والے سانحہ کے بعد آسٹریلوی حکومت بھی مسلمان تارکین وطن کے بارے میں زیادہ سخت رویہ اختیار کرے گی۔ اس کے علاوہ ملک میں پہلے سے آباد مسلمان آبادی کے بارے میں شک و شبہ کا عمومی رویہ زیادہ سخت ہو جائے گا۔ ایسے ماحول ہی میں تعصبات اور امتیازی سلوک دیکھنے میں آتا ہے۔ مسلمان تارکین وطن کے لیے روزگار کے مواقع محدود ہو جاتے ہیں اور انہیں رہائش حاصل کرنے میں زیادہ دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ متعدد مغربی ممالک میں یہ مثالیں دیکھی جا سکتی ہیں کہ مین اسٹریم سماج سے علیحدہ ہونے کی وجہ سے بعض مخصوص اقلیتیں خاص علاقوں میں جمع ہونے لگتی ہیں۔ پھر یہ علاقے سماجی پسماندگی اور معاشی ابتری کی مثال بن جاتے ہیں۔ اسی صورت حال کے پیش نظر آسٹریلیا کی دو مسلمان تنظیموں نے بونڈی میں ہونے والی فائرنگ اور افسوسناک ہلاکت خیزی پر بجا طور سے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ البتہ انتہا پسندی کا مسئلہ آسٹریلیا تک محدود نہیں ہے بلکہ اسے ہر مغربی ملک میں آباد مسلمان محسوس کریں گے۔ اس سانحہ سے آسٹریلیا میں تو مباحث اور غور و فکر ہوگا ہی لیکن یورپی ممالک اور امریکہ میں بھی اس مثال سے یہ سوال اٹھایا جائے گا کہ کیا مسلمان اقلیتیں قابل اعتبار ہیں اور کیا وہ بھی ان ملکوں کو جذباتی اور قلبی طور سے قبول کر سکیں گی جہاں انہوں نے خود اپنی مرضی سے آ کر آباد ہونے کا فیصلہ کیا تھا۔ یہ سوال گزشتہ تین دہائیوں سے مختلف شکلوں میں اٹھایا جاتا رہا ہے لیکن نئے عہد میں اس کی شدت میں اضافہ ہوگا اور مسلمانوں کے ہاتھوں قانون شکنی کا ہر نیا واقعہ اس سوال کی شدت اور ضرورت میں اضافہ کرے گا۔ مسلمان اقلیتوں کے نقطہ نظر سے دیکھا جائے تو اس کے دو پہلو ہیں۔ ایک پہلو عمومی سماجی صورت حال کے حوالے سے ہے کہ جب ایک اقلیت کا رکن دوسری اقلیت کے ارکان کو ہلاک کرنے کا منصوبہ بناتا ہے تو اسے کس تناظر میں جانچا جائے۔ خاص طور سے جب کوئی مسلمان یہودیوں کو نشانہ بناتے ہیں تو متعدد سماجی محققین ضرور حیران ہوں گے کہ ایسی دو اقلیتیں جو اپنے اپنے طور پر سماجی استبداد سے نبرد آزما ہونے کے لیے کوشاں ہیں اور تعصبات کا شکار ہوتی ہیں، کیوں ایک دوسرے کی طاقت بننے کی بجائے ایک دوسرے پر حملہ آور ہیں۔ اس میں بھی خاص طور سے مسلمانوں کے تشدد پر ہی فوکس کیا جائے گا کیوں کہ کبھی کسی یہودی گروہ نے کسی مغربی ملک میں مسلمانوں کو نشانہ نہیں بنایا۔ اس پس منظر میں سوال کا دوسرا پہلو خاص طور سے مسلمان اقلیتوں اور ان کے لیڈروں کے لیے قابل غور ہونا چاہیے کہ کیا مغرب میں آباد ہونے کے باوجود مسلمانوں میں یہودیوں سے نفرت مسلسل شدید ہے۔ اور آخر اس کی کیا وجہ ہے۔ بیشتر مسلمان ممالک میں جن میں پاکستان بھی شامل ہے، یہودیوں سمیت بعض مخصوص مذہبی اقلیتوں کے خلاف منفی ماحول موجود ہے۔ اس بارے میں تعصبات نصاب کا حصہ بھی ہیں اور مذہبی رہنما بھی اس حوالے سے گمراہی پھیلانے سے نہیں چوکتے۔ لیکن مغربی ممالک میں عام طور سے نصاب میں افہام و تفہیم اور احترام کا سبق دیا جاتا ہے۔ یورپی ممالک میں مشاہدہ کیا گیا ہے کہ مسلمانوں کو اگر کسی مشکل کا سامنا ہوتا ہو تو عام طور سے یہودی اقلیتی نمائندے ان کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہیں۔

علما کا سیاسی کردار؟



اسلام نے علما کو کوئی سیاسی کردار نہیں سونپا۔ اس کا مطلب مگر نظم اجتماعی سے ان کی لاتعلقی بھی ہے۔ اجتماعی زندگی کے کچھ فطری مطالبات ہیں۔ ان کی تکمیل کا قدرت نے خود اہتمام کیا ہے۔ انسانوں کو متنوع رجحانات کے ساتھ پیدا کیا گیا ہے۔ کوئی سیاست کا مزاج رکھتا ہے اور کسی کو فنون لطیفہ سے دلچسپی ہے۔ کوئی ریاضی کا ذوق رکھتا ہے اور کوئی طبیعیات کا۔ افتاد طبع کا یہ اختلاف اس لیے ہے کہ معاشرے کو مختلف علوم و فنون کے ماہرین کی ضرورت ہوتی ہے جو اس کی معاشی، سیاسی، سماجی، اخلاقی اور جمالیاتی ضروریات کی آبیاری کر سکیں۔

ضرور ہونے چاہئیں جو دین کا علم حاصل کریں اور سماج کو انذار کریں۔ انذار سے مراد آخرت میں جوابدہی کا آوازہ بلند کرنا ہے۔ اسی کو دعوت کہتے ہیں اس دعوت کو ہمیشہ زندہ رکھیں۔ وہ اپنی قوم اور اس کے ارباب حل و عقد کو ان کے فرائض اور ذمہ داریوں کے بارے میں پوری دردمندی اور دلسوزی کے ساتھ خبردار کرتے رہیں۔ ان کے لیے ہر سطح پر دین کی شرح و وضاحت کریں۔ انہیں ہر پہلو اور ہر سمت سے حق کی طرف بلائیں۔ اس سے اعراض کے نتائج سے خبردار کریں اور جب تک زندہ رہیں ان نتائج سے انہیں خبردار کرتے رہیں ...

کیا جا سکتا ہے۔ تحریر اور تقریر کے علاوہ موثر ذریعہ بالمشافہ ملاقات ہے۔ اگر اس کی کوئی صورت پیدا ہو تو علما کو ہرگز اس سے گریز نہیں کرنا چاہیے۔ اگر ریاست کے ذمہ داران کو دعوت دیں تو اس کو ضرور قبول کرنا چاہیے۔ ان کے سامنے حق کا کوئی مظاہرہ کرتے ہوئے یہ تاثر دینا چاہیے کہ ان پر تنقید کا مقصد ان کے ساتھ خیر خواہی ہے، خود کو بطل حریت ثابت کرنا نہیں۔ مولانا اشرف علی تھانوی نے سورہ توبہ کی اس آیت کی تفسیر میں بطور خاص اس جانب توجہ دلائی ہے ...

سانحہ سقوط ڈھاکہ کے چند تاریخی حقائق

سانحہ سقوط ڈھاکہ (1971ء) کو نصف صدی سے زائد عرصہ گزر چکا ہے اور ہماری اکثریت اس سانحہ کو بھول چکی ہے۔ مزید یہ کہ نئی نسل کو اس بارے میں کوئی خاص معلومات نہیں ہیں۔ اس لئے اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ ہم اس تاریخی شکست اور سانحہ کو یاد کرتے ہوئے اپنی اصلاح کریں۔ سب سے پہلے ہمیں تصور پاکستان اور اس کے قیام کے پس منظر پر غور کرنا ہوگا اور تمام حالات و واقعات کا ...

14 اگست 1947ء کو دنیا میں ایک نئی ریاست دین اسلام کے نفاذ کے لیے وجود میں آئی۔ قیام پاکستان کی جد و جہد میں لاکھوں مسلمانوں نے اپنی جانیں، عزتیں اور جائیدادیں کھوئیں اور لاکھوں مسلمانوں نے پاکستان کی طرف ہجرت کی۔ اس ہجرت میں مسلمانوں کو درپیش مشکلات اور اس بارے میں ہزاروں کہانیاں ہماری تاریخ کا لازمی حصہ ہیں۔

... میں دوبارہ سے اسلام کی عظمت کو بحال کرنے کا عزم پیدا کریں۔ علامہ اقبال نے مسلمانوں کو ان ...

اسد کی سفارشات پر کچھ بھی عمل درآمد نہ ہو سکا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ ہمارے ہاں کی سول اور ملٹری بیوروکریسی کے ممبران کی بڑی تعداد اپنے برطانوی آقاؤں کی وفادار تھی اور انہوں نے پہلے ہی دن سے اس کام میں رکاوٹیں پیدا کرنا شروع کر دیں تھیں۔ یہی وجہ ہے کہ قائد اعظم کی وفات کے فوراً بعد محکمہ اسلامی تعمیر نو کو ختم کر کے علامہ اسد کے قیمتی سامان اور کاموں کو تباہ کر دیا گیا۔ اس صورتحال کی وجہ سے وہ یہاں سے سعودی عرب چلے گئے۔

اس بات کو ذہن نشین کرنا بہت ضروری ہے کہ ...

گرینڈ الائنس کی مرکزی کال پر ضلع نوشکی میں احتجاج یوم سیاہ

سرکاری ملازمین نے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاج ریکارڈ کرایا

نوشکی (نامہ نگار) بلوچستان گرینڈ الائنس کے مرکزی کال پر بلوچستان بھر کی طرح ضلع نوشکی میں بھی بطور احتجاج یوم سیاہ منایا گیا۔ اس موقع پر تمام سرکاری دفاتر کالجز اسکولوں اور دیگر سرکاری اداروں پر سیاہ جھنڈے لہرائے گئے جبکہ سرکاری ملازمین نے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاج ریکارڈ کرایا۔ احتجاج کے حوالے سے بلوچستان گرینڈ الائنس نوشکی ایکشن کمیٹی کے ضلعی صدر بہرگ بلوچ علی نواز مینگل رازق زہری احمد خان مینگل رحمان خان مینگل احمد جان بادینی نظام بلوچ اور نعمت اللہ سمیت دیگر رہنماؤں نے کہا کہ سرکاری ملازمین کے جائز مطالبات جن میں ڈی آر اے سرفہرست ہے کی منظوری کے لیے بلوچستان بھر میں پرامن احتجاج کیا گیا۔ اس دوران ملازمین نے گرفتاریوں تشدد آنسو گیس شیلنگ اور جیل کی صعوبتیں بھی برداشت کیں

منشیات اور جرائم کے خلاف حالیہ کارروائیاں قابل تحسین رہی ہیں

لورالائی (خ ن) آئی جی بلوچستان پولیس کی جانب سے ضلع لورالائی کے لیے منتخب کردہ ٹیم، جس میں ڈی آئی جی لورالائی رینج جنید احمد شیخ، ڈی پی او لورالائی ملک محمد اصغر عثمان اور ایس ڈی پی او لورالائی کریم مندوخیل شامل ہیں، کی جانب سے منشیات اور جرائم کے خلاف حالیہ کارروائیاں نہایت مؤثر اور قابل تحسین رہی ہیں۔ ان کی خدمات قابل ستائش ہیں اور ان کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔

میزئی اڈہ، پروجیکٹ کوآرڈینیٹر شہزاد جعفر ایکسین روڈ محمد مسعود بگٹی اور ایس ڈی او روڈ فیصل کاکڑ کے ہمراہ BSDP فیز II کے تحت جاری تعمیراتی منصوبہ کلی سازو تاکری کا معائنہ کر رہے ہیں

لعل شہباز قلندر: محبت، رواداری اور انسانیت کا روشن مینار



تحریر: محمد مزمل ابڑو

برصغیر پاک و ہند کی روحانی تاریخ میں جن ہستیوں نے دلوں کو محبت، امن اور اخوت سے روشن کیا، ان میں حضرت عثمان مروندی، المعروف لعل شہباز قلندر، نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ آپ 1177ء میں افغانستان کے علاقے مروند میں پیدا ہوئے اور کم سنی ہی میں علم دین، فقہ، حدیث اور تصوف کے مختلف علوم میں مہارت حاصل کر لی۔ آپ کی تعلیم و تربیت نے آپ کو ایک ایسے کامل ولی کے طور پر دنیا کے سامنے پیش کیا جو ظاہر و باطن دونوں کے علوم رکھتے تھے۔ لعل شہباز قلندر نے سندھ کے شہر سیہون کو اپنا مرکز فیض بنایا۔ آپ کی تعلیمات کا بنیادی محور محبت، برداشت اور انسان دوستی تھا۔ آپ نے مذہبی، نسلی اور طبقاتی تفریق کو مسترد کرتے ہوئے انسان کو انسان کے احترام کی دعوت دی۔ آپ فرماتے تھے کہ دل کو پاک کیے بغیر نہ عبادت مکمل ہوتی ہے، نہ انسان کامل بنتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کے دربار پر آج بھی ہر رنگ، نسل اور مذہب کا انسان بلا امتیاز حاضر ہوتا ہے۔ آپ کے کردار میں قلندری طرز فکر جھلکتا ہے، جو دنیاوی جاہ و منصب سے بے نیاز ہو کر صرف اللہ کی رضا اور انسانیت کی خدمت کو مقصد حیات بنا لیتا ہے۔ لعل شہباز قلندر نے اپنے قول و کردار سے ثابت کیا کہ تصوف کا راستہ دلوں کو جوڑنے اور نفرتوں کو ختم کرنے کا راستہ ہے۔ ان کا مشہور قول ہے: جو دل میں اللہ بسائے، وہ کسی سے نفرت نہیں کرتا۔

آپ کی درگاہ صدیوں سے امن و محبت کی علامت ہے۔ یہاں کی دھمال اور ذکر کی محفلیں روح کو سکون اور دل کو روشنی دیتی ہیں۔ لعل شہباز قلندر کی تعلیمات آج بھی معاشرتی ہم آہنگی کے لیے روشن مشعل راہ ہیں، خصوصاً ایسے دور میں جب دنیا نفرت اور تقسیم کا شکار ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم لعل شہباز قلندر کے پیغام محبت کو اپنائیں، تاکہ معاشرہ نفرتوں سے نکل کر امن و سلامتی کی طرف بڑھے۔ ان کی زندگی ہمیں سکھاتی ہے کہ انسانیت سب سے بڑی عبادت ہے۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔ اوور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام

پلاٹ نمبر GS-92/345 رقبہ 345 فٹ واقع گیراج کمپلیکس کوئٹہ جو کہ اس وقت عبداللہ خان ولد خان خان کے نام پر ہے کی ٹرانسفر بنام عبید اللہ ولد عبدالوہاب ہونا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں
انور کیو ڈی اے ....

تلاش گمشدہ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5440050145009 معہ ڈرائیونگ لائسنس، اے ٹی ایم کارڈ، سروس کارڈ بنام محمد نعیم ولد محمد ایوب جیل روڈ پر راستے میں کہیں گم ہو گئے ہیں ملنے پر 03318925797 مطلع کریں
ڈی جی پی آر ....

گمشدگی ڈرائیونگ لائسنس

میرا ڈرائیونگ لائسنس کی ڈوپلیکیٹ 090000080 بنام محمد ولی ولد محمد علی لورالائی میں کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر فون نمبر 03331390731 پر مطلع کریں
نمائندہ لورالائی ....

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5420326062321 بنام موسیٰ کلیم ولد عبدالرزاق کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر فون نمبر 03327799591 پر مطلع کریں
نمائندہ قلعہ عبداللہ ....

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5420350480547 بنام شمس الرحمن ولد عبدالغفار کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر فون نمبر 03178777684 پر مطلع کریں
نمائندہ قلعہ عبداللہ ....

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5420216935389 بنام سید نصیب اللہ ولد شہاب الدین کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر فون نمبر 03013787979 پر مطلع کریں
نمائندہ میزئی اڈہ ....

گمشدگی موٹر سائیکل واؤچر

میرا ہنڈا موٹر سائیکل انجن نمبر Z092220 چیسز نمبر EC772554 ماڈل 2024 کے واؤچر بنام عبدالہادی ولد عبدالباقی کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر فون نمبر 03008947264 پر مطلع کریں
نمائندہ میزئی اڈہ ....

زیر زمین پانی کے غیر قانونی اور بے دریغ استعمال کے باعث آبی ذخائر کو شدید خطرات لاحق ہو چکے ہیں، تدارک کے لیے قوانین پر عملدرآمد ناگزیر ہے

حب بغیر این او سی بورنگ، ٹیوب ویل کی کھدائی، تنصیب، آپریشن زیر زمین پانی کے اخراج پر پابندی عائد

شہری، ٹھیکیدار، سرکاری و نجی ادارے ڈسٹرکٹ واٹر کمیٹی سے پیشگی اجازت حاصل کیے بغیر قسم کی بورنگ یا زیر زمین پانی کے استعمال سے اجتناب کریں

مذکورہ قوانین کی خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، ایک سال تک قید، جرمانہ یا دونوں سزائیں شامل ہو سکتی ہیں، اعلامیہ

حب (خ ن) ڈپٹی کمشنر ضلع حب کی جانب سے عوامی مفاد کے پیش نظر ایک پبلک نوٹس جاری کیا گیا ہے، جس کے تحت صوبائی واٹر بورڈ کی ہدایات اور بلوچستان گراؤنڈ واٹر رائٹس ایڈمنسٹریشن آرڈیننس 1978 کی روشنی میں ضلع حب میں بغیر پیشگی اجازت یا این او سی کسی بھی قسم کی بورنگ، ٹیوب ویل کی کھدائی، تنصیب، آپریشن یا زیر زمین پانی کے اخراج پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ اس اعلامیے کے تحت ضلع حب کے تمام شہریوں، ٹھیکیداروں، سرکاری و نجی اداروں کو سختی سے ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ڈسٹرکٹ واٹر کمیٹی (DWC) سے باقاعدہ پیشگی اجازت حاصل کیے بغیر کسی بھی قسم کی بورنگ یا زیر زمین پانی کے استعمال سے مکمل طور پر اجتناب کریں۔ انتظامیہ کے مطابق زیر زمین پانی کے غیر قانونی اور بے دریغ استعمال کے باعث آبی ذخائر کو شدید خطرات لاحق ہو چکے ہیں، جس کے تدارک کے لیے قوانین پر سختی سے عملدرآمد ناگزیر ہے۔ واضح کیا جاتا ہے کہ مذکورہ قوانین کی خلاف ورزی کی صورت میں بلوچستان گراؤنڈ واٹر رائٹس ایڈمنسٹریشن آرڈیننس 1978 کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جس میں ایک سال تک قید، جرمانہ یا دونوں سزائیں شامل ہو سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ غیر قانونی ڈرلنگ میں استعمال ہونے والی مشینری ضبط کر کے سرکاری تحویل میں لے لی جائے گی۔ تمام شہریوں سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ قانون کی پاسداری کرتے ہوئے انتظامیہ سے تعاون کریں تاکہ قیمتی آبی وسائل کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

خاران، سنی علماء کونسل کے زیر اہتمام نکالی گئی ریلی کے شرکاء سے ضلعی نائب صدر حافظ ظاہر احمد مولانا غازی عبدالرشید مولانا اسماعیل مولانا نجیب اللہ توحیدی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

پولیو کے خاتمے کے لیے جنگی بنیادوں پر کام کرنا ہوگا، ریاض داوڑ

پولیو کے خاتمے کے لیے میڈیا، سول سوسائٹی، علماء کرام کو کردار کو ادا کرنا ہوگا

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان داوڑ کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے پہلے دن کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں زیارت اور سنجاوی کے دونوں تحصیلوں میں مہم کا جائزہ لیا گیا ڈپٹی کمشنر نے مانیٹرنگ افسران اور زونل سپروائزر سے بریفنگ لی۔ ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان داوڑ نے کہا زیارت میں جاری انسداد پولیو مہم کامیابی سے ہمکنار ہوگا پولیو کے خاتمے کے لیے میڈیا، سول سوسائٹی، علماء کرام اور تمام مکاتب فکر کے افراد کو کردار کو ادا کرنا ہوگا پولیو کے خاتمے کے لیے جنگی بنیادوں پر کام کرنا ہوگا۔

نوشکی، بلوچستان گرینڈ الائنس کے مرکزی پر مطالبات کی عدم منظوری کیخلاف ملازمین بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاج کر رہے ہیں

بلیک ٹاپ سڑکوں کی تعمیر سے عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آرہی ہیں، ذوالفقار علی

فارم ٹو مارکیٹ رسائی بہتر ہونے سے کاشتکاروں کو براہ راست فائدہ پہنچ رہا ہے، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کا کی ہدایت

مکمل ہونے والے اسکولوں کے منصوبے محکمہ تعلیم کے حوالے کر کے تدریسی سرگرمیوں کا آغاز جلد یقینی بنایا جائے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن (ر) ذوالفقار علی کرار نے محکمہ مواصلات و تعمیرات کی نگرانی میں پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (PSDP) کے تحت مکمل ہونے والی ترقیاتی اسکیموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف منصوبوں کے معیار، رفتار اور افادیت کے حوالے سے بریفنگ حاصل کی۔ ایکسین روڈز نادر علی پہنور نے ڈپٹی کمشنر کو بلیک ٹاپ روڈ نیشنل ہائی وے تا جمعہ خان جتوئی روڈ تا سید احمد شاہ جو کہ 5.3 کلومیٹر پی ایس ڈی پی بلیک ٹاپ روڈ حاجی خان جتوئی تا قیدی شاخ جو کہ چار کلومیٹر طویل دیگر سڑکوں کے منصوبوں سے متعلق آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے پی ایس ڈی پی بلڈنگز کے تحت مکمل ہونے والے تعمیراتی کاموں کا بھی باریک بینی سے معائنہ کیا۔ سب ڈویژنل آفیسر بلڈنگز عابد علی پہنور نے پی ایس ڈی پی پرائمری اسکول میراب خان عمرانی، پی ایس ڈی پی ریئس عطا محمد ایڈیشنل رومز اسکولز، پی ایس ڈی پی میر فرید خان عمرانی پرائمری اسکول، پی ایس ڈی پی پرائمری اسکول گوٹھ بابو نصیر احمد عمرانی، پی ایس ڈی پی ایڈیشنل کلاس رومز میر دل عمرانی اور پی ایس ڈی پی اضافی کلاس رومز گوٹھ واحد بخش کھوسہ کے منصوبوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ پی ایس منظور احمد شیرازی بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن (ر) ذوالفقار علی کرار نے مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دیہی علاقوں میں بلیک ٹاپ سڑکوں کی تعمیر سے عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آرہی ہیں اور فارم ٹو مارکیٹ رسائی بہتر ہونے سے کاشتکاروں کو براہ راست فائدہ پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلڈنگز کے شعبے کو مزید مؤثر بنانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں جبکہ مکمل ہونے والے تمام اسکولوں کے منصوبے محکمہ تعلیم کے حوالے کر کے تدریسی سرگرمیوں کا آغاز جلد از جلد یقینی بنایا جائے تاکہ حکومت کے ترقیاتی اقدامات کے ثمرات عوام تک بروقت پہنچ سکیں۔

BSDP فیز ii منصوبے پر تیزی سے کام جاری

پروجیکٹ کوآرڈینیٹر شہزاد جعفر نے کلی سازو تاکری سڑک منصوبے کا معائنہ کیا

معیار شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، ایکسین روڈ محمد مسعود بگٹی نے بریفنگ دی

میزئی اڈہ (نامہ نگار) ضلع قلعہ عبداللہ بلوچستان سوشیو اکنامک ڈویلپمنٹ پروجیکٹس (BaI Projects DevEco Socio) کے تحت جاری BSDP فیز II منصوبوں کی مانیٹرنگ اور عملدرآمد جائزے کے سلسلے میں آج پروجیکٹ کوآرڈینیٹر شہزاد جعفر نے ضلع قلعہ عبداللہ کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران پروجیکٹ کے تحت جاری سڑک تعمیراتی منصوبہ کلی سازو تاکری (Const Takri-SazooKilli Roadof) کا تفصیلی معائنہ کیا گیا۔ دورے کے دوران پروجیکٹ کوآرڈینیٹر کو متعلقہ افسران کی جانب سے بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ منصوبے کے تحت سڑک کی ارتھ ورک (WorkEarth) شروع کر دی گئی ہے اور اب تک ہونے والا کام تسلی بخش اور معیار کے مطابق پایا گیا ہے۔ تاہم پروجیکٹ کوآرڈینیٹر نے متعلقہ اسٹاف کو ہدایت کی کہ کام کی رفتار اور پیش رفت کو مزید بڑھایا جائے تاکہ منصوبہ مقررہ مدت کے اندر مکمل ہو سکے اس موقع پر ایکسین روڈ قلعہ عبداللہ محمد مسعود بگٹی اور ایس ڈی او روڈ فیصل کاکڑ بھی موجود تھے۔ پروجیکٹ کوآرڈینیٹر نے منصوبے کے لیے مختص فنڈز کی بروقت دستیابی کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی تاکہ کسی قسم کی مالی رکاوٹ کام کی پیش رفت میں رکاوٹ نہ بنے۔ پروجیکٹ کوآرڈینیٹر نے کہا کہ BSDP فیز II کے تحت جاری ترقیاتی منصوبے عوامی فلاح و بہبود کے لیے اہم ہیں اور ان کے بروقت مکمل ہونے سے علاقے کے عوام کو نمایاں ریلیف فراہم ہوگا۔

الحاج عبدالحق ابڑو کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ جاری

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد ماہر تعلیم الحاج عبدالحق ابڑو کی وفات پر وارڈ نمبر 38 ابڑو محلہ ڈیرہ مراد جمالی میں فاتحہ خوانی اور اظہار تعزیت کا سلسلہ جاری ہے ان کے بھائیوں پروفیسر محمد ابراہیم ابڑو عبدالرحمان ابڑو اور ان کے فرزند خلیل احمد ابڑو سے سابق صوبائی وزیر میر ماجد ابڑو میر مجتبیٰ امداد لہڑی نور لہڑی سیف اللہ بھائی جو یا قومی اتحاد کے رہنما میر سبزان خان جو یا بلدیاتی کونسلران سیاسی وسماجی شخصیات سمیت شہریوں کی بڑی تعداد نے ان کے گھر جا کر اظہار تعزیت کی

امن وامان کے قیام کے سدباب کیلئے ضلع مہم چلائی جائے گی، غلام حسین

معاشرتی جرائم میں سود کی لعنت تمام جرائم کی جڑ ثابت ہوئی ہے، ایس پی استا محمد

استا محمد (نامہ نگار) ایس پی استا محمد غلام حسین باجوئی نے کہا ہے کہ ضلع بھر میں امن وامان کے قیام، منشیات عصمت فروشی اور قمار بازی (جوئے کے اڈوں) سماجی برائیوں سمیت جرائم کے سدباب کیلئے خصوصی مہم چلائی جائے گی ان خیالات کا اظہار ایس پی غلام حسین باجوئی نے سینئر صحافی محمد حنیف بلوچ کی قیادت میں صحافیوں کے وفد سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پریس اور پولیس کا چولی دامن کا ساتھ ہے صحافی اور میڈیا ہماری آنکھیں اور کان ہیں آپ ہی کی نشاندہی پر جرائم کی بیخ کنی ہوتی ہے پریس کی جانب سے ہماری کمی اور کوتاہی کو درست کرنے کا موقع ملتا ہے انہوں نے کہا کہ معاشرتی جرائم میں سود کی لعنت تمام جرائم کی جڑ ثابت ہوئی ہے سودی کاروبار کی بہت بڑا فساد اور خون خرابے کا سبب بنا ہے اس علاقے میں بڑے قبائلی تنازعات اور خون ریزی کے واقعات سودی کاروبار کی وجہ سے ہو رہے ہیں

مدرسہ جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سالانہ دستار فضیلت کانفرنس

خضدار (این این آئی) خضدار میں مدرسہ جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سالانہ دستار فضیلت کانفرنس علمائے کرام کی شرکت اور کثیر تعداد میں عوام الناس کی حاضری سے روح پرور اور بابرکت ماحول میں منعقد ہوئی۔ یہ ادارہ دینی تعلیم کے فروغ اور قرآن وسنت کی حفاظت کا عملی مظہر ہے۔ اسٹیج سیکریٹری کے فرائض حافظ بلال احمد مروتی نے انتہائی خوش اسلوبی اور ذمہ داری سے انجام دیے جس کی وجہ سے تقریب کا انعقاد مزید پروقار ہوا۔ اس دینی مجلس کی صدارت جامعہ ہذا کے سرپرست و بزرگ شخصیت مولانا عبداللہ شاہوانی کر رہے تھے۔ تقریب کے مہمان خاص شیخ الحدیث مولانا اللہ بخش وندرو والے نے صحیح بخاری شریف کی آخری حدیث کا درس دیا۔ مولانا قمر الدین نے اپنے خطاب میں کہا کہ دینی مدارس امت مسلمہ کے قلعے ہیں، جو قرآن وسنت کی روشنی میں نوجوانوں کو ہدایت دیتے ہیں۔ دارالعلوم جعفر طیار جیسے ادارے معاشرے کی اصلاح اور نوجوان نسل کی تربیت میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ان کی ہر ممکن حوصلہ افزائی کریں تاکہ یہ سلسلہ جاری رہے۔ مولانا فیض محمد، مولانا عنایت اللہ رودینی، مولانا محمد ابراہیم قلندرانی اور مفتی عبدالقادر شاہوانی نے بھی جلسے سے خطاب کیا۔

گوٹھ رئیس معشوق علی کنبار میں سندھ ثقافت کے حوالے سے کچہری

باجھی پور (نامہ نگار) گزشتہ شب گوٹھ رئیس معشوق علی کنبار کی بیٹھک پر سندھی ثقافت کے حوالے سے کچہری کا انعقاد ہوا جس میں چیف آف کنبار رئیس غلام سرور کنبار عباسی، ڈاکٹر لقمان الحکیم کنبار عباسی اور نوجوان کنبار اتحاد کے مرکزی قائدین چیئرمین زین العابدین کنبار عباسی، صدر فاروق احمد کنبار عباسی، نائب صدر میاں محمد عثمان کنبار عباسی، جنرل سیکریٹری محمد آصف کنبار عباسی سمیت سندھ بلوچستان کے دور دور سے معززین نے شرکت کی۔ اس موقع پر درمیان میں آگ کا ایک بڑا الاؤ روشن کر دیا گیا تھا اور اس کے چاروں جانب سینکڑوں افراد کے بیٹھنے کی جگہ بنائی گئی تھی۔ اس موقع پر مہمانوں کو اجرک اور ٹوپی پہنا کر خوش آمدید کہا گیا اور مذکورہ کچہری کا پروگرام باقاعدہ تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا بعد ازیں صوفی بزرگ حضرت پیر سائیں بدھل فقیر صوفی القادری کی درگاہ کے فنکاروں نے صوفی کلام گا کر کچہری کے شرکاء کو جھومنے پر مجبور کر دیا۔

زیارت، سماجی رہنما عقیل خان کاکڑ انسداد پولیو مہم کے دوران بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا رہے ہیں

کوہلو، ملک مجیب اللہ بازئی نے اکاؤنٹس آفیسر کا چارج سنبھال کر کام کا آغاز کر دیا

کوہلو (پ ر) کوہلو میں ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر (ڈی اے او) ملک مجیب اللہ بازئی نے باضابطہ طور پر اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ ان کی تعیناتی کی خبر سامنے آتے ہی کوہلو کے عوامی اور سماجی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی، جبکہ مختلف طبقات نے اس فیصلے کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ ملک مجیب اللہ بازئی ایک محنتی، دیانتدار اور مخلص افسر کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ وہ نہ صرف اپنے شعبے میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں بلکہ قبائلی علاقوں کے رسم و رواج، روایات اور مقامی حساسیتوں سے بھی بخوبی واقف ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی تعیناتی کو کوہلو جیسے قبائلی ضلع کے لیے ایک مثبت اور بروقت اقدام قرار دیا جا رہا ہے۔ عوامی نمائندوں اور قبائلی عمائدین کا کہنا ہے کہ ڈی اے او ملک مجیب اللہ بازئی کی موجودگی سے مالی امور میں شفافیت، نظم و ضبط اور بہتری آئے گی۔ ان سے توقع کی جا رہی ہے کہ وہ سرکاری معاملات کو میرٹ اور قواعد وضوابط کے مطابق چلائیں گے اور عوامی مسائل کے حل میں بھرپور کردار ادا کریں گے۔ علاقے کے سماجی حلقوں نے امید ظاہر کی ہے کہ ملک مجیب اللہ بازئی اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے کوہلو کی ترقی، بہتر مالی نظم ونسق اور عوامی اعتماد کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کریں گے۔

افغان مہاجرین کے انخلا کی کارروائیوں کا خیر مقدم

ژوب (آن لائن) چیف آف مندوخیل سردار محمد ایوب مندوخیل نے معتبرین حاجی محمد اسلم مولوی امان اللہ ملک حاجی رحیم خان سدوگل ملک نور خان ملک احسان الحق حاجی دوست محمد حاجی نصر اللہ ملک تیمور خان عبدالرحمان شیخ عبدالحلیم ملا احمد خان کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان سے افغان مہاجرین کے انخلا کی کارروائیوں کا خیر مقدم اور تائید کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ مختلف علاقوں سے بیدخل کیے جانے والے افغان مہاجرین بھاگ کر ہمارے جدی پدری علاقے گل کچھ سمبازہ تیم بزاہ گاڑداو اور طور رانلہ میں آباد ہونے کی مذموم کوشش میں تعمیرات بندات اور بورنگ لگا رہے ہیں مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ضلعی انتظامیہ اس حوالے سے خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے جس سے ضلعی انتظامیہ کی پشت پناہی ثابت ہو رہی ہے انہوں نے کہا کہ ہم مندوخیل قبائل صوبائی حکومت اور تمام ریاستی اداروں سے اپیل کرتے ہیں کہ ان افغان مہاجرین کی مندوخیل قبیلے کی جدی پدری زمینوں پر ناجائز قبضے اور آبادکاری کا نوٹس لیتے ہوئے روکا جائے انہوں نے کہا کہ افغان مہاجرین کو مکمل طور پر افغانستان بھیجنے کا مستقل انتظام کیا جائے

MILITARY LANDS &CANTONMENTS DEPARTMENT
CANTONMENT BOARD QUETTA
Aziz Bhatti Road Quetta Cantonment
Tel: 081-9201443, Fax: 081-9202763, Helpline: 081-9201799
Email: canttboardquetta@yahoo.com, @CBQuetta on Twitter
Facebook Page: https://www.facebook.com/CantonmentBoardQuetta

AUCTION NOTICE

Cantonment Board Quetta Cantt informs the public hereby that the board wishes to auction on (Monthly Rent Basis) of Cantt Fund Commercial Shops for a period of 05 years (extendable for two similar terms) on 31-12-2025, 01-01-2026 and 02-01-2026, at 1200 hours at its office. All the interested parties/individuals may participate in the auction. The detail of terms and conditions of open public auction are as under:-

S. No.	Description	No. of Shops
1.	CB Shops (Phase I) Near Night Star Complex, Jinnah Town Quetta Cantt	11

Terms & Conditions:

The landlord and tenant hereby have agreed on the following terms and conditions:-

i. Bidders have to submit Pay Order of **Rs. 500,000/-** (refundable) as bid security in the name of Cantonment Executive Officer, Quetta Cantt along with CNIC Copy before start of auction proceedings, which will be returned to all except highest bidder and 2nd highest bidder.

ii. The tenant shall pay agreed rent on monthly basis in advance on or before 10th of every month.

iii. That in case of default in rent for consecutive three months for any reason the rent agreement shall stand cancelled automatically and landlord may take possession of the property by entering into property and / or sealing etc. and all other methods permissible by law, however, before taking possession 15 days' notice shall be served.

iv. The tenant shall deposit sum of Rs. ________ equivalent to Six month's rent with the landlord as advance rent for faithful observance of all conditions of tenancy which shall be refundable on the expiry / determination of tenancy, if no liability against tenant is found. In case of any damage to property or outstanding rent or any other liability against the rented property is found, the advance rent will be adjusted accordingly.

v. The tenant will be liable to pay all taxes, charges, fees and utility bills etc, hereinafter, payable in respect of the rented property.

vi. There shall be 10% annual increase in rent.

vii. The tenant will not use rented premises / property for any purpose other than specified purpose i.e. without prior written permission of the landlord.

viii. The tenant will not make any additions or alterations in the rented property without prior written permission of the landlord.

ix. The tenant will keep the rented property in perfect sanitary conditions and for that purpose to undertake and carry out such measures as may from time to time be required in writing by the landlord.

x. The tenant shall under no circumstances sublet the demised Premises. He / She shall not bring in another occupant in the name of being a relating or a business partner of the Tenant. In case the possession of the said property is delivered by the Tenant to any other party, the premises shall be got vacated forcibly at the risk and cost of the tenant who had delivered possession of the property to the illegal occupant.

xi. The tenant hereto binds himself / herself to the contents and clauses of the Tenancy Agreement fully and strictly and also agrees not to violate any terms and conditions agreed upon through provisions of this agreement.

xii. In case of any violation and breach of terms and conditions of this agreement by the Tenant, Cantt Executive Officer is at Liberty to invoke Rules 9(2)(V) of Pakistan Cantonment Property Rules, 1957, the Federal Government Lands and buildings (Recovery of Possession) Ordinance 1965 (Ordinance No. LIV of 1965) and any other relevant law and / or sealing of the premises.

xiii. The tenant shall carry out periodical maintenance / repair of the building with prior permission of the Landlord such as white wash / distemper, painting, plastering of the premises and other repairs at his own, sole and exclusive cost and expense.

xiv. That the premises shall be used strictly for the legal purpose specified herein and tenant shall not indulge in any activity that may be offensive to legal rights of easements or any other rights to which the adjoining neighbors are entitled to.

xv. That no offensive, hazardous or contraband material shall be kept or stored in the rented premises / property and tenant shall conduct activities strictly in accordance with law, rules, byelaws and rules made under the Cantonments Act 1924.

xvi. That verandah, pavement shall not be considered as part of rented premises and tenant will keep the said passage open for public at large and no encroachment will be made thereon by lying items/ articles of any type.

xvii. That in case of death of tenant during tenure of this agreement, his legal heirs may retain property on rent for residual period of tenancy provided proper information regarding death of tenancy is intimated to the landlord (Cantonment Board) within 30 days of the death of the tenant. If information about the death of the lessee is not provided in specified period i.e. 30 days after the death then their possession in rented premises will become illegal.

xviii. That on expiry or early determination of tenancy period, tenant shall peacefully surrender / handover the premises of rented property to the landlord forthwith in case he does not handover possession he will pay (Rs.3 time or 4 times rent / dues) per day as usage and occupation charges to the landlord, however, his occupation will be termed as illegal.

xix. That the tenant shall be held responsible for any damage caused to the rented property and tenant shall be liable to make good the same at his own expense.

xx. That if the premises is required for any purpose by the landlord or in case of breach of any terms and conditions in the agreement within notice (for the period as stated in the notice) shall be served upon the tenant and thereafter, possession of property shall be taken over.

xxi. After the expiry of tenancy agreement, the tenancy agreement shall not be renewed automatically merely upon deposit of rent in Cantonment Board by the ex-tenant or his legal heirs and their right being tenant shall not get established.

xxii. That in case tenant is willing to get further tenancy for another period then two months' notice before expiry of 1st term will be sent to landlord through an application and in case notice is not replied within one month, then he will send another notice to Board, it will be prerogative of Board either to accept or reject his request, mere submission of requests for further tenancy will not create any legal right.

xxiii. That in case tenant contravenes any provision of this agreement or on expiry of agreement if tenant does not hand over possession to the landlord peacefully then Executive officer of the Board may summarily remove the tenant from property under provisions of Cantt Property Rules, 1957 and Cantt Act, 1924.

xxiv. That in case Cantonment Board is willing to rent out its property for further period after expiry of 1st term then the tenant will peacefully hand over possession of property, in case he does not hand over property then Cantonment Board may take over possession of property under the provisions of Cantonment Act, 1924 as well as Federal Government Land and Buildings (Recovery of Possession) Ordinance 1965 whereby Executive Officer is authorized person vide Gazette Notification No.2127/70 dated 09-10-1970 or any relevant law.

xxv. That any notice by the landlord to the tenant shall be given /served under the provisions of Cantonment Act 1924, the Pakistan Cantonment Property Rules 1957 or under the Provision of the Federal Government Lands & Buildings (Recovery of Possession) Ordinance 1965 (Ordinance No.LIV of 1965) and in case notice by the tenant the same shall be served through Registered Post/TCS.

xxvi. That after expiry of 1st term if tenant wishes to get further tenancy for another period, then fresh tenancy agreement with fresh terms and conditions will be signed on the rent as finalized by the Cantonment Board according to full market rent (in any case not less than 10% higher than preceding year's rent) as determined by Cantonment Board.

xxvii. That in case of any dispute between landlord and tenant during subsistence of tenancy agreement the matter shall be referred to Director ML&C as sole arbitrator and his decision shall be final and binding upon both parties, however, this clause will not be invoked after expiry or determination of Tenancy Agreement.

Cantonment Executive Officer
Quetta Cantonment
PID(Q)265/25

بعدالت سینئر سول جج V کوئٹہ بااختیارات جناب ڈسٹرکٹ جج صاحب کوئٹہ

درخواست لیٹر آف ایڈمنسٹریشن نمبر 07 — تاریخ سماعت 29/12/2025

1۔ جمیل احمد 2۔ انجم مختیار 3۔ شکیل احمد 4۔ صابرہ اسلام 5۔ خلیل اسلام 6۔ عدیل اسلام 7۔ راحیل اسلام 8۔ امبر اسلام پسران و دختران عبدالسلام خان مرحوم بذریعہ اٹارنی مسٹر خلیل اسلام ولد عبدالسلام خان سکنہ مکان نمبر 98 شہباز ٹاؤن فیز III کوئٹہ کنٹونمنٹ بنام عوام الناس

درخواست جانشینی ایکٹ 1925 برائے حصول لیٹر آف ایڈمنسٹریشن سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام ہر خاص و عام (عوام الناس) ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں سائلان نے ایک درخواست برائے حصول ایڈمنسٹریشن سرٹیفکیٹ عدالت ہذا میں گزاری ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 29/12/2025 کو مقرر ہو چکی ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 15/12/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62521

بعدالت جناب اختر شاہ شیرانی سول جج کوہلو بااختیارات جناب ڈسٹرکٹ جج صاحب کوہلو

گارڈین نمبر 26/25 — آئندہ پیشی 26/12/2025

1۔ احمد دین ولد مرحوم میر ہزار 2۔ اینلہ بی بی دختر میر ہزار اقوام مری سکنہ کلی داہلی تحصیل وضلع کوہلو بنام عوام الناس

دعویٰ درخواست زیر سیکشن 25 گارڈین اینڈ وارڈ

ہرگاہ درخواست گارڈین عنوان بالا میں تاریخ پیشی مورخہ 26/12/2025 کو عدالت ہذا سے مقرر ہو چکی ہے جس میں سائلان بالا نے درخواست حصول گارڈین گزاری ہے لہٰذا اس بابت بذریعہ اشتہار اخبار ہر عام و خاص کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ پیشی پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بمورخہ 11/12/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

62522

بعدالت فیملی جج (III) کوئٹہ

مثل نمبر 74/25 — درخواست گارڈین

بخت بی بی بیوہ نصیب اللہ ساکن محلہ پشتون آباد کوئٹہ بنام عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 26/12/2025 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 11/12/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62523

بعدالت جناب سول جج I صاحب کوئٹہ

بمقدمہ 07/025 محمد صدیق بنام یاور عزیز وغیرہ (دعویٰ دیوانی اجراء)

اشتہار بنام:۔ 1۔ جمال ظفر ولد ظفر احمد طوقی روڈ کوئٹہ 2۔ شرف الدین H.No.10/2 Whyte Road Quetta

ہرگاہ عنوان بالا مقدمہ عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 19/12/2025 مقرر ہو چکی ہے مزید یہ کہ نمبر 2 اور 3 دیدہ و دانستہ طور پر سمن لینے سے گریزاں ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ سماعت محررہ 19/12/2025 کو مقدمہ ہذا کی اصالتاً یا وکالتاً پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 13/12/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62525

بعدالت جناب سول جج I صاحب کوئٹہ

بمقدمہ 12/025 عدنان اشتیاق بنام یاور عزیز وغیرہ (دعویٰ دیوانی اجراء)

اشتہار بنام:۔ 1۔ جمال ظفر ولد ظفر احمد طوقی روڈ کوئٹہ 2۔ عنایت اللہ ولد رحیم خان شہباز ٹاؤن فیز I کوئٹہ 3۔ جمال خان ولد حاجی رحیم خان سکنہ گارڈن ٹاؤن کوئٹہ 4۔ حاجی ماجد کلیم ولد سفر احمد کھوکر H/No.D/11 ریلوے ہاؤسنگ جوائنٹ روڈ کوئٹہ

ہرگاہ عنوان بالا مقدمہ عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 19/12/2025 مقرر ہو چکی ہے مزید یہ کہ نمبر 2 اور 3 دیدہ و دانستہ طور پر سمن لینے سے گریزاں ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ سماعت محررہ 19/12/2025 کو مقدمہ ہذا کی اصالتاً یا وکالتاً پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 13/12/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62524

بعدالت جناب سول جج I صاحب کوئٹہ

بمقدمہ 13/025 گل محمد بنام یاور عزیز وغیرہ (دعویٰ دیوانی اجراء)

اشتہار بنام:۔ 1۔ محمد جمیل ولد درمحمد H.No.2 خوبچک روڈ کوئٹہ 2۔ سجاد حیدر ترین ولد غلام حیدر ترین No.287Samungli Road Samungli Housing Scheme Quetta

ہرگاہ عنوان بالا مقدمہ عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 19/12/2025 مقرر ہو چکی ہے مزید یہ کہ نمبر 1 اور 2 دیدہ و دانستہ طور پر سمن لینے سے گریزاں ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ سماعت محررہ 19/12/2025 کو مقدمہ ہذا کی اصالتاً یا وکالتاً پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 13/12/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62525

بعدالت جناب سول جج I صاحب کوئٹہ

بمقدمہ 04/025 عبدالحئی بنام یاور عزیز وغیرہ (دعویٰ دیوانی اجراء)

اشتہار بنام:۔ 1۔ کاشف پراچا ولد ممتاز پراچا Resident of 514/90/A Madrassa Road Quetta Cantt.

ہرگاہ عنوان بالا مقدمہ عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 19/12/2025 مقرر ہو چکی ہے مزید یہ کہ نمبر 2 دیدہ و دانستہ طور پر سمن لینے سے گریزاں ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ سماعت محررہ 19/12/2025 کو مقدمہ ہذا کی اصالتاً یا وکالتاً پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 13/12/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62525

بعدالت جناب سول جج I صاحب کوئٹہ

بمقدمہ 06/025 محمد جاوید ارسلان بنام یاور عزیز وغیرہ (دعویٰ دیوانی اجراء)

اشتہار بنام:۔ 1۔ شرف الدین ولد محمد حسین R/O-H.No-10/2 Whyte Road Quetta

ہرگاہ عنوان بالا مقدمہ عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 19/12/2025 مقرر ہو چکی ہے مزید یہ کہ نمبر 2 دیدہ و دانستہ طور پر سمن لینے سے گریزاں ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ سماعت محررہ 19/12/2025 کو مقدمہ ہذا کی اصالتاً یا وکالتاً پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 13/12/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62525

روزنامہ مشرق کوئٹہ

اسپورٹس

جھل مگسی ڈیزرٹ چیلنج جیپ ریلی نوابزادہ جعفر خان مگسی تاریخ کے نام

مہمان خصوصی گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل تھے، تاریخی جھل مگسی ڈیزرٹ چیلنج جیپ ریلی 2025 کو شاندار کامیابی قرار دیا

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ایک کروڑ نقد انعام کا اعلان کیا اور دیگر تمام کیٹیگریز میں جیتنے والے ریسرز میں انعامات بھی تقسیم کیے

کوئٹہ (خ ن) اکیسویں جھل مگسی ڈیزرٹ چیلنج جیپ ریلی 2025 اتوار کی شام اپنے اختتام کو پہنچی جس کے مہمان خصوصی گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل تھے۔ تاریخی جھل مگسی ڈیزرٹ چیلنج جیپ ریلی 2025 نوابزادہ جعفر خان مگسی نے سب سے کم وقت میں ٹریک مکمل کیا اور جیت اپنے نام کر لیا۔ اس تقریب میں جھل مگسی اور اس سے متصل دیگر علاقوں کے سیاسی وقبائلی عمائدین سمیت ملک بھر سے ہزاروں شائقین نے شرکت کی جنہوں نے صحرائی علاقوں میں مقابلہ کرتے ہوئے ریسرز کو داد دی۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ایک کروڑ نقد انعام کا اعلان کیا اور دیگر تمام کیٹیگریز میں جیتنے والے ریسرز میں انعامات بھی تقسیم کیے۔ اس تاریخی جھل مگسی ڈیزرٹ چیلنج جیپ ریلی 2025 کو شاندار کامیابی قرار دیا، گورنر بلوچستان مندوخیل، وفاقی وزیر نوابزادہ خالد مگسی، وفاقی وزیر تجارت میر جام کمال، رکن قومی اسمبلی نوابزادہ عامر خان مگسی اور دیگر اہم اشخاص کی موجودگی نے ریلی کے جوش اور وقار میں اضافہ کیا۔

آئی ایل ٹی 20: ڈیزرٹ وائپرز کی شاندار فتح، پلے آف کے لیے کوالیفائی کرلیا

دبئی (این این آئی) ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 سیزن 4 میں ڈیزرٹ وائپرز نے دبئی کیپٹلز کو پانچ وکٹوں سے شکست دے کر پلے آف مرحلے کے لیے کوالیفائی کرلیا۔ یہ فتح وائپرز کے لیے تاریخی بھی ثابت ہوئی کیونکہ وہ ٹورنامنٹ کی تاریخ میں مسلسل چھ میچ جیتنے والی پہلی ٹیم بن گئی۔ تفصیلات کے مطابق دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں دبئی کیپٹلز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 166 رنز بنائے۔ جواب میں ڈیزرٹ وائپرز نے آل راؤنڈر سیم کرن کی شاندار کارکردگی کی بدولت ہدف 19.4 اوورز میں پانچ وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔

رونالڈو 'فاسٹ اینڈ فیوریس' سیریز جوائن کرنے والے ہیں؟

ہم نے کرسٹیانو رونالڈو کیلئے ایک کردار لکھا ہے، ہالی ووڈ اداکار ون ڈیزل کا اعلان

لزبن (آن لائن) اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو سے متعلق ہالی ووڈ اداکار ون ڈیزل نے دعویٰ کیا ہے کہ وہ بہت جلد مشہور سیریز 'فاسٹ اینڈ فیوریس' جوائن کرنے والے ہیں۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر ون ڈیزل نے ایک تصویر شیئر کی جس میں ان کے ہمراہ پرتگالی اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو بھی دکھائی دے رہے ہیں۔

نیشنل گیمز، 14 گولڈ میڈل جیتنے والے پہلوانوں کا شاندار استقبال

گوجرانوالہ آمد پر ایونٹ میں گولڈ میڈل جیتنے والے پہلوانوں کی آمد پر مٹھائی تقسیم کی گئی اور کیک بھی کاٹا

گوجرانوالہ (آن لائن) نیشنل گیمز میں 14 گولڈ میڈل جیتنے والے پہلوانوں کا گوجرانوالہ میں شاندار استقبال کیا گیا۔ کراچی میں ہونے والے 35 ویں نیشنل گیمز میں کامیابی سمیٹنے والے پہلوانوں کا اکھاڑہ انعام بٹ پہنچنے پر شاندار استقبال کیا گیا۔ ایونٹ میں گولڈ میڈل جیتنے والے پہلوانوں کی آمد پر مٹھائی تقسیم کی گئی اور کیک بھی کاٹا گیا۔ اس موقع پر پہلوان انعام بٹ نے کہا کہ نیشنل گیمز کے فاتح پہلوانوں پر فخر ہے، یہ پہلوان انٹرنیشنل سطح پر مقابلوں میں ملک کا نام روشن کریں گے

نیویارک، ٹائم سکوائر میں پی ایس ایل کی ٹرافی کی رونمائی کے موقع پر چیئرمین پی سی بی محسن نقوی اور قومی ٹیم کے کپتان ودیگر کھلاڑی بھی موجود ہیں

نیویارک کے ٹائمز اسکوائر میں پی ایس ایل کے رنگ بکھر گئے

پی ایس ایل ٹرافی کی ٹائمز اسکوائر پر نمائش، شدید سردی کے باوجود فینز کی بڑی تعداد پہنچی

نیویارک (این این آئی) نیویارک کے ٹائمز اسکوائر میں پی ایس ایل کے رنگ بکھر گئے، پی ایس ایل ٹرافی کی ٹائمز اسکوائر پر نمائش، شدید سردی کے باوجود فینز کی بڑی تعداد پہنچی، پی ایس ایل ٹرافی کو خصوصی بس کے ذریعے ٹائمز اسکوائر پہنچایا گیا، شان مسعود، سلمان علی آغا، فہیم اشرف، صائم ایوب، سعود شکیل، ابرار احمد ٹرافی کے ہمراہ ٹائمز اسکوائر پر پہنچے، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی اور سی ای او پی ایس ایل سلمان نصیر بھی تقریب میں شریک ہوئے فینز نے کھلاڑیوں اور چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کے ساتھ تصاویر لیں۔ فینز نے پاکستان ٹیم کے کھلاڑیوں کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

سڈنی واقعے کے بعد ایشیز کے تیسرے ٹیسٹ میں سکیورٹی سخت کرنیکا فیصلہ

آسٹریلیا اور انگلینڈ کے درمیان ایشیز سیریز کا تیسرا ٹیسٹ 17 دسمبر سے ایڈیلیڈ اوول میں کھیلا جائے گا

ایڈیلیڈ (این این آئی) سڈنی میں فائرنگ کے واقعے کے بعد ایشیز سیریز کے تیسرے ٹیسٹ میچ کے لیے سکیورٹی انتظامات مزید سخت کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے، آسٹریلیا اور انگلینڈ کے درمیان ایشیز سیریز کا تیسرا ٹیسٹ 17 دسمبر سے ایڈیلیڈ اوول میں کھیلا جائے گا جس کے پیش نظر حکام نے اضافی حفاظتی اقدامات کی تصدیق کر دی ہے۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق ایڈیلیڈ اوول کے اطراف میں سکیورٹی بڑھا دی جائے گی۔ اس حوالے سے ساؤتھ آسٹریلیا کے پولیس کمشنر گرانٹ اسٹیونز کے مطابق سکیورٹی رسپانس سیکشن کو تعینات کیا جا رہا ہے، جس میں اعلیٰ تربیت یافتہ پولیس اہلکار شامل ہوتے ہیں اور انہیں اضافی اسلحہ بھی فراہم کیا جاتا ہے۔

گورنر جعفر خان مندوخیل جھل مگسی ڈیزرٹ چیلنج جیپ ریلی 2025 میں نوابزادہ جعفر خان مگسی کو ٹاپ پوزیشن حاصل کرنے پر ٹرافی دے رہے ہیں

ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 نے کم وقت میں بڑی پہچان بنالی، وقار یونس

اب چوتھے سیزن تک پہنچ جانا اس بات کا ثبوت ہے کہ لیگ درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہے

دبئی (آن لائن) پاکستان کے لیجنڈری فاسٹ بولر اور ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 کے کمشنر وقار یونس نے لیگ کی شاندار اور تیز رفتار ترقی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ عام طور پر کرکٹ لیگز کو پختہ ہونے میں کئی برس لگتے ہیں، لیکن ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 نے محض تین برسوں میں نمایاں مقام حاصل کرلیا ہے اور اب اپنے چوتھے سیزن میں داخل ہو چکی ہے۔ دبئی میں منعقدہ ایک میڈیا نشست کے دوران وقار یونس نے کہا کہ انہوں نے 2023 میں آغاز سے ہی لیگ کی پیش رفت کو قریب سے دیکھا ہے۔

پی سی بی چیئرمین نے ایچ بی ایل پی ایس ایل 11 کی ونڈو کا اعلان کردیا

ایچ بی ایل پی ایس ایل کا میلہ اگلے برس 26 مارچ سے 3 مئی تک مختلف شہروں میں سجے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین سید محسن نقوی نے ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کے 11 ویں ایڈیشن کی ونڈو کا اعلان کر دیا ہے، ایچ بی ایل پی ایس ایل کا میلہ اگلے برس 26 مارچ سے 3 مئی تک مختلف شہروں میں سجے گا۔ تفصیلات کے مطابق ایچ بی ایل پی ایس ایل 11 کے توسیعی مرحلے کی تیاریاں تیز کردی گئی ہیں تاکہ چھ کی بجائے آٹھ ٹیموں کو میدان میں اتارا جا سکے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ 8 جنوری 2026 کو اسلام آباد کنونشن سینٹر میں نئی ٹیموں کی نیلامی کا انعقاد بھی کرے گا۔

ورلڈکپ سر پر ہے ٹیم میں زیادہ تجربے کرنے کی ضرورت نہیں، شاہد آفریدی

پی ایس ایل روڈ شو ہونا چاہئے، پی ایس ایل بڑا برانڈ ہے، پی ایس ایل فرنچائز کو بھی چاہیے ایسے پروگرام کریں، ورلڈ کپ کے لئے کمبینیشن مل گیا ہوگا

پی ایس ایل میں ٹیموں میں اضافہ ہونا چاہیے اس سے زیادہ کھلاڑیوں کو موقع ملے گا، ڈیپارٹمنٹ کرکٹ ہونی چاہیے، میں خود ڈیپارٹمنٹ سے کھیلا ہوں، گفتگو

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے کہا ہے کہ ورلڈ کپ سر پر ہے، ٹیم میں زیادہ تجربے کرنے کی ضرورت نہیں۔ شہر قائد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی کا کہنا تھا کہ خوشی ہے کہ جنرل فیض سمیت دیگر آرمی افسران کا احتساب ہو رہا ہے، آرمی نے اپنے آپ سے احتساب شروع کیا ہے۔ سابق کپتان قومی کرکٹ ٹیم نے کہا کہ فوج میری ہے، ہم سب کی ہے، جو قربانیاں دے رہی ہے فخر محسوس کرتا ہوں کہ فوج اپنے بچوں کو یتیم کرا رہی ہے تاکہ ہمارے بچے یتیم نہ ہوں۔ شاہد آفریدی نے کہا کہ پی ایس ایل روڈ شو ہونا چاہئے، پی ایس ایل بڑا برانڈ ہے، پی ایس ایل فرنچائز کو بھی چاہیے ایسے پروگرام کریں۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈ کپ کے لئے کمبینیشن مل گیا ہوگا، کپتان کو ایک ٹیم بنا کر دیں، تاکہ اسے بھی پتہ ہو کہ میں کپتان ہوں۔ سابق کپتان نے کہا کہ پی ایس ایل میں ٹیموں میں اضافہ ہونا چاہیے اس سے زیادہ کھلاڑیوں کو موقع ملے گا، ڈیپارٹمنٹ کرکٹ ہونی چاہیے، میں خود ڈیپارٹمنٹ سے کھیلا ہوں۔ شاہد آفریدی نے کہا کہ بگ بیش میں کرکٹرز کھیل رہے ہیں اچھی بات ہے، بابر، رضوان، شاہین وہاں سے کھیل آئیں گے جس سے ورلڈکپ کے لیے مدد ملے گی۔

نازیبا حرکات کی شکایت، آسٹریلیا کے کھلاڑی پر غیر معینہ مدت تک پابندی

سڈنی (آن لائن) آسٹریلیا کی ڈومیسٹک ٹیم نیو ساؤتھ ویلز کے ایک کرکٹر پر نوجوان کھلاڑیوں کے ساتھ نازیبا حرکات کرنے کی شکایت پر غیر معینہ مدت تک کے لیے ہر سطح پر کرکٹ کھیلنے پر پابندی عائد کردی گئی۔ سڈنی مارننگ ہیرالڈ میں شائع ہونیوالی رپورٹ کے مطابق نیو ساؤتھ ویلز اور ایک ٹی 20 ٹیم کی نمائندگی کرنے والے کھلاڑی کی ایمرجنسی بورڈ میٹنگ میں رجسٹریشن منسوخ کردی گئی۔ معاملے کی حساسیت کو دیکھتے ہوئے شکایت پر پولیس تحقیقات کر رہی ہے لیکن تاحال کوئی الزام عائد نہیں کیا گیا ہے۔

گورنر جعفر خان مندوخیل کو جھل مگسی ڈیزرٹ چیلنج جیپ ریلی 2025 کے موقع پر یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

بگ بیش لیگ میں شاہین آفریدی کو بولنگ کرنے سے روک دیا گیا

[illegible]

کھلاڑی بھی روبوٹ نہیں انسان ہیں، ثانیہ مرزا نے ڈپریشن کی وجہ بتادی

[illegible]

[illegible]

[illegible] میسی نے ملاقات وانکھیڈے اسٹیڈیم میں کرکٹ کے لیجنڈ سچن ٹنڈولکر سے ہوئی۔ سچن ٹنڈولکر نے وانکھیڈے اسٹیڈیم میں ارجنٹائن کے فیفا ورلڈ کپ جیتنے والے کپتان لیونل میسی کے ساتھ ملاقات کے بعد ایکس پر پوسٹ شیئر کی جو منٹوں میں وائرل ہوگئی۔ اس پوسٹ میں سچن اور میسی کی تصویر نے مداحوں کی توجہ سمیٹ لی۔ بھارتی اسٹار نے میسی کو اپنی شرٹ پیش کی۔

بریٹ لی نے آسٹریلیا کے موجودہ بولنگ اٹیک کو بہترین قرار دے دیا

سڈنی (آئی این پی) آسٹریلیا کے سابق فاسٹ بولر بریٹ لی نے موجودہ بولنگ اٹیک کو ملکی تاریخ کا سب سے بہترین قرار دے دیا۔ بریٹ لی نے کہا کہ پیٹ کمنز کی زیر قیادت موجود گروپ نے 2000 کی دہائی کے سنہری دور کو بھی پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ ان کے مطابق کمنز، مچل اسٹارک، ناتھن لائن اور جوش ہیزل ووڈ پر مشتمل ایک اعداد و شمار اور کارکردگی کے اعتبار سے بے مثال ہے۔ چاروں بولرز مجموعی طور پر 389 ٹیسٹ میچز کھیل چکے ہیں اور 1586 وکٹیں نام رکھتے ہیں، اس میں تین بولرز 300 سے زائد ٹیسٹ وکٹیں بھی مکمل کر چکے ہیں۔

پرو ہاکی لیگ، پاکستان کو لگاتار چوتھی شکست، ارجنٹائن نے 1-5 سے ہرادیا

سنتیاگو (آئی این پی) ارجنٹائن کے شہر سنتیاگو میں جاری پرو ہاکی لیگ کے چوتھے میچ میں پاکستان ہاکی ٹیم کو ایک بار پھر شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ ارجنٹائن نے پاکستان کو ایک کے مقابلے میں پانچ گول سے شکست دے کر گرین شرٹس کی مسلسل چوتھی بار ہار رقم کر دی۔ تفصیل کے مطابق پاکستان ٹیم ٹورنامنٹ میں اب تک کوئی فتح حاصل نہ کرسکی۔ پہلے میچ میں نیدرلینڈز نے پاکستان کو دو کے مقابلے میں پانچ گول سے مات دی۔ دوسرے میچ میں ارجنٹائن نے پاکستان کو تین ایک سے شکست دی، جبکہ تیسرے میچ میں نیدرلینڈز نے گرین شرٹس کو سات تین سے ہرایا۔ چوتھے میچ میں بھی پاکستانی ٹیم دفاع اور حکمت عملی کے حوالے سے کمزور دکھائی دی اور ارجنٹائن نے کھیل پر مکمل گرفت رکھتے ہوئے پانچ ایک سے واضح برتری حاصل کی۔

اسپینش لالیگا میں سیویلا نے ریال اوویڈو کو 0-4 گول سے ہرادیا

فاتح ٹیم نے قیمتی تین پوائنٹس حاصل کرنے کے ساتھ ٹیبل پر نویں پوزیشن بھی حاصل کرلی ہے

میڈرڈ (یو این پی) سیویلا نے ہسپانوی فٹ بال لیگ لالیگا کے اپنے 16 ویں میچ میں ریال اوویڈو کو ہرا کر ٹیبل پر نویں پوزیشن حاصل کر لی۔ ای ایس پی این کے مطابق سیویلا کی ٹیم نے شاندار کارکردگی کی بدولت ریال اوویڈو کی ٹیم کو باآسانی 0-4 گول سے ہرا دیا۔ سیویلا کی جانب سے اکور ایڈمز، جبرل سو، بتسا مینڈی اور پیڈرا ایکوک نے ایک ایک گول کرکے اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ سیویلا کی لیگ میں چھٹی فتح ہے اور اس کامیابی کے بعد فاتح ٹیم نے قیمتی تین پوائنٹس حاصل کرنے کے ساتھ ٹیبل پر نویں پوزیشن بھی حاصل کرلی۔

دبئی، انڈر 19 ایشیا کپ میں بنگلہ دیشی بولر نیپال کیخلاف وکٹ لینے کے بعد خوشی کا اظہار کر رہا ہے

محکمہ کھیل بلوچستان کے زیر اہتمام تیسرا سندھ بلوچستان کرکٹ ٹورنامنٹ شروع

ٹورنامنٹ کا افتتاح ڈپٹی کمشنر حب اسماعیل ابراہیم نے بال کو شاٹ لگا کر کیا

ٹورنامنٹ کے پہلے میچ میں مکران ڈویژن نے ژوب ڈویژن کو شکست دے دی

حب (این این آئی) محکمہ کھیل بلوچستان کے زیر اہتمام تیسرا سندھ بلوچستان کرکٹ ٹورنامنٹ شاندار انداز میں شروع ہوگیا۔ ٹورنامنٹ کا افتتاح ڈپٹی کمشنر حب اسماعیل ابراہیم نے بال کو شاٹ لگا کر کیا، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر حب مہم جان تنگی بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ گراؤنڈ پہنچنے پر ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس مرید لانگو اور ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر حب عادل بلوچ نے مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں روایتی اجرک پہنائی گئی۔ ڈپٹی کمشنر حب نے کھلاڑیوں سے ملاقات کی اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر حب اسماعیل ابراہیم نے کہا کہ محکمہ کھیل بلوچستان، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور مشیر برائے کھیل مینا مجید بلوچ کی کاوشوں سے حب میں تیسرا سندھ بلوچستان کرکٹ ٹورنامنٹ منعقد کیا گیا ہے، جو نوجوان کھلاڑیوں کے ٹیلنٹ کو اجاگر کرنے کا بہترین موقع ہے۔ ٹورنامنٹ کے پہلے میچ میں مکران ڈویژن نے ژوب ڈویژن کو شکست دے دی۔ جبکہ دوسرے میچ میں کراچی ڈویژن نے لورالائی ڈویژن کے خلاف مقررہ 20 اوورز میں 277 رنز کا بڑا ہدف دیا، جواب میں لورالائی ڈویژن کی ٹیم 207 رنز ہی بنا سکی۔ میچ کے اختتام پر شاندار کارکردگی دکھانے والے کھلاڑی کو مین آف دی میچ قرار دے کر کیش انعام سے نوازا گیا۔

آر ڈی ایم سی کی معاونت سے چاغی کے نوجوانوں کی نیشنل ینگ لیڈرز کانفرنس

کانفرنس میں شریک نوجوانوں میں 10 لڑکے اور 10 لڑکیاں شامل ہیں جن کا انتخاب میرٹ پر مبنی عمل کے ذریعے کیا گیا

ینگ لیڈرز کانفرنس کا باضابطہ آغاز کراچی میں ہو چکا، کراچی روانگی سے قبل نوجوانوں کا ریکوڈک منصوبے کی سائٹ کا دورہ

دالبندین (نامہ نگار) آر ڈی ایم سی کی معاونت سے ضلع چاغی کے نوجوانوں کی نیشنل ینگ لیڈرز کانفرنس میں شرکت چاغی ریکوڈک مائننگ کمپنی (آر ڈی ایم سی) کی معاونت سے ضلع چاغی سے تعلق رکھنے والے 20 نوجوانوں نے نیشنل سطح کی ینگ لیڈرز کانفرنس (YLC) میں شرکت کی۔ یہ کانفرنس اسکول آف لیڈرشپ (SoL) کے زیر اہتمام منعقد کی جاتی ہے جو ملک بھر کے نوجوانوں کو قیادت کی صلاحیتوں کے فروغ، تبادلہ خیال اور ذاتی صلاحیتوں کی نشوونما کے مواقع فراہم کرنے کے لیے ہر سال منعقد کی جاتی ہے۔ کانفرنس میں شریک نوجوانوں میں 10 لڑکے اور 10 لڑکیاں شامل ہیں، جن کا انتخاب ینگ لیڈرز کانفرنس کی ٹیم نے ایک سخت اور مکمل طور پر میرٹ پر مبنی عمل کے ذریعے کیا۔ یہ نوجوان ضلع چاغی کی مختلف کمیونٹیز کی نمائندگی کرتے ہیں اور اس علاقے کے روشن مستقبل کی عکاسی کرتے ہیں۔ ینگ لیڈرز کانفرنس کا باضابطہ آغاز پیر (آج) کراچی میں ہو چکا ہے۔ کراچی روانگی سے قبل نوجوانوں نے ریکوڈک منصوبے کی سائٹ کا دورہ کیا، جہاں ان کی ملاقات ریکوڈک مائننگ کمپنی کے جنرل منیجر رائن مگل، سینئر مینجمنٹ اور کمیونٹی ریلیشنز ٹیم کے اراکین سے ہوئی۔ اس موقع پر رائن مگل نے چاغی کے نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ینگ لیڈرز کانفرنس محض ایک تقریب نہیں بلکہ اپنی صلاحیتوں کو دریافت کرنے اور مستقبل کے اہداف متعین کرنے کا ایک اچھا موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ نوجوان چاغی کی ثقافت اور روشن مستقبل کی نمائندگی کر رہے ہیں اور انہیں اپنی کمیونٹی کے سفیر کے طور پر خود کو پیش کرنا چاہیے۔

گنجھی پور، گردونواح کے عوام میر سلیم احمد کھوسہ کے احسان مند ہیں، ممتاز کلہار

قومی شناختی کارڈ، بے فارم، ڈیتھ سرٹیفکیٹ کا حصول نہایت ہی آسان ہوگیا ہے

گنجھی پور (نامہ نگار) یونین کونسل خدائیداد کے سابق کونسلر ممتاز علی کلہار نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ گنجھی پور اور گردونواح کے عوام عوامی لیڈر وصوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ کے نہایت احسان مند ہیں، کہ انہوں نے گنجھی پور میں نادرا آفس کا قیام یقینی بنایا جس کی بدولت عوام کیلئے قومی شناختی کارڈ، بے فارم، ڈیتھ سرٹیفکیٹ کا حصول نہایت ہی آسان ہوگیا ہے اور اس پہ سونے پہ سہاگہ یہ ہوا کہ گنجھی پور نادرا آفس کا انچارج وقار احمد تبسم اور دیگر تمام کا تمام اسٹاف ہر سائل کے ساتھ نہایت تعاون کرنے والا ہے جو سائلین کی بہترین انداز میں مخلصانہ لہجے میں رہنمائی کرتے ہیں۔ جس کا تمام تر سہرا صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ کو جاتا ہے، انہوں نے اپنی ذاتی دلچسپی لیتے ہوئے نادرا آفس گنجھی پور میں ایک بہترین انچارج وقار احمد تبسم اور دیگر اسٹاف کا انتخاب کرکے تعینات کروائے ہیں۔ اب عوام کے کئی تکلیف دہ مسائل نہایت آسانی کے ساتھ ان کی دہلیز پر حل ہو رہے ہیں۔ تاہم یہاں پر صرف ایک ہی ڈیٹا انٹری آفیسر ہے

چاغی، آر ڈی ایم سی کی معاونت سے نوجوانوں کی نیشنل ینگ لیڈرز کانفرنس کے موقع پر شرکاء کا گروپ فوٹو

ہندو پنچائیت کی کال پر ڈکیتی اور چوری کی عدم گرفتاری کیخلاف ریلی

مظاہرین کا قرآن پاک اٹھا کر ایس پی آفس تک مارچ، امن و امان کی بحالی کے لئے شگاف نعرے

مظاہرین نے پلے کارڈ اٹھائے ہوئے تھا جن پر، ڈھاڈر کو امن دو، اقلیتوں کو تحفظ دو کے نعرے درج تھے

بولان (نامہ نگار) ہندو پنچائیت کی کال پر تاجر برادری، سول سوسائٹی سیاسی وسماجی حلقوں نے ہندو برادری کے ساتھ پیش آنے والے ڈکیتی اور چوروں کی عدم گرفتاری کے خلاف ایک پرامن ریلی نکالی ریلی میں مظاہرین نے قرآن پاک اٹھا کر ایس پی آفس تک مارچ کیا امن وامان کی بحالی کے گلے شگاف نعرے۔ تفصیلات کے مطابق ڈھاڈر رند علی بازار میں تین ہندو دکانداروں کے ساتھ پیش آنے والی ڈکیتی، ملزمان کی عدم گرفتاری اور بدامنی کے خلاف ہندو کمیونٹی ڈھاڈر کے کال پر تاجر برادری، سماجی وسیاسی پارٹیوں کی جانب سے ایک پرامن احتجاجی ریلی میں قرآن پاک اٹھا کر شاہی چوک رند علی سے ایس پی آفس تک مارچ کیا مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈ اٹھائے ہوئے تھا جن پر، ڈھاڈر کو امن دو ملزمان کو گرفتار کرو اور اقلیتوں کو تحفظ دو کے نعرے درج تھے ایس پی آفس کے سامنے احتجاجی دھرنے سے استاد حضور بخش سیال، استاد عبدالستار ودیگر نے اپنے خطاب میں کہا ہے کہ پولیس انتظامیہ بچی ڈھاڈر شہریوں کو تحفظ دینے اور قیام امن قائم کرنے میں مکمل ناکام ہوئی انہوں نے کہا ہے کہ آئے روز چوری ڈکیتی اور بدامنی نے علاقائی معیشت کا بیڑا غرق کر دیا ہے اور شریف انفس اپنے گھروں تک محدود ہو کر رہ گئے مسافروں کو لوٹنا روز کا معمول بن چکا ہے چادر چار دیواری کی پامالی سے عوام کی عزت نفس مجروح ہے مقررین نے کہا کہ ڈکیتی کی وارداتوں سے عوام میں عدم تحفظ و خوف وہراس کا سماں ہے جس سے نہ صرف ہندو اقلیتی برادری بلکہ عام آدمی بھی غیر محفوظ ہے

پوڑوئی تا دالبندین پانی فراہمی منصوبہ آخری مراحل میں داخل

پائپ لائنوں کی تنصیب اور زیر زمین کھدائی کا کام مکمل ہونے والا ہے

دالبندین (نمائندہ خصوصی) پوڑوئی تا دالبندین پانی فراہمی منصوبہ آخری مراحل میں داخل پوڑوئی سے دالبندین تک دالبندین شہر اور اس کے مضافاتی علاقوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے پائپ لائنوں کی تنصیب اور زیر زمین کھدائی کا کام تقریباً مکمل ہونے والا ہے۔ عوامی حلقوں نے اس منصوبے کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ باقی ماندہ کام کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ پانی کی سپلائی باقاعدہ طور پر شروع کی جاسکے۔ عوامی نمائندوں اور شہریوں کا کہنا ہے کہ گرمی کی آمد سے قبل اس منصوبے کو ہر صورت پایہ تکمیل تک پہنچایا جانا چاہیے، کیونکہ شدید گرمی میں پانی کی قلت عوام کے لیے سنگین مسائل پیدا کر سکتی ہے۔ عوامی حلقوں نے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (پی ایچ ای) اور اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ اس منصوبے کے لیے مختص کیے گئے فنڈز میں سے جو بقایا رقم باقی ہے، اسے فوری طور پر جاری کیا جائے تاکہ منصوبے میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو۔ ان کا کہنا ہے کہ اب تک استعمال ہونے والی رقم کی تفصیلات بھی شفاف انداز میں سامنے لائی جائیں۔

سنی علماء کونسل ضلع خاران کے زیر اہتمام مدح صحابہ و مطالباتی جلوس نکالا گیا

شرکاء کے ہاتھوں میں پلے کارڈ اٹھائے ہوئے تھے، قیادت مولانا حافظ ظاہر کر رہے تھے

خلفائے راشدین کے ایام وفات وشہادت پر عام تعطیل کا اعلان کیا جائے، مقررین

خاران (نمائندہ خصوصی) سنی علماء کونسل ضلع خاران کے زیر اہتمام مدرسہ قاسمیہ سے مدح صحابہ و مطالباتی جلوس نکالا گیا جلوس مختلف جگہوں سے ہوتے ہوئے جلسے کی شکل اختیار کرگئی جلوس کے شرکاء کے ہاتھوں میں پلے کارڈ اٹھائے ہوئے تھے جبکہ جلوس کی قیادت سنی علماء کونسل ضلع خاران کے نائب صدر مولانا حافظ ظاہر احمد کر رہے تھے جلوس کے شرکاء سے سنی علماء کونسل ضلع خاران کے نائب صدر حافظ ظاہر احمد، ضلعی سرپرست مولانا غازی عبد الرشید، مولانا محمد اسماعیل، مولانا نجیب اللہ توحیدی اور مولوی فضل اللہ شاہوانی نے خطاب کیا۔ شرکاء سے مقررین نے سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی شان و عظمت بیان کرتے ہوئے کہا کہ سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ وہ عظیم ہستی ہیں جنہوں نے ہر نازک موقع پر رسول اکرم ﷺ کا ساتھ دیا۔ غارثور کی رفاقت ہو یا مال و جان کی بے مثال قربانی، آپ ہمیشہ سب سے آگے رہے۔ آپ کو صدیق کا لقب اس لیے ملا کہ آپ نے ہر حال میں نبی کریم کی بلا تردد تصدیق کی۔ خلافت کے دور میں ارتداد کے فتنے کا خاتمہ اور منکرین زکوۃ کے خلاف مضبوط موقف اختیار کر کے آپ نے امت کی وحدت کو محفوظ رکھا۔ مقررین نے حکومت وقت سے مطالبہ کیا کہ جس طرح ملک بھر میں مختلف ایام سرکاری سطح پر منائے جاتے ہیں، اسی طرح یہ ہمارا دیرینہ اور تمام اہل سنت کا متفقہ مطالبہ ہے کہ خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ایام وفات و شہادت پر عام تعطیل کا اعلان کیا جائے۔

گیس لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے، سید لطف اللہ

سردی کی وجہ سے شہری مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں، بیان

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ میں شدید سردی کی لہر اور گیس کی مسلسل لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے، جس کے باعث بچوں، خواتین اور بزرگوں سمیت مختلف طبقات موسمی اور سانس کی بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے جنرل سیکرٹری سید لطف اللہ آغا نے گزشتہ روز اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ سرد موسم میں گیس کی عدم فراہمی گھریلو نظام زندگی کو مفلوج کر رہی ہے اور عوام شدید ذہنی و جسمانی دباؤ کا شکار ہیں گیس نہ ہونے کے باعث شہری متبادل ذرائع استعمال کرنے پر مجبور ہیں، جو نہ صرف مہنگے ہیں بلکہ حادثات اور صحت کے سنگین مسائل کا سبب بھی بن رہے ہیں۔ سردی میں گھروں کو گرم رکھنے اور کھانا پکانے میں مشکلات کے باعث نزلہ، زکام، کھانسی اور دیگر امراض میں تشویشناک اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ خاص طور پر غریب اور متوسط طبقہ سب سے زیادہ متاثر ہے، جو اضافی ایندھن خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتا۔ سید لطف اللہ آغا نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ وہ ہنگامی بنیادوں پر گیس لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کریں اور کوئٹہ کے شہریوں کو بلاتعطل گیس کی فراہمی یقینی بنائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو صورتحال مزید سنگین ہو سکتی ہے۔ عوامی نمائندوں اور حکام بالا کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوامی مسائل کو ترجیح دیں، متبادل انتظامات کریں اور طویل المدتی پالیسی کے تحت توانائی بحران کا پائیدار حل نکالیں۔ آخر میں انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ احتیاطی تدابیر اختیار کریں جبکہ حکومت سے توقع ظاہر کی کہ وہ عوام کو اس مشکل وقت میں تنہا نہیں چھوڑے گی

این او سی کے بغیر کسی بھی قسم کے بور، ٹیوب ویل کی کھدائی پر پابندی عائد

پیشگی اجازت حاصل کیے بغیر بورنگ یا زیر زمین پانی کے استعمال سے اجتناب کریں

زیر زمین پانی کے غیر قانونی استعمال سے آبی ذخائر کو شدید خطرات لاحق ہیں، اعلامیہ

قلات (خ ن) ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن قلات کی جانب سے عوامی مفاد میں پبلک نوٹس جاری کرتے ہوئے واضح کیا گیا ہے کہ بلوچستان گراؤنڈ واٹر رائٹس ایڈمنسٹریشن آرڈیننس 1978 کے تحت ضلع میں پیشگی اجازت یا این او سی کے بغیر کسی بھی قسم کے بور، ٹیوب ویل کی کھدائی، تنصیب، آپریشن یا زیر زمین پانی کے اخراج پر مکمل پابندی عائد کردی گئی ہے۔ جاری کردہ نوٹس کے مطابق ضلع کے تمام شہریوں، ٹھیکیداروں اور سرکاری ونجی اداروں کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ ڈسٹرکٹ واٹر کمیٹی (DWC) سے پیشگی اجازت حاصل کیے بغیر کسی بھی قسم کی بورنگ یا زیر زمین پانی کے استعمال سے اجتناب کریں۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ زیر زمین پانی کے غیر قانونی استعمال سے آبی ذخائر کو شدید خطرات لاحق ہیں، جس کے پیش نظر قوانین پر سختی سے عملدرآمد ناگزیر ہو چکا ہے۔

گرینڈ الائنس کی کال پر ملازمین نے سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاج ریکارڈ کرایا

حکومت مطالبات کے حق میں فوری نوٹیفکیشن جاری کرے، احتجاجی ملازمین کا مطالبہ

خاران (نمائندہ خصوصی) گرینڈ الائنس بلوچستان کی کال پر ضلع خاران آرگنائزنگ کمیٹی نے احتجاجاً اپنے بازوؤں پر سیاہ پٹی باندھ کر احتجاج ریکارڈ کرایا اس سلسلے میں خاران میں تمام سرکاری دفاتر، سکول ہسپتالز میں ملازمین بازوؤں پر سیاہ پٹی باندھ کر اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج کیا کمشنر رخشان ڈویژن آفس ڈپٹی کمشنر آفس، ڈی ایچ کیو، ایجوکیشن آفس سکولز، محکمہ زراعت آفس، صنعت وحرفت آفس میں ملازمین اپنے اپنے بازوں پر سیاہ پٹیاں باندھا کہ حکومت ہمارے مطالبات کے حق میں فوری نوٹیفکیشن جاری کریں

بلوچستان گرینڈ الائنس نصیر آباد کا مطالبات کے حق میں احتجاجی تحریک کا دوسرا مرحلہ

گرینڈ الائنس کے صدر عبداللہ بلوچ کی قیادت میں ملازمین نے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر علامتی احتجاج کیا

صوبائی حکومت کی مسلسل ظلم و زیادتی اور ناانصافی کے خلاف ملازمین سراپا احتجاج ہیں، مقبول عمرانی، آصف عظیم

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی میں بلوچستان گرینڈ الائنس نصیر آباد کی جانب سے ڈی آر اے سمیت دیگر جائز مطالبات تسلیم نہ ہونے پر حکومت کیخلاف احتجاجی تحریک کا دوسرا مرحلہ باقاعدہ طور پر شروع کردیا گیا گرینڈ الائنس نصیر آباد کیڈ ویژنل صدر عبداللہ بلوچ کی قیادت میں ملازمین نے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر علامتی احتجاج کیا اس موقع پر گرینڈ الائنس نصیر آباد کے جنرل سیکرٹری استاد مقبول احمد عمرانی، ٹیچرز ایسوسی ایشن کے صوبائی آڈیٹر جنرل آصف عظیم عمرانی، ایریگیشن ایمپلائز یونین کے صدر سید ظہیر شاہ، ایریگیشن کے بابو نثار احمد جھلگری، غوث بخش جمالی، غلام مصطفیٰ مسیر، عبدالستار عمرانی، غلام رسول ابڑو، ایپکا ایجوکیشن کے صدر بابو محمد عالم بلیدی، کوڑ خان باجی، یعقوب لہڑی، بابو برکت علی گولہ، بشیر احمد مینگل، منظور احمد جنگ، زراعت یونٹ کے صدر محمد یوسف ساسولی، محمد حنیف ہنگورکزئی، حاجی سعید احمد بابو نیاز احمد ڈومکی، الطاف حسین ابڑو، اختر حسین گجر، بی اینڈ آر کے سید امداد شاہ، امان اللہ بلیدی، ابراہیم ہنگورکزئی، بابو رحیم داد ہنگورکزئی، محکمہ صحت کے بابو اعظم بھرانی، بابو خادم حسین کٹی، شفقت رند، پیرامیڈیکس کے صدر کامریڈ نذیر احمد مستوئی، محکمہ ریونیو کے حسین بخش جونیجو، بابو شیر اللہ کھوسہ، رئیس پیر محمد سیال، بابو برکت علی سامت، حاجی یعقوب مینگل، منصور منگی، سرفراز مجید، صدام ہنگورکزئی، بقا عمرانی، اگریکلچر ایکسٹینشن کے بابو غلام حسین جمالی، مجاہد حسین بھنگر، محکمہ زکوٰۃ کے سکندر علی گورشانی، محمد اشرف بھٹو، جی ٹی اے آئینی کے میر احمد شاہد گرانی، عطاء اللہ ساسولی سمیت دیگر تنظیموں کے رہنماؤں نے اپنے اپنے دفاتر میں سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاج کیا

کلی حاجی محمد حسن لنک روڈ کا کام ڈیڑھ سال سے التواء کا شکار

لنک روڈ کا مکمل نہ ہونا آفیسران کی عدم دلچسپی کا منہ بولتا ثبوت ہے

مل (نامہ نگار) کلی حاجی محمد حسن محمد حسنی لنک روڈ کا کام گزشتہ ڈیڑھ سال سے التواء کا شکار ٹھیکیدار چند دن کے کام کے بعد تاحال رفوچکر کمشنر رخشان ڈویژن سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق یونین کونسل سرل کے کلی حاجی محمد حسن محمد حسنی لنک روڈ کا کام گزشتہ ڈیڑھ سال سے التواء کا شکار ہیں مذکورہ لنک روڈ کی منظوری جون 2024 میں ہو چکی مسلسل دو بجٹ 2024/25 اور 2025/26 میں مذکورہ لنک روڈ کے لیے فنڈز رکھنے کے باوجود تاحال مذکورہ لنک روڈ کا مکمل نہ ہونا آفیسران کی عدم دلچسپی کا منہ بولتا ثبوت ہے کلی حاجی محمد حسن محمد حسنی لنک روڈ جسکا کام طویل عرصے سے تشنہ تکمیل ہیں اہلیان نے متعدد بار مذکورہ محکمے کے اعلیٰ حکام سے فریاد کی مگر عوام کی روداد سننے والا کوئی نہیں مذکورہ لنک روڈ کی عدم تعمیر کی وجہ سے لنک روڈ کے اوپر سے سفر کرنا اب محال ہوتا جا رہا ہے ٹھیکیدار نے لنک روڈ کے سائیڈز اور اوپر بجری ڈال کرا سے ہموار تو کردی مگر طویل عرصہ گزرنے کے باوجود روڈ کا بقیہ کام شروع نہیں ہو سکا جس کی وجہ سے اہلیان میں مایوسی کی لہر دوڑ گئی ہے آخر میں اہلیان کلی حاجی محمد حسن محمد حسنی مل نے کمشنر رخشان ڈویژن، ڈپٹی کمشنر نوشکی اور اسسٹنٹ کمشنر نوشکی سے مطالبہ کیا ہے



مل، کلی حاجی محمد حسن محمد حسنی لنک روڈ کی تعمیر کا کام تاحال نامکمل ہے

اے آئی پر مبنی نظام سے غیر حاضری کے رجحان کی حوصلہ شکنی ہوگی، مجیب الرحمن

اس اقدام کا مقصد سرکاری اداروں میں شفافیت، وقت کی پابندی اور خدمات کے معیار کو بہتر بنانا ہے

تمام افسران و عملہ مقررہ اوقات میں حاضری یقینی بنائیں، خلاف ورزی پر کارروائی عمل میں لائی جائے گی

کوہلو (خ ن) ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی کوہلو مجیب الرحمن کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کے واضح احکامات کی روشنی میں محکمہ صحت میں نظم وضبط کو یقینی بنانے کے لیے تمام عملے کی حاضری کو جدید اے آئی نظام کے ذریعے باقاعدہ طور پر یقینی بنایا گیا ہے انہوں نے کہا اس اقدام کا مقصد سرکاری اداروں میں شفافیت، وقت کی پابندی اور خدمات کے معیار کو بہتر بنانا ہے اے آئی پر مبنی حاضری نظام کے نفاذ سے غیر حاضری کے رجحان کی حوصلہ شکنی ہوگی جبکہ عوام کو موثر طبی سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے گی۔ ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی کوہلو نے مزید کہا کہ تمام افسران وعملے کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ مقررہ اوقات میں اپنی حاضری کو یقینی بنائیں، خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ قواعد وضوابط کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبائی حکومت کی پالیسیوں پر مکمل عملدرآمد کرتے ہوئے عوامی خدمت کے نظام کو مزید موثر اور فعال بنایا جائے گا۔ اس سلسلے میں ایل ایچ وی میں بہت جلد ایک معیاری اور جدید لیب روم قائم کیا جا رہا ہے جس سے خواتین کو دور دراز سفر کرنے کے بجائے طبی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم ہوں گی۔ تحصیل سے علاقے کی سینکڑوں خواتین کو بروقت اور محفوظ زچگی کی سہولت میسر آسکے گی۔ اہلیان کوہلو نے صوبائی حکومت، ڈی ایس ایم مجیب الرحمن کاکڑ، پی پی ایچ آئی انتظامیہ اور فیلڈ اسٹاف کی کارکردگی پر مکمل اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے موجودہ اقدامات کو علاقے میں صحت کے شعبے کے لیے ایک مثبت اور دیرپا تبدیلی قرار دیا ہے۔

ڈی سی ساگر کمار کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم ایوننگ اجلاس کا انعقاد

ویکسین کی دستیابی، کولڈ چین کے انتظامات اور سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ

قلعہ سیف اللہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر ساگر کمار کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز ایوننگ اجلاس کا انعقاد کیا گیا، جس میں پولیو مہم کی مجموعی کارکردگی، فیلڈ سرگرمیوں اور درپیش چیلنجز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کا مقصد مہم کو مزید مؤثر بنانا اور زیرو مسڈ کیسز کے ہدف کو یقینی بنانا تھا۔ اجلاس میں این اسٹاف آفیسر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر وحید کاکڑ، کمیونیکیشن آفیسر، عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے نمائندے، یونین کونسل میڈیکل آفیسرز، فیلڈ سپروائزرز اور دیگر متعلقہ اسٹاف نے بھرپور شرکت کی۔ تمام شرکاء نے فیلڈ میں جاری پولیو مہم کی تازہ ترین صورتحال سے اجلاس کو آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر ساگر کمار نے گھر گھر پولیو ٹیموں کی کارکردگی، ٹیموں کی حاضری، ویکسین کی دستیابی، کولڈ چین کے انتظامات اور سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے مسڈ بچوں کی نشاندہی، ہارڈ ٹو ریچ علاقوں، نقل مکانی کرنے والی آبادی اور سرحدی علاقوں پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایات جاری کیں۔ ڈی ایچ او ڈاکٹر وحید کاکڑ نے ضلع بھر میں پولیو ٹیموں کی کارکردگی، روزانہ کوریج، مسڈ کیسز اور ان کے فالو اپ سے متعلق بریفنگ دی،

1 نقیب — ہنگو، مسجد و مکتبہ

ہنگو کے علاقے کلی تنے میں جمعہ کے روز مسجد و مکتبہ کے احاطے میں ہونے والے خودکش دھماکے کے نتیجے میں 4 افراد جاں بحق اور 8 زخمی ہوئے۔ دھماکے کی آواز کئی کلومیٹر دور تک سنی گئی۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق دھماکا اس وقت ہوا جب نماز جمعہ کے بعد مسجد کے احاطے میں درس قرآن کا سلسلہ جاری تھا۔ دھماکے کے بعد علاقے میں افراتفری پھیل گئی۔ مقامی افراد اور ریسکیو اہلکار زخمیوں کو قریبی اسپتال منتقل کرنے میں مصروف رہے۔ پولیس کے مطابق دھماکا خودکش نوعیت کا تھا۔ حملہ آور نے مسجد کے اندر خود کو دھماکا خیز مواد سے اڑا لیا۔ دھماکے کی شدت اتنی زیادہ تھی کہ مسجد کی چھت اور دیواروں کو نقصان پہنچا۔ ہنگو پولیس کے ترجمان کے مطابق زخمیوں میں 3 پولیس اہلکار بھی شامل ہیں۔ ان کی حالت خطرے سے باہر بتائی جاتی ہے۔ ڈی پی او ہنگو نے کہا کہ حملہ آور کی شناخت کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔ ابتدائی شواہد سے معلوم ہوا ہے کہ حملہ آور کی عمر 25 سے 30 سال کے درمیان تھی۔ اس کے پاس سے کوئی شناختی دستاویز برآمد نہیں ہوئی۔ پولیس نے کہا کہ دھماکے کے ممکنہ سہولت کاروں کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ ہنگو کے ڈپٹی کمشنر نے دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گرد امن کے دشمن ہیں اور ایسے بزدلانہ حملے ان کے عزم کو کمزور نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع میں امن و امان کی صورتحال کو یقینی بنانے کے لیے سیکیورٹی اقدامات مزید سخت کیے جائیں گے۔ ضلع کے تمام تعلیمی ادارے 3 روز کے لیے بند کر دیے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام مساجد میں سیکیورٹی کے انتظامات کو یقینی بنایا جائے۔ ہنگو کے مختلف علاقوں میں دھماکے کے خلاف مظاہرے کیے گئے۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ دہشت گردوں کے سہولت کاروں کو بے نقاب کیا جائے اور انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ علاقہ مکینوں نے کہا کہ وہ اس واقعے سے شدید خوفزدہ ہیں اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ ان کے علاقے میں امن بحال کیا جائے۔

2 نقیب — میر مرتضیٰ دشتی

ضلع کیچ کے دور افتادہ علاقے دشت میں جمعرات کی صبح ایک افسوسناک ٹریفک حادثے میں 2 افراد جاں بحق اور 3 زخمی ہو گئے۔ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ایک مسافر کوچ، جو کراچی سے تربت جا رہی تھی، دشت کے قریب ایک موڑ پر بے قابو ہو کر الٹ گئی۔ کوچ میں 30 سے زائد مسافر سوار تھے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق حادثہ صبح تقریباً 6 بجے پیش آیا۔ کوچ کا ڈرائیور مبینہ طور پر نیند کی وجہ سے گاڑی پر قابو نہ رکھ سکا۔ گاڑی سڑک سے نیچے اتر کر کئی بار الٹی۔ جائے حادثہ پر موجود عینی شاہدین کے مطابق کوچ کی چھت اور اگلا حصہ شدید متاثر ہوا۔ زخمیوں کو فوری طور پر ریسکیو اہلکار اور مقامی افراد نے کوچ سے نکالا۔ ابتدائی طبی امداد کے بعد انہیں تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال دشت منتقل کیا گیا۔ ڈاکٹر نصیر احمد بلوچ کے مطابق زخمیوں میں سے 2 کی حالت تشویشناک ہے۔ ان کے سر اور سینے پر شدید چوٹیں آئی ہیں۔ ان کا مزید علاج تربت منتقل کیا جائے گا۔ ایک زخمی کی ٹانگ کی ہڈی فریکچر ہوئی ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر دشت سید ذوالفقار حسین نے جائے حادثہ کا دورہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ابتدائی تحقیقات میں ڈرائیور کی غفلت سامنے آئی ہے۔ تاہم حتمی رپورٹ فرانزک اور ٹریفک پولیس کی مشترکہ تحقیقات کے بعد جاری کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن قانونی مدد فراہم کی جائے گی۔ ٹریفک پولیس دشت کے ایس ایچ او انسپکٹر محمد یونس بلوچ نے کہا کہ پہاڑی اور دشت علاقوں میں طویل سفر کے دوران ڈرائیوروں کو زیادہ محتاط رہنا چاہیے۔ انہوں نے مسافر کوچ کمپنیوں پر زور دیا کہ وہ ڈرائیوروں کے لیے آرام کے مناسب وقفے یقینی بنائیں۔ مقامی لوگوں نے مطالبہ کیا کہ اس خطرناک موڑ پر حفاظتی اقدامات کیے جائیں، جہاں ماضی میں بھی کئی حادثات رونما ہو چکے ہیں۔

3 نقیب — ٹنل نوٹی ڈی

کے 11 فیصد حرف متروک کیا ہے جب کہ رکشہ اسٹینڈ، ذرا مت اور پیٹرول پمپ نئے شامل کیے گئے ہیں۔ فیصلہ کن مرحلہ 30 فروری 2026ء کو ہوگا۔ اس کے بعد ہی حتمی فہرست جاری کی جائے گی۔ ڈرائیونگ ٹیسٹ کے لیے 70 فیصد نمبر 30 فیصد تحریری ٹیسٹ کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔ ڈرائیونگ ٹیسٹ کے لیے 20 منٹ کا وقت مقرر کیا گیا ہے۔ ٹیسٹ کے دوران ڈرائیونگ لائسنس کے حامل ایک ممتحن کی موجودگی لازمی ہوگی۔ ٹیسٹ کے دوران ممتحن کی جانب سے 10 غلطیوں کی اجازت ہوگی۔ اس سے زیادہ غلطیوں پر امیدوار کو ناکام قرار دیا جائے گا۔ ٹیسٹ کے دوران امیدوار کو ہیلمٹ پہننا لازمی ہوگ

بلدیاتی الیکشن میں پارٹی کا میاب اور کوئٹہ کا میئر جیالا ہوگا، بلاول بھٹو

جیالے با ہمت ہیں انشا اللہ کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات میں پارٹی بھر پور کامیابی حاصل کرے گی، چیئر مین

ورکروں پر فخر ہے آپ جیسے ہمت والے سب ایک ہوکر پارٹی کو کامیاب کریں گے، چنگیز جمالی سے گفتگو

اوستہ محمد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے سابق وفاقی وزیر میر چنگیز خان جمالی نے ملاقات کی۔ انہوں نے کوئٹہ میں آئندہ بلدیاتی انتخابات اور صوبہ بلوچستان میں پارٹی کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اور کہا کہ جیالے با ہمت ہیں انشاء اللہ کوئٹہ میں آئندہ بلدیاتی انتخابات میں پارٹی بھرپور کامیابی حاصل کرے گی اس کے علاوہ بلوچستان کی صورت حال پر بھی کامیابی ہو رہی ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ انشا اللہ کوئٹہ کا میئر جیالا ہوگا۔ مجھے اپنے جیالوں پر اور ورکروں پر فخر ہے آپ جیسے ...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات سول ڈیفنس کی کارکردگی اور پیشرفت کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

جے یو آئی کے قائدین نے میر نصیر احمد مینگل کی عیادت کی

کوئٹہ / کراچی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری، صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، پارلیمانی سیکرٹری آغا عمر احمدزئی، عبدالمجید بادینی، بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، جمعیت علماء اسلام پاکستان کے رہنما مولانا محمد خان شیرانی، حافظ خلیل احمد سارنگزئی، سردار زادہ ظفر اللہ ساسولی سمیت قبائلی و سیاسی رہنماؤں نے سابق وزیر اعلیٰ میر نصیر احمد مینگل کی کراچی کے نجی ...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

حکومتی وسائل کے ذریعے ضمیر خریدنے والوں کا حساب ہوگا، جے یو آئی کوئٹہ

جے یو آئی بلدیاتی انتخابات میں کامیابی حاصل کرکے عوامی خدمت کو شعار بنائے گی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلس عاملہ کا ایک اہم اجلاس ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق کی زیر صدارت ضلعی سیکرٹریٹ اینگل روڈ کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے قائدین نے کہا کہ کوئٹہ شہر کو مخلص قیادت فراہم کرنے کے لیے کرپشن کرنے والوں کا راستہ روکنا ہوگا۔ ...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان ہائیکورٹ میں پیکا ایکٹ کے خلاف کیس کی سماعت

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان بار کونسل بلوچستان یونین آف جرنلسٹ انسانی حقوق کمیشن آف پاکستان بلوچستان چیپٹر کی جانب سے پیکا ایکٹ کے بلوچستان ہائیکورٹ میں پیکا ایکٹ کے خلاف بلوچستان ہائیکورٹ میں جسٹس شوکت علی رخشانی اور جسٹس گل حسن ترین کی عدالت میں پیکا ایکٹ کے خلاف دائر آئینی درخواستوں پر سماعت ایڈیشنل اٹارنی جنرل آف پاکستان فرید ڈوگر نے عدالت کو بتایا کہ پیکا ایکٹ کے خلاف وفاقی آئینی عدالت میں کیس چل رہا

قائمہ کمیٹی نے انسداد گداگری قانون کے مسودے کا جائزہ لیا

بل کو مزید بحث کیلئے صوبائی اسمبلی کے اگلے اجلاس میں پیش کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے سماجی بہبود کا اجلاس میر اسد اللہ بلوچ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی اراکین میر زابد علی ریکی، راحیلہ حمید خان درانی اور صفیہ بی بی نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری سماجی بہبود عصمت اللہ قریشی، اسپیشل سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمن اور ایڈیشنل سیکرٹری ...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

اوستہ محمد: منشیات فروش گرفتار، 1200 گرام چرس برآمد

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد پولیس کی کارروائی منشیات فروش گرفتار تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ اینٹی نارکوٹکس کمپین کے احکامات اور ڈی آئی جی نصیر آباد رینج و ایس پی اوستہ محمد غلام حسین باجوئی کے احکامات کی روشنی میں ڈی ایس پی محمد داؤد کھوسہ کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی اوستہ محمد انسپکٹر عبدالرؤف جمالی نے ملزم عبدالغفار ولد رسول بخش قوم جمالی ساکن اوستہ محمد جو منشیات فروشی میں ملوث پایا گیا ہے۔

16 دسمبر پاکستان کی تاریخ کا المناک دن ہے، میاں خان بگٹی

سقوط ڈھاکہ اور سانحہ اے پی ایس سے سبق سیکھنے کی ضرورت ہے، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری

محب وطن عوام دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لئے افواج پاکستان کا ساتھ دیں

سبی (آئی این پی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری پیٹرولیم انرجی و پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما ڈیرہ میاں خان بگٹی نے کہا ہے کہ 16 دسمبر پاکستانی قوم اور تاریخ کا المناک دن ہے۔ سقوط ڈھاکہ اور سانحہ اے پی ایس سے سبق سیکھنے کی ضرورت ہے۔ محب وطن عوام دہشت گردی کے ناسور کے خاتمہ کے لئے افواج پاکستان کے ساتھ تعاون کو یقینی بناتے ہوئے ملک قوم کی ترقی خوشحالی میں اپنا رول پلے کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے آرمی پبلک ...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ ڈیری فارموں کی شہر سے باہر منتقلی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی ناقص کارکردگی، قومی خزانے کو 2 ہزار 872 ارب روپے کا نقصان

مالی سال 24-2023ء میں بجلی کی تقسیم کے نقصانات 591 ارب روپے تک پہنچ گئے تھے، نیپرا کی رپورٹ

رواں مالی سال کے ابتدائی تین ماہ میں صرف بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کو 171 ارب روپے کا نقصان ہوا ہے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کی بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی ناقص کارکردگی اور کم وصولیوں کے سبب 11 سالوں میں پاور سیکٹر کو 2 ہزار 872 ارب روپے کا مالی نقصان ہوا ہے۔ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کے ذرائع کے مطابق یہ نقصان 2014 سے لے کر 30 ستمبر 2025 تک کے دوران ہوا، جس میں سب سے زیادہ نقصان مالی سال 24-2023 میں 591 ارب روپے کا ہوا۔ نیپرا کے اعداد و شمار کے مطابق اس عرصے میں بجلی کی کم وصولیوں کی مد میں 1640 ارب روپے کا نقصان اور بجلی کی ترسیل و تقسیم کی مد ...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی، صوبائی وزیر عاصم کرد گیلو، مولانا عبدالغفور حیدری، حافظ خلیل احمد، نجی ہسپتال میں میر شفیق الرحمن مینگل و دیگر سے بات چیت کر رہے ہیں

کوئٹہ شہر سے ڈیری فارمز کی منتقلی ناگزیر ہو چکی ہے، کمشنر

محکمے ڈیری فارمز ایسوسی ایشن باہمی اشتراک سے عمل کو یقینی بنائیں، منتقلی کیلئے مختص کردہ مقامات پر رکاوٹوں کو دور کیا جائے، شاہزیب خان کاکڑ

شہر بھر میں تقریباً 400 کے قریب ڈیری فارمز موجود جن کی وجہ سے صفائی اور ماحولیاتی مسائل جنم لے رہے ہیں، زیر صدارت اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت کوئٹہ شہر سے ڈیری فارمز کی منتقلی کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی، ایس ایس پی پولیس رحیم خان، ڈائریکٹر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پراجیکٹ ظہور احمد، ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ کیو ڈی اے محمد سلیم کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ (پولیٹیکل) کلیم اللہ، ڈیری فارمز ایسوسی ایشن کے نمائندگان اور کیو ڈی اے کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے کہا کہ کوئٹہ شہر سے ڈیر ...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

میر اسد بلوچ (صدر نشین) مجلس قائمہ برمحکمہ سماجی بہبود کے مسودہ قانون سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صوبائی حکومت سرمایہ کاروں کو تمام ممکنہ سہولیات فراہم کر رہی ہے، بلال کاکڑ

مجوزہ آئل ریفائنری منصوبہ بلوچستان میں توانائی کے شعبے میں اہم کردار ادا کرے گا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کی زیر صدارت حب میں مجوزہ آئل ریفائنری و توانائی منصوبے سے متعلق ایک اہم ورچوئل اجلاس منعقد ہوا، جس میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے سی ای او قائم لا شاری، جر...... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

خلفائے راشدین سے منسوب ایام کو عام تعطیل قرار دیا جائے، مولانا رمضان مینگل

سیدنا صدیق اکبرؓ یوم وفات کی ریلی کو بہتر سیکورٹی کی فراہمی پر انتظامیہ کے مشکور ہیں

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل بلوچستان کے امیر مولانا محمد رمضان مینگل نے سیدنا صدیق اکبرؓ کی وفات کے موقع پر نکالی جانے والی کامیاب ریلی میں جماعت کے ذمہ داروں، کارکنوں، بہی خواہوں، شہریوں اور سیکورٹی کے موثر انتظامات کو یقینی بنانے پر ضلعی ...... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان سمیت دنیا بھر میں مہاجرین کا عالمی دن 18 دسمبر کو منایا جائے گا

دن منانے کا مقصد تارکین وطن کی تکالیف اور مشکلات سے آگاہی فراہم کرنا ہے

جہانیاں (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں مہاجرین کا عالمی دن 18 دسمبر کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد تارکین وطن کی تکالیف اور مشکلات سے آگاہی فراہم کرنا ہے اس دن کے حوالے سے حقوق انسانی سمیت دیگر سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں مقررین جنگوں اور قدرتی آفات کے نتیجے میں اپنا وطن ...... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: نیشنل پارٹی ہزارہ ٹاؤن کے جلسہ سے سینیٹر جان بلیدی، اسلم بلوچ، ڈاکٹر رمضان ہزارہ و دیگر خطاب کر رہے ہیں

چیک پوسٹوں پر تذلیل و بھتہ خوری برداشت نہیں کرینگے، جماعت اسلامی

طاقتور طبقات مسائل کے ذمہ دار ہیں بلوچستان میں عوام کو حقوق میسر نہیں، مولانا ہدایت الرحمان

کرپشن کمیشن ہمارے بڑے مسائل ہیں "حق دو بلوچستان کو" تحریک جاری رہے گی، گوادر میں تقاریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ حکمرانوں کو بارڈر کی بندش، ساحل پر ٹرالرز مافیاز سے نجات، لاپتہ افراد کو بازیاب کرنا ہوگا چیک پوسٹوں پر تذلیل، بھتہ خوری برداشت نہیں کی جائیگی اسلام آباد کے طاقت ور طبقات اہل بلوچستان کے مسائل کے ذمہ دار ہیں عوام کو حقوق، روزگار، تجارت کاروبار کے جائز مواقع میسر نہیں کرپشن و کمیشن نااہل حکمرانی بھی ہمارے بڑے مسائل ہیں حق دو بلوچستان کو تحریک جاری رہے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر ...... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ شہر بدترین ماحولیاتی آلودگی کا شکار ہے، عبدالخالق ہزارہ

شہر میں نظم وضبط نہ ہونے کی وجہ سے ٹریفک کے مسائل بڑھ رہے ہیں، مرزا حسین ہزارہ

کوئٹہ (این این آئی) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے نامزد امیدواروں کی بڑے پیمانے پر چلتن ٹاؤن اور زرغون ٹاؤن میں حمایت کا سلسلہ جاری ہے مختلف یونین کونسلوں سے رہائشی جوق در جوق اپنی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے انتخابی دفاتر کے افتتاح اور کارنر میٹنگوں کا انعقاد کر رہی ہے جن سے پارٹی کے قائدین چیئرمین عبدالخالق ہزارہ، نائب چیئرمین ...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں اسلام کے عادلانہ نظام کا نفاذ ناگزیر ہو چکا ہے، مولانا عبدالقادر لونی

اسلام کا عادلانہ نظام مثالی اور عدل پر مبنی نظام ہے، مفتی شفیع الدین، نجم خان ایڈووکیٹ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، مولانا عبدالرؤف، مولانا محمود الحسن، مرکزی نائب امیر مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری نجم خان ایڈووکیٹ، مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، مرکزی جنرل سیکرٹری کا حل اسلام کی عادلانہ نظام کی نفاذ میں ہے، درپیش چیلنجز ...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

پی ڈی ایم اے کے تمام ریسکیو اسٹیشنز کو ہائی الرٹ رکھا جائے، ڈی جی

موسمی حالات کے پیش نظر ٹیموں اور وسائل کی مکمل تیاری کو یقینی بنایا جائے

تمام دستیاب وسائل کو فوری اور موثر رسپانس کیلئے ہمہ وقت تیار رکھا جائے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) بلوچستان کے ڈائریکٹر جنرل جناب جہانزیب خان گورنزئی نے شمالی اور وسطی بلوچستان کے پہاڑی علاقوں میں برفباری کی پیشنگوئی کے تناظر میں ضلع قلعہ سیف اللہ کے علاقے کان مہترزئی میں قائم پی ڈی ایم اے ایمرجنسی ریسپانس سینٹر (ERC) کا اچانک دورہ کیا ...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

سوشل میڈیا پر ملکی اداروں کیخلاف مذموم مہم برداشت نہیں، طلال چوہدری

سوشل میڈیا پر مذموم پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے، ایسے افراد کیخلاف سخت قانونی کارروائی ہوگی، وزیر مملکت داخلہ

ملکی خود مختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، دہشت گرد تنظیم کے ٹرینڈز نشر کرکے پیسے وصول کیے جاتے ہیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی سوشل میڈیا پر منظم طریقے سے ملکی اداروں کے خلاف مہم چلا رہی ہے۔ ملک کے خلاف ٹرینڈز کا حصہ بننے والوں کو قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کا کہنا تھا کہ دہشت گرد تنظیمیں سوشل میڈیا کا استعمال کر رہی ہیں، کچھ عناصر ملکی سلامتی کے درپے ہیں، حکومت آزادی اظہار رائے پر یقین رکھتی ہے، سوشل میڈیا پر ملکی اداروں کیخلاف مذموم مہم چلائی جاتی ہے، ملکی خود مختاری ...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

ترقیاتی منصوبے بروقت مکمل کیے جائیں، نوابزادہ امیر حمزہ زہری

میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے زیر انتظام جاری منصوبوں میں صوبائی حکومت تعاون کرے گی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی، نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے ہمراہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے زیر انتظام شہر کے مختلف علاقوں میں جاری اور مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا اور کام کے معیار اور رفتار کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران چیف میونسپل ...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

سلطان محمد گولڈن کی کامیابی ملک و قوم کیلئے باعث افتخار ہے، جمال شاہ کاکڑ

فرزندان قوم کی ایسی عالمی سطح کی کامیابیاں ملک کا مثبت تشخص اجاگر کرتی ہیں

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری اور رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے سلطان محمد گولڈن کو عالمی ریکارڈ قائم کرنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سلطان محمد گولڈن کی یہ شاندار کامیابی نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے لیے باعث فخر ہے۔ جمال شاہ کاکڑ نے ...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

ضلعی انتظامیہ کی ترجیح شفاف و پرامن انتخابات کا انعقاد ہے، ڈی سی کوئٹہ

بلدیاتی انتخابات کیلئے تمام محکمے باہمی تعاون اور ذمہ داری کیساتھ فرائض انجام دیں گے

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی کی زیر صدارت بلدیاتی الیکشن 2025ء کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر، میونسپل آفیسرز اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں 28 دسمبر کو ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے انتظامی امور، صفائی، روشنی، پانی اور دیگر بنیاد ...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

نواں کلی میں گیس لیکج کے باعث دھماکہ، پانچ افراد زخمی

میٹروپولیٹن فائر بریگیڈ نے موقع پر پہنچ کر آگ بجھائی، زخمی ہسپتال منتقل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے نواں کلی میں گیس لیکج کے باعث دھماکہ، پانچ افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق ایک دکان میں گیس لیکج کے باعث دھماکے کے نتیجے میں ایک بچی سمیت پانچ افراد زخمی ہو گئے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی میٹروپولیٹن فائر بریگیڈ نے موقع پر پہنچ کر بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پایا اور قریبی حمام اور دیگر کمرشل دکانوں کو محفوظ بنایا۔ جبکہ زخمیوں کو طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

نجی ہسپتال میں ہنگامہ، 4 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج

سمبڑیال (آن لائن) نجی ہسپتال میں ہنگامہ برپا کرنے اور عملہ کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے پر 4 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج۔ سیالکوٹ وزیر آباد روڈ پر قائم نجی میڈیکل ہسپتال میں معمولی رنجش پر ملزمان نے ہسپتال میں داخل ہو کر عملہ کو یرغمال بنا کر ہنگامہ برپا کر دیا

ملک مخالف بیانئے کا آغاز اڈیالہ جیل میں بیٹھے نام نہاد لیڈر سے ہوا، بلال اظہر

عالمی ریٹنگ ایجنسیوں کی جانب سے کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری بھی حکومت کی معاشی پالیسیوں پر اعتماد کا ثبوت ہے

فیض حمید کو سزا دے کر پاک فوج نے خود احتسابی کی روشن مثال قائم کی، آئین میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ عالمی ریٹنگ ایجنسیوں کی جانب سے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری حکومت کی معاشی پالیسیوں پر اعتماد کا ثبوت ہے، موجودہ حکومت نے مختصر ڈیڑھ سال کے عرصے میں معیشت کے استحکام کی بنیاد فراہم کر دی ہے، معیشت، سفارت کاری اور دفاع کے خلاف منفی بیانیے کا آغاز اڈیالہ جیل میں بیٹھے نام نہاد لیڈر سے ہوتا ہے، آئین میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے اور اگر کوئی جماعت مسلسل ریاست کے خلاف بیانیہ اختیار کرتی ہے تو نوبت آئینی ...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: سینئر سیاستدان نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی، صدر اے این پی اصغر خان اچکزئی سے ملاقات کر رہے ہیں

حافظ خلیل احمد سارنگزئی نے نواب ثناء اللہ زہری کے اعزاز میں عشائیہ دیا

کوئٹہ / کراچی (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما حافظ خلیل احمد سارنگزئی کی جانب سے پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری کے اعزاز میں گزشتہ شب پر تکلف عشائیہ دیا گیا۔ عشائیہ میں جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل اور رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری مسلم لیگ ن بلوچستان کے رکن صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو سردار زادہ ...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

گڈز ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال آٹھویں روز بھی جاری رہی

بھاری جرمانوں، ڈرائیوروں کی گرفتاریوں اور مبینہ تشدد کیخلاف احتجاج جاری

کوئٹہ (این این آئی) ملک بھر کی طرح بلوچستان میں بھی گڈز ٹرانسپورٹرز کی مکمل ہڑتال گزشتہ آٹھ روز سے جاری ہے بھاری جرمانوں، چالان، ڈرائیوروں کی گرفتاریوں اور مبینہ تشدد کے خلاف احتجاج کے باعث ترسیلی نظام مفلوج ہو چکا ہے گڈز اڈے اور کوئٹہ کراچی شاہراہ پر سینکڑوں ٹرک کھڑے ...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

ماہ رمضان سے قبل ایک بار پھر ذخیرہ اندوزی شدید تر ہوگئی، سینئر محمد عبدالقادر

چینی، آٹا، دالیں، گھی جیسی بنیادی اشیائے خوردونوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ رمضان المبارک سے قبل پاکستان میں ایک بار پھر ذخیرہ اندوزی اور مصنوعی قلت کا مسئلہ شدت اختیار کر گیا ہے چینی، آٹا، دالیں، گھی، سبزیاں اور پھل جیسی بنیادی اشیائے خوردونوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگی ہیں منڈیوں میں سپلائی کم اور گوداموں ...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

صحبت پور: ایک رات میں چوری کی تین وارداتیں

صحبت پور (نمائندہ مشرق) پولیس تھانہ پینو سنجری کی حدود میں چوری کی وارداتوں میں تشویشناک اضافہ ہوگیا ہے۔ ایک ہی رات کے دوران چوروں نے تین مختلف مقامات پر وارداتیں کر کے علاقے میں خوف و ہراس پھیلا دیا۔ تفصیلات کے مطابق گوٹھ حاجی محمد اقبال کھوسہ سے نامعلوم چور شہری دھنی بخش کا قیمتی بیل چوری کر کے فرار ہو گئے۔ دوسری واردات پنجی پور نو کالونی، گوٹھ میر حسن کھوسہ میں پیش آئی

تعلیم ہی ترقی اور خوشحالی کا واحد راستہ ہے، بخت محمد کاکڑ

تعلیم کے بغیر کسی قوم کا مستقبل محفوظ اور شاندار نہیں ہو سکتا، صوبائی وزیر صحت

ہم بحیثیت مسلمان اپنے بچوں کو علم کے زیور سے آراستہ کرنے کے پابند ہیں

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ تعلیم ہی ترقی اور خوشحالی کا واحد راستہ ہے اور تعلیم کے بغیر کسی قوم کا کوئی روشن مستقبل نہیں ہو سکتا ہم بحیثیت مسلمان اس بات کے پابند ہیں کہ اپنے بچوں کو علم کے زیور سے آراستہ کریں کیونکہ علم ہی انسان کو شعور، فہم اور آگہی عطا کرتا ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہمارے پیغمبر حضرت محمد ﷺ کو پہلا حکم ہی پڑھنے کا دیا گیا، جو اس بات کی واضح دلیل ہے کہ اسلام میں تعلیم کو بنیادی ...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی جناح ٹاؤن گرلز کالج کوئٹہ میں بی ایس بلاک کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

بلوچستان میں جو کچھ ہونے جا رہا ہے اسے روکنا ہوگا، نوابزادہ لشکری، اصغر اچکزئی

ایسی ترامیم کی جائیں جو خالصتاً بلوچستان کے مفاد اور آئین کے مطابق ہوں تاکہ ہم آئندہ نسلوں کے وقار و عزت کی حفاظت کر سکیں، سینئر سیاستدان

سیاسی جماعتوں سے رابطہ اور مشترکہ سفارشات کو حتمی شکل اور انہیں اسمبلی میں اراکین کے ذریعے پیش کریں گے، رہنما اے این پی

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی اور عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ میں بلوچستان کے ساتھ جو کچھ کیا گیا یا ہونے جا رہا ہے اس کو روکنے کیلئے ہر لحاظ سے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا یہ بات انہوں نے پیر کو اصغر خان اچکزئی کی رہائش گاہ پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی قبل ازیں دونوں رہنماؤں نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کے حوالے سے ملاقات بھی کی صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے نوابزادہ حاجی میر ...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور، ریجنل پریس کمیٹی اے پی این ایس کے اجلاس سے چیئرمین ہمایوں گلزار، وائس چیئرمین ممتاز علی بھٹو خطاب کر رہے ہیں جاوید مہر شمسی، ممتاز شاہ، منیر جیلانی و دیگر شریک ہیں

ملک میں آئین نہ ہی پارلیمان کی حیثیت برقرار ہے، مولانا شیرانی

ہم اور طاقتور آپس میں الجھیں گے تو اس طریقے سے آزاد نہیں بلکہ غلامی کی زنجیریں ہمارے اوپر مزید کسی جائیں گی، رہبر جمعیت

طاقتور مقبرے کا مجاور نہ بنے بلکہ زندہ انسانوں کی قیادت سنبھالے، جامع مسجد عثمان بن عفان کراچی میں تربیتی اجتماع سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) رہبر جمعیت مولانا محمد خان شیرانی نے کہا ہے کہ ملک میں جاری موجودہ صورتحال میں آئین، پارلیمان کی حیثیت برقرار نہ ہی عدلیہ کا وقار محفوظ رہا ہے اور نہ ہی سیاستدانوں کی کوئی عزت باقی رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جے یو آئی پاکستان سندھ کے زیر اہتمام جامع مسجد عثمان بن عفان سرجانی ٹاؤن کراچی میں منعقدہ تربیتی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا تربیتی اجتماع سے جے یو آئی پاکستان کے مرکزی رابطہ کمیٹی کے اراکین مولانا گل نصیب خان، مولانا شجاع الملک، حافظ احمد علی، سید حاجی قاسم شاہ، ڈاکٹر ا...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

آئین پاکستان اور وطن عزیز مشکل حالات سے دوچار ہیں، حافظ حمد اللہ

سیاسی جماعتوں نے خوف اور ذاتی مفاد کی وجہ سے خاموشی اختیار کر رکھی ہے

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ آئین پاکستان اور وطن عزیز اس وقت انتہائی مشکل حالات سے گزر رہے ہیں۔ سیاسی جماعتوں نے خوف اور ذاتی مفاد کی وجہ سے خاموشی اختیار کر رکھی ہے۔ آئین پاکستان اور نظریہ پاکستان کی حفاظت جمعیت علمائے کرام اور دینی مدارس نے کی۔ بلوچستان کے ضلع لورالائی میں مدرسہ تعلیم القرآن کے سالانہ دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا کہ حکمران جماعت دینی مدارس کے خلاف ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے، حاجی نور محمد دمڑ

زیارت، ہرنائی اور سنجاوی کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے اقدامات کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ سے زیارت، ہرنائی اور سنجاوی سے آئے ہوئے مختلف علاقوں کے معززین اور عوامی نمائندوں نے ملاقات کی اس موقع پر پرسنل سیکرٹری موسیٰ کاکڑ اور اسٹاف آفیسر کمال اختر بھی موجود تھے ملاقات کے دوران وفود نے اپنے اپنے علاقوں کو درپیش بنیادی مسائل، عوامی مشکلات اور ترقیاتی امور سے صوبائی وزیر کو تفصیلاً آگاہ کیا اس موقع پر صوبائی وزیر خوراک حاجی نور ...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی، جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما مولانا حافظ حمد اللہ، مولوی رمضان ہاشمی مدرسہ تعلیم القرآن کے سالانہ دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی کی قیادت اعلیٰ سیاسی و انسانی اقدار کی علمبردار ہے، میر ظہور بلیدی

بے بنیاد اور گمراہ کن پروپیگنڈا سیاسی کارکن کو زیب نہیں دیتا، صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور بلیدی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت اعلیٰ سیاسی اور انسانی اقدار کی حامل ہے اور اپنے کارکنوں سمیت ہر فرد کے ساتھ خلوص اور ملنساری سے پیش آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس نوعیت کے بے بنیاد اور گمراہ کن پروپیگنڈا پھیلانا کسی بھی سیاسی کارکن کو زیب نہیں دیتا، بالخصوص ایسے فرد کے لیے جس نے اپنے سیاسی کیریئر کا ایک طویل عرصہ پاکستان پیپلز پارٹی میں گزارا ہو۔

پنجگور: ٹریفک حادثے میں ایک شخص جاں بحق

پنجگور (یو این اے) پنجگور کے علاقے گرمکان ایکسچینج کے قریب مین شاہراہ پر ایک گاڑی حادثے کا شکار ہوگئی، جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار غریب آباد چتکان کا رہائشی ہریرہ ولد بابو اللہ داد موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔

حکومت پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے سنجیدہ ہے، عبدالمجید بادینی

والدین اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو ہر حال میں پولیو کے قطرے پلوائیں

جعفرآباد (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن انجینئر عبدالمجید بادینی نے ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈیرہ اللہ یار میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر سات روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا۔ افتتاحی تقریب کے موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر جعفرآباد ڈاکٹر عبدالمنان لانگ، ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر پی پی ایچ آئی جعفرآباد فیصل اقبال کھوسہ سمیت دیگر متعلقہ ضلعی افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری انجینئر عبدالمجید بادینی نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ ...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

میاں نواز شریف کی 76ویں سالگرہ 25 دسمبر کو منائی جائے گی

جڑانوالہ (آن لائن) سابق وزیر اعظم پاکستان اور مسلم لیگ ن کے قائد میاں نواز شریف کی 76ویں سالگرہ 25 دسمبر کو منائی جائے گی اس روز مسلم لیگ ن کے زیر اہتمام جڑانوالہ سمیت ملک بھر میں تقریبات منعقد ہوں گی جس میں سالگرہ کے کیک کاٹے جائیں گے اور میاں محمد نواز شریف کی صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے دعائیں مانگی جائیں گی

ڈپٹی کمشنر کوہلو کا اعلامیہ

کوہلو (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوہلو کی ایک اطلاع کے مطابق: کوہلو میں زیر زمین پانی کے بے دریغ استعمال، ٹیوب ویلز اور واٹر بورنگ کے غیر قانونی قیام کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر کوہلو نے عوامی نوٹس جاری کر دیا۔ نوٹس کے مطابق واٹر اینڈ پاور آرڈیننس 1978 کے تحت بغیر اجازت (NOC) ڈسٹرکٹ واٹر کمیٹی سے منظوری کے بغیر کسی بھی قسم کا ٹیوب ویل یا واٹر بورنگ غیر قانونی قرار دیا گیا ہے۔

مسائل تب حل ہونگے جب انتخابات میں حقیقی نمائندے کامیاب ہونگے، پشتونخوا میپ

مسائل کے حل کیلئے بلدیاتی اداروں کو فعال کیا جائے، پارٹی کی کاوشوں سے بلدیاتی انتخابات کا اعلان ہوا، سید شراف آغا

عوام 28 دسمبر کے انتخابات میں پارٹی و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے نامزد امیدواروں کی کامیابی کیلئے ووٹ کا استعمال کریں، رہنما پشتونخوامیپ

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا نے کہا ہے کہ تعلیم، صحت، روزگار، پینے کے صاف پانی اور کوئٹہ کے شہری محروم ہیں، بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی نے ہر علاقے میں عوام کو اذیت سے دوچار کر رکھا ہے میٹروپولیٹن کارپوریشن ادارہ ہے جہاں عوام کے منتخب بلدیاتی نمائندوں کے ذریعے چلایا جا سکتا ہے، نچلی سطح پر عوام کے مسائل تب ختم ہوں گے جب وارڈ، یونین کونسل کی سطح پر عوام کے حقیقی نمائندے کامیاب ہوں گے، پشتونخوامیپ نے ہر علاقائی یونٹ میں عوام کے حقیقی امیدواروں کا انتخاب ...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

اخبارات کے کلیئرنس کا سابقہ نظام بحال کیا جائے، اے پی این ایس

کلائنٹ سے ڈائریکٹ ادائیگی میں بہت تاخیر کا سامنا ہے، جس سے بحران پیدا ہوتا ہے

پی آئی ڈی کے ریجنل دفاتر کراچی، حیدرآباد، کوئٹہ، لاہور اور پشاور کو بھی بااختیار بنایا جائے

کراچی (پ ر) شرکاء اجلاس نے مطالبہ کیا کہ کلیئرنس کا سابقہ نظام بحال کیا جائے۔ کیونکہ کلائنٹ سے ڈائریکٹ ادائیگی میں بہت تاخیر کا سامنا ہے جس کے نتیجے میں پرنٹ میڈیا کے ادارے بالخصوص ریجنل اخبارات موجودہ ادائیگی کے غیر یقینی طریقہ کار کی وجہ سے شدید مالی بحران کا سامنا کر رہے ہیں۔ وفاق کے متعدد اداروں کی طرف سے اخبارات کے طویل عرصہ سے بل واجب الادا ہیں۔ اشتہارات کی سنٹرلائزیشن پالیسی ختم ...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

شورکوٹ چھاؤنی، موٹروے پولیس کا روڈ سیفٹی آگاہی سیمینار کا انعقاد

سفر کے قواعد وضوابط، سڑکوں کی مارکنگ اور ٹریفک اشاروں کی اہمیت پر زور

شورکوٹ چھاؤنی (آن لائن) موٹروے پولیس کی جانب سے سینٹر کمانڈ کی ہدایت پر سلیم حبیب ایجوکیشن کمپلیکس میں روڈ سیفٹی آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس، ایم ٹی۔ II زون، ایم 4 سیکٹر 1 ...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت کوئٹہ کی مجلس عاملہ کے اجلاس کی صدارت امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق کر رہے ہیں

مانیٹرنگ آفیسر کی رپورٹ پر بلدیاتی امیدوار کے خلاف کارروائی

امیدوار نے انتخابی مہم کے دوران ترقیاتی منصوبے رگ بورنگ منصوبے کا آغاز کیا تھا

کوئٹہ (آن لائن) مانیٹرنگ آفیسر کی رپورٹ پر بلدیاتی امیدوار کے خلاف کارروائی ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر نے جمعیت علماء اسلام کے بلدیاتی امیدوار عبدالقدوس کو ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر نوٹس جاری کر دیا امیدوار وارڈ نمبر 3، یونین کونسل 40، چلتن ٹا ...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کرائم برانچ کی کارروائی چھ ماہ قبل سرانان سے اغواء 2 بھائی بازیاب

چھاپے کے دوران کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی، گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں، پولیس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کرائم برانچ پولیس نے چھ ماہ قبل سرانان سے اغواء ہونے والے دو بھائیوں کو بازیاب کرا لیا پولیس ذرائع کے مطابق پنجپائی روڈ کوئٹہ کے رہائشی حاجی قیات خان ولد دارا شاہ نے سرانان لیویز تھانے میں رپورٹ درج کرائی تھی کہ میرے دو بیٹے عدنان خان اور عرفان خان کام کے سلسلے میں سرانان گئے تھے جنہیں ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

بلدیاتی انتخابات کے فوراً بعد نتائج کا اعلان کیا جائے، پشتونخوا نیپ

پولنگ اسٹیشنز پر پرائیویٹ اشخاص کی بطور پولنگ اسٹاف تعیناتی کسی بھی صورت قبول نہیں، نصر اللہ خان زیرے، نداسنگر

نتائج کا بروقت اعلان نہ کرنے پر الیکشن کمیشن، ڈی آر او اور آر اوز کیخلاف احتجاج کا آئینی و جمہوری حق محفوظ رکھتے ہیں، رحمت اللہ صابر

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز ندا سنگر اور رحمت اللہ صابر نے منعقدہ عوامی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان قانوناً اس بات کا پابند ہے کہ 28 دسمبر کو پولنگ کے اختتام کے فوراً بعد تمام پولنگ اسٹیشنز کے انتخابی نتائج کا اعلان کرے انتخابی قوانین اس بات کی ہرگز اجازت نہیں دیتے کہ نتائج کو بلاوجہ موخر کیا جائے یا پولنگ کے دو دن بعد جاری کیا جائے انہوں نے واضح ...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر